دشمنان علی مردہ باد   یا علی مدد   شیدایان علی زندہ باد

قول فیصل [illegible]

جواز نکاح متعہ

اور

صحابہ کرام

منکرین جواز متعہ بہت کچھ لکھتے ہیں مگر اس رسالہ میں لئے گئے جواز متعہ کے کسی ثبوت کی صحت سے انکار نہیں کر سکتے اور نہ ہی اس کو کسی عدالت میں چیلنج کر سکتے ہیں۔

ہمارے شعبہ تبلیغ کی

۱۹ انیسویں پیش کش

از قلم: [illegible] مقرب علی شاہ مردان
[illegible] غلام حسین نجفی [illegible] نجف اشرف

فہرست مطالب

۱. متعہ کے حلال ہونے کی پہلی دلیل
دلیل قرآن پاک ہے ۲۳
۲. ۷ اسدو سنی علماء کی گواہی کہ آیت فما
استمتعتم جواز متعہ میں ہے۔ ۲۵
۳. وکلاء صحابہ کا اپنا فیصلہ کہ
ابتدائے اسلام میں متعہ جائز تھا ۲۸
۴. وکلاء صحابہ کا اپنا اقرار کہ
متعہ بھی نکاح ہے ۲۹
۵. وکلاء صحابہ کا اپنا فیصلہ کہ آیت
متعہ منسوخ نہیں ہے ۳۰
۶. آیت متعہ میں صحابہ نے الی اجل کی
پڑھ کر حلیت متعہ کو ثابت کیا ۳۱
۷. عبداللہؓ بن مسعود کی الی اجل مسمی
کے بارے گواہی۔ ۳۲
۸. ابی بن کعب کی الی اجل مسمی
کے بارے گواہی۔ ۳۳
۹. سنی علماء کا خدا سے مقابلہ اور
آیت متعہ کے بارے بہانات ۳۴
بہانات کے اقوال اور ان کے جواب

۱۰ ابن عباس نے آیت متعہ میں الی
اجل مسمی پڑھ کر جواز متعہ کا اعلان
فرمایا ہے۔ ۳۷
۱۱ ابن عباس کی اجل والی روایت کی
حاکم نے تصحیح کردی ہے ۳۸
۱۲ بقول ابن عباس دوسرے صحابہ
بھی اجل مسمی پڑھتے تھے۔ ۳۸
۱۳ حاکم سنیوں میں چوتھی صدی کا
مجدد ہے۔ ۳۹
۱۴ حاکم کی تفسیر اصح التفاسیر ہے ۴۰
۱۵ امام حاکم پکا اہلسنت ہے۔ ۴۱
۱۶ قرأت شاذہ پر امام اعظم کے نزدیک
عمل کرنا جائز ہے۔ ۴۲
۱۷ آیت متعہ کے منسوخ ہونے کا
جھوٹا دعویٰ اور اس کے
دندان شکن جوابات ۴۴
۱۸ متعہ کے سات مرتبہ حلال اور
حرام ہونے کا دعویٰ ۴۶
۱۹ دعویٰ نسخ کو صحابہ نے جھٹلایا ہے ۴۷

اور اصحاب بقول اہل سنت کے ہدایت کے ستارے ہیں
۲۰۔ رازی کا اصحاب کے لئے قیاس واہ علو سفید جھوٹ ہے ۴۹
۲۱۔ متعہ کے بارے عمر کو حضرت علیؑ کا اور جابر کا جھٹلانا ۴۹
۲۲۔ سنی علما کا اقرار کہ متعہ نسخ نہیں ہوا بلکہ عمر نے منع کیا ہے۔ ۵۰
۲۳۔ صحابہ کی گواہی کہ متعہ منسوخ نہیں ہوا بلکہ عمر نے منع کیا ہے ۵۱
۲۴۔ متعہ کے حلال ہونے کی دوسری دلیل کہ حضرت ابو بکر کی بیٹی اسماء نے متعہ کیا ہے اور سنی کتب سے ۱۳ عدد ثبوت ۵۲
۲۵۔ مسند ابو داؤد کی روایت کے تمام راوی معتبر ہیں۔ ۵۳
۲۶۔ خدمت اسلام کی خاطر ابو بکر کا گھر متعہ کا بہت بڑا مرکز تھا ۵۴
۲۷۔ ابن عباس صحابی کی گواہی کہ حضرت اسلام کی خاطر پہلی انگیٹھی ابن زبیر کی ماں نے روشن کروائی ہے ۵۵
۲۸ سنی عالم کی گواہی کہ پہلی انگیٹھی متعہ میں آل زبیر نے گرم کروائی ۵۶
۲۹ بنت ابی بکر کی اپنے بیٹے کو نصیحت کہ مسئلہ متعہ میں ابن عباس سے جھگڑا نہ کرنا ۵۸
۳۰ کو سہ کی دو چادریں اور خلیفہ راوی کو متعہ کا حمل ہونا ۵۹
۳۱ حضرت عائشہ متعہ کو حلال جانتی تھی اپنی بہن کی طرح ۶۰
۳۲ شیعہ سنی علما کا مسئلہ متعہ میں اشعار میں مقابلہ ۶۱
۳۳ رافضی کا تماشا اور حقیقت معارضہ زندہ باد زندہ باد ۶۲
۳۴ کتب سیاہ صحابہ میں زنا کی فضیلت اور تین عدد کتب سے ثبوت ۶۳
۳۵ متعہ کے حلال ہونے کی تیسری دلیل عمر کا یہ اعلان ہے کہ زمانہ رسالت میں دو متعہ حلال تھے اور بارہ عدد کتب اہل سنت سے ثبوت ۶۶
۳۶ بقول رازی عمر کا اقرار کہ متعہ زمانہ رسالت میں حلال تھا ۶۸

اور میں حرام کرتا ہوں ۶۸
۳۷۔ عمر کا اعلان کہ زمانہ رسالت میں تین چیزیں متعہ سمیت حلال تھیں ۶۹
۳۸۔ عمر کی صفائی میں ان کے وکلاء کے بہانات بہانات کے عذر اور بہانے میزان سچائی پر تلے ہوئے جوابات ۷۰
۳۹۔ امام احمد کی حیثیت متعہ کے بارے گواہی ملاحظہ ہو۔ ۷۲
۴۰۔ قاضی عیاض کا فیصلہ کہ متعہ سے نبیؐ نے نہیں بلکہ عمر نے روکا ہے ۷۳
۴۱۔ اظہار نہی والے عذر کو حضرت عمر نے خود بھی جھٹلایا ہے۔ ۷۴
۴۲۔ اظہار نہی والے عذر کو خود وکلاء اصحاب نے بھی جھٹلایا ہے ۷۵
۴۳۔ متعہ حرام کرنے سے عمر کی صحابہ نے کھل کر مخالفت کی ہے ۷۸
۴۴۔ وکیل عمر کا فیصلہ کہ اجماع سکوتی کی مخالفت جائز ہے ۷۹
۴۵۔ وکلاء صحابہ کا فیصلہ کہ ظالم کے خوف سے انبیاء نے اظہار کفر جائز ہے ۸۰
۴۶ تفسیر کبیر امام رازی سے انبیاء کے لیے مقام تقیہ میں اظہار کفر کے جواز کا ثبوت ملاحظہ ہو۔ ۸۱
۴۷ سنی امام سیوطی کی گواہی کہ انبیاؑ بوقت مجبوری غیر اللہ کے سامنے سجدہ کرنا جائز ہے۔ ۸۲
۴۸ مسئلہ متعہ میں ان کی مخالفت کرنے والے کو عمر نے قتل کی دھمکی دی ۸۵
۴۹ سکوت صحابہ کے مورچہ کو خود سنی علماء نے برباد کر دیا ہے۔ ۸۹
۵۰ متعہ میں عمر کی ابن عباس اور عمران نے مخالفت کی ہے ۹۰
۵۱ متعہ میں عمر کی جابر اور بنت ابی بکر نے اور تمام مسلمانوں نے مخالفت کی ۹۲
۵۲ متعہ کے بارے عمر کا ایک مسلمان سے مناظرہ میں ہار جانا۔ ۹۳
۵۳ متعہ کے بارے عمر کی حضرت امیر المومنین علی بن ابی طالب نے مخالفت فرمائی ہے ۹۵
۵۴ عمر کے متعہ کے حرام کرنے والے مسئلہ پر نظر ثانی اور عدم تکفیر صحابہ پر بحث مفصل۔ ۹۹

۵۵. خاموشی متعہ کی خوف کی وجہ سے بھی ہو سکتی ہے۔ ۱۰۰
۵۶. سنی علماء کا فیصلہ کہ ہر بات کو ظاہر نہیں کیا جا سکتا۔ ۱۰۱
۵۷. سنی علماء کا اپنا فیصلہ کہ سکوت صرف نبی کریمؐ کا حجت ہے ۱۰۲
۵۸. سنی علماء کا دوسرا فیصلہ کہ خاموشی صرف کنواری کی اور نبی کریمؐ کی حجت ہے ۱۰۳
۵۹. متعہ کے حلال ہونے کی چوتھی دلیل صحابہ کی گواہی کہ متعہ سے عمرؓ نے ہی سب سے پہلے منع کیا ہے ۱۰۵
۶۰. متعہ کے حلال ہونے کی پانچویں دلیل صحابی رسولؐ عبداللہ بن عباس بھی بنت ابی بکر کی طرح متعہ کو حلال جانتا تھا۔ ۱۰۷
۶۱. بارہ عدد سنی کتب کا ثبوت ملاحظہ ہو۔
۶۲. ابن عباس کے متعہ کو حلال کہنے کی شعراء نے خوب تعریف کی ہے ۱۰۹
۶۳. منکرین متعہ پر پتھر برسنے کا ڈر ۱۱۰
۶۴ ابن عباس کا اولاد زبیر کو متعہ کا بیٹا کہ مسئلہ متعہ ماں سے پوچھو ۱۱۱
۶۵ ابن عباس کا فیصلہ کہ عمرؓ نے متعہ حرام کر کے لوگوں کو زنا کا محتاج کر دیا ہے ۱۱۲
۶۶ ابن عباس کا فیصلہ کہ متعہ رحمت خداوندی ہے اور عمرؓ نے اس کو روکا ہے ۱۱۳
۶۷ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی گواہی کہ ابن عباس متعہ کو حلال جانتا تھا ۱۱۴
۶۸ اہل مکہ متعہ کو حلال جانتے تھے ۱۱۵
۶۹ ابن عباس کے متعہ کو حلال جاننے کی بابت وکلاء صحابہ کے لنگڑے عذر اور ان کے جوابات۔ ۱۱۶
۷۰ ابن عباس نے متعہ کے حلال ہونے کے فتویٰ سے مرتے دم تک رجوع نہیں کیا ۱۱۸
۷۱ متعہ کے حلال ہونے کی چھٹی دلیل صحابی رسول عمران بن حصین بھی اسماء بنت ابی بکر کی مانند متعہ کو حلال جانتا تھا اور دس عدد کتب ثبوت ملاحظہ ہو ۱۱۹
۷۲ احمد ثعلبی کی توثیق رب تعالےٰ نے امام قشیری کے سامنے فرمائی ہے ۱۲۲

۷۳. متعہ کے حلال ہونے کی ساتویں دلیل۔ صحابی رسولؐ جابرؓ بھی بنت ابی بکر کی مانند متعہ کو حلال جانتے تھے اور ۹ عدد کتب اہلسنت سے ثبوت ۱۲۳
۷۴. روایت مسلم پر ابن قیم کی مفصل بحث جو کہ نہایت ہی جواز متعہ میں مفید ہے۔ ۱۲۶
۷۵. جابر کی جواز متعہ والی روایت کے بارے سنی علماء کے بھانت بھانت کے عذر اور ان کے دندان شکن جوابات ۱۳۰
۷۶. صحیح مسلم کی وہ روایات جن سے حرمت متعہ ظاہر ہوتی ہے اور خود سنی علماء کا ان کے روایات کے جھوٹے ہونے کا اقرار ۱۳۳
۷۷. قول صحابی کہ ہم نے نبی کریمؐ کے زمانہ میں یہ کام کیا ہے۔ سنی علماء کے نزدیک یہ قول حدیث مرفوع کا حکم رکھتا ہے ۱۳۵
۷۸. صحابی کے پیچھے حکم منسوخ کی زمانہ شیخین میں بقا کی تجویز [illegible] ۱۳۶
۷۹ متعہ کے حلال ہونے کی آٹھویں دلیل عبداللہ بن مسعودؓ بھی بنت ابی بکر کی مانند متعہ کو حلال جانتے تھے ۱۳۷
۸۰ صحیح مسلم و بخاری سمیت آٹھ عدد کتب اہلسنت سے ثبوت
۸۱ متعہ کے حلال ہونے کی نویں دلیل صحابی رسولؐ ابوسعید خدری بھی اسماء کی طرح متعہ کو حلال جانتا تھا ۱۳۹
۸۲ متعہ کے حلال ہونے کی دسویں دلیل کہ معاویہ بھی اسماء کی طرح نبیؐ کے بعد متعہ کو حلال جانتا تھا ۱۴۰
۸۳ معاویہ اپنی ممتوعہ معاذ کو بیت المال سے وظیفہ بھی دیتا تھا ۱۴۲
۸۴ متعہ کے حلال ہونے کی گیارہویں دلیل حضرت علیؑ بھی متعہ کو حلال جانتے تھے ۸ عدد کتب اہلسنت سے ثبوت ۱۴۳
۸۵ حلیت متعہ کی بارہویں دلیل ابن عباس کے اصحاب بھی متعہ کو حلال جانتے تھے ۸ عدد سنی کتب سے ثبوت ۱۴۵
۸۶ مجوزین متعہ۔ ابن جبیر، طاؤس اور عطاء کے فضائل ملاحظہ ۱۴۷

۸۷. متعہ کے حلال ہونے کی تیرہویں
دلیل امام اہلسنت ابن جریج نے
ستر عورت سے خود متعہ فرما کر ساری
عمر کو ثواب پہنچایا ہے ۱۴۸
۸۸. متعہ کے حلال ہونے کی ۱۴ ویں دلیل
سعید بن جبیر نے مکہ میں خود
متعہ فرمایا تھا ۱۴۹
۸۹. متعہ کے حلال ہونے کی ۱۵ ویں دلیل
اہل مکہ متعہ کو حلال جانتے تھے
۵ عدد ثبوت ۔ ۱۵۱
۹۰. سنی علماء کا فیصلہ کہ اگر ایک مفتی
شئی کو حلال کہتا ہے اور دوسرا حرام
تو دونوں حق پر ہیں ۔ ۱۵۲
۹۱. مسئلہ متعہ میں فتاوی کا اختلاف
امت کے لئے رحمت ہے ۱۵۵
۹۲. متعہ کی حلیت کی ۱۶ ویں دلیل
مسلم شریف سے امام اکرم سے
متعہ کیا ۵ عدد ثبوت ہے ۱۵۷
۹۳. متعہ کے حلال ہونے کی ۱۷ ویں دلیل
فقہاء مدینہ متعہ کو حلال جانتے
تھے ۱۵۸

۹۴ حلیت متعہ کی ۱۸ ویں دلیل
امام مالک نے بھی حلیت متعہ کا فتوی
دیا ہے ۲۵ عدد ثبوت ۱۵۹
۹۵ متعہ کے حلت کی ۱۹ ویں
دلیل کہ کئی عدد سنی علماء متعہ کو حلال جانتے تھے ۱۶۱
۹۶ حلیت کی ۲۰ ویں دلیل کہ احمد بن حنبل
متعہ کو حلال جانتا تھا ۔ ۱۶۶
۹۷ ۲۱ ویں دلیل حلیت متعہ کی کہ ابن
عمر متعہ کو حلال جانتا تھا ۔ ۱۶۷
۹۸

متعہ کو حرام کہنے والوں کے دلائل

۹۹ دلیل اول متعہ میں بہت برائیاں
ہیں اور اس کا جواب ۱۶۸
۱۰۰ دلیل دوم متعہ مثل زنا ہے
اور اس کے دندان شکن جواب ۱۷۱
۱۰۱ مولوی محمد علی جالندھری کے متعہ اور
زنا میں مماثلت کے چند دعوے
۱ زنا اور متعہ میں اجرت پیشگی
اور اس کا دندان شکن جواب ۱۷۲
۱۰۲ دعوی ۲ اور اس کا جواب ۱۷۳

۱۰۳. دعوی ۳ کہ زنا اور متعہ میں تعیین
وقت ضروری ہے اور اس کا ثبوت
ہے جواب ملاحظہ ہو ۱۷۷
۱۰۴. دعوی ۴ کہ زنا اور متعہ میں تنہائی
ضروری ہے اور اس کا جواب ۱۷۸
۱۰۵. دعوی ۵ زنا اور متعہ میں عورتوں
کی تعداد معین نہیں اور اس
کا جواب ملاحظہ ۱۷۹
۱۰۶. دعوی ۶ کہ زانیہ اور متعہ دونوں
بے حجاب ہوتی ہیں اور اس کا
دندان شکن جواب ۱۷۹
۱۰۷. دعوی ۷ کہ زنا اور متعہ دونوں میں طلاق
نہیں ہے اور اس کا جواب ۱۸۰
۱۰۸. زنا اور متعہ دونوں میں وراثت نہیں
ہے اور اس کا دندان شکن جواب ۱۸۲
۱۰۸. دعوی ۹ کہ زنا اور متعہ میں خرچہ
مرد کے ذمہ نہیں ہوتا اور اس کا جواب ۱۸۳
۱۰۹. شیخ احمد دیسی کے تحریم متعہ کے
بارے خرافات اور ان کا جواب
خرافہ اول کہ متعہ میں مثل زنا عدت
نہیں ہے اور اس کا جواب ۱۸۴

۱۱۰ خرافہ ۲ نکاح میں چار سے زیادہ عورتیں
جمع نہیں ہو سکتیں اور اس کا جواب ۱۸۵
۱۱۱ متعہ اور زانیہ کو میراث نہیں
ملتی اور اس کا جواب ۱۸۶
۱۱۲ نکاح متعہ میں عورت اپنے شوہر
کی طرف منسوب نہیں ہوتی اور اس
کا دندان شکن جواب ۱۸۶
۱۱۳ کوئی شریف یہ نہیں کہتا کہ میں ولد
متعہ ہوں ۔ اور اس کا جواب
۱۱۴ حسن صہروردی کے خرافات اور
ان کے جوابات ۱۸۸
۱۱۵ خرافہ ۱ متعہ کی غرض محض
قضاء شہوت ہے ۳ اور ان کے
دندان شکن جوابات ۔ ۱۸۹
۱۱۶ خرافہ ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷ اور ان کے جواب ۱۹۰
۱۱۷ حرمت متعہ کی تیسری دلیل کہ متعہ
عورت نہ بیوی نہ جاریہ ہے ۱۹۲
۱۱۸ جواب ، متعہ زوجہ ہے اور متعہ
نکاح اور ثبوت سنی کتب سے ۱۹۳
۱۱۹ سنی محدثین نے بھی متعہ کو
زوجہ تسلیم کیا ہے ۱۹۴

۱۲۰. اعتراض قرآن میں زوجہ کا اطلاق
اس عورت پر ہوا ہے جس کا نکاح
دائمی ہو، اور اس کا جواب
۱۲۱. من تبع بعیتہ کا جواب ۱۹۷
۱۲۲. مولوی محمد علی کی ایک شرلی،
اور اس کا دندان شکن جواب ۱۹۸
۱۲۳. اعتراض ازواج صرف ۴ میں
منحصر ہیں۔ اس کا دندان شکن
جواب کہ ازواج نہیں ۹ سکیں ۱۹۹
۱۲۴. حرمت متعہ کی چوتھی دلیل کہ
ممتوعہ کے لئے لوازم زوجیت
ثابت نہیں ہیں اور اس کا جواب ۲۰۲
۱۲۵. زوجیت عوض مفارق ہے
اسی طرح میراث زوجہ عوض
مفارق ہے مفصل بحث ۲۰۴
۱۲۶. اعتراض ممتوعہ پہ عدت
طلاق ظہار ایلا۔ لعان نہیں ہے
اور اس کا مفصل جواب ۲۰۷
۱۲۷. اعتقادات ابن بابویہ کی
عبارت اسباب حل ۴ ہیں اس پر
اعتراض اور اس کا جواب مفصل ۲۰۹

۱۲۸ حرمت متعہ کی پانچویں دلیل متعہ
میں احصان نہیں ہے اور اس کا جواب ۲۱۱
۱۲۹ احصان کئی معنوں میں مشترک ہے ۲۱۳
۱۳۰ سنی علماء کا فیصلہ کہ آیت متعہ میں
احصان کا معنی ہے پاکدامنی ۲۱۵
۱۳۱ حرمت متعہ کی چھٹی دلیل کہ نکاح اور
ملک یمین کی اجازت کے ساتھ
قرآن میں متعہ کی اجازت نہیں تھی ۲۱۶
۱۳۲ اگر بالکل حرام ہے متعہ تو مسلم اور
بخاری نے حلیت متعہ کی حدیث کیوں لکھی ہے ۲۱۷
۱۳۳ ۱۲ عدد مفسرین کی گواہی کہ متعہ ابتداء
اسلام میں حلال تھا۔ ۲۱۸
۱۳۴ سنی علماء کا مجبوراً کہ حرمت متعہ
قرآن میں ہے اور اس کا جواب ۲۲۱
۱۳۵ جو حرمت متعہ قرآن سے دکھائے
دس ہزار انعام وصول پائے ۲۲۲
۱۳۶ مسئلہ متعہ میں سنیوں کی توپ کا
ساتواں گولہ کہ متعہ روز خیبر حرام ہوا
ہے اور اس کا مفصل دندان شکن جواب ۲۲۳
۱۳۷ اس کے ۴ جواب اور حضرت علیؑ کا
عمر کی بہن عفراء سے متعہ کرنا۔ ۲۲۶

۱۳۸. صاحب تحفہ نے روز خیبر حرمت
متعہ والی روایت کو اپنی کتاب
سے پیش کیا ہے اور اس کا دندان
مفصل جواب ملاحظہ ہو ۲۲۹
۱۳۹. چھٹا جواب کہ سنی علماء کا اپنا
اقرار کہ روز خیبر متعہ کا حرام
ہونا غلط ہے۔ ۲۳۰
۱۴۰. سنیوں کی توپ کا آٹھواں
گولہ کہ امام نے ابن عمیر کے سوال کے
بعد منہ پھیر لیا ۲۳۲
۱۴۱. اس کے تفصیل سے ۳ عدد
جوابات ملاحظہ۔
۱۴۲. مخالف کی توپ کا نواں گولہ
کہ فروع کافی میں لکھا ہے کہ متعہ
نہ کرو یہ بے حیائی ہے ۲۳۵
۱۴۳. اس کا مفصل جواب اور ان سنی
بے شرموں کی فہرست جو متعہ
کو حلال لکھ گئے ہیں ۲۳۶
۱۴۴. توپ کا دسواں گولہ متعہ زیادہ
کرنے سے منع کیا گیا ہے۔
اس کا مفصل جواب ۲۳۸

۱۴۵ سنیوں کی توپ کا گیارہواں گولہ
کہ متعہ عقد فاسد ہے۔ اور
آٹھ صفحات پر مشتمل اس کا
دندان شکن جواب ملاحظہ ہو ۲۴۱
۱۴۶ شیعوں کے خلاف سنیوں کی توپ کا
بارہواں گولہ کہ آیت فما
استمتعتم متعہ کے بارے
نازل نہیں ہوئی ہے اور اس کا
دندان شکن جواب ۲۵۰
۱۴۷ سنیوں کی توپ کا ۱۳واں گولہ
کہ آیت مذکورہ کو متعہ پر حمل
کرنا نظم قرآن کے خلاف ہے
اور اس کا مفصل جواب ۲۵۲
۱۴۸ مخالف کی توپ کا ۱۴واں گولہ کہ
آیت میں الی اجل مسمی قرأت شاذہ
ہے اور اس کا مفصل جواب ۲۵۴
۱۴۹ مخالف کی توپ کا ۱۵واں گولہ کہ
الی اجل کا تعلق استمتاع سے ہے
نہ کہ عقد سے۔ اور اس کا جواب ۲۵۵
۱۵۰ مخالف کی توپ کا ۱۶واں گولہ کہ ۵
عدد آیات حرمت متعہ پر دلالت کرتی ہیں ۲۵۹

۱۵۱، اور اس کا جواب
۱۵۲، شیعوں کے خلاف مخالف کی
توپ کا ۱۷ واں گولہ کہ اگر آیت
سے متعہ مراد لیا جائے تو ۲۶۰
تحریف قرآن ہے اور اس کا جواب
۱۵۳، ۱۸ واں گولہ کہ شیعہ مشرک
اور سنی موحد ہیں اور اس کا
مفصل جواب ۲۶۱
۱۵۴، ۱۹ واں گولہ کہ شیعہ متعہ
وطی کرتے ہیں ۲۶۳
اور اس کا منہ توڑ جواب
۱۵۵، ۲۰ واں گولہ کہ ذکر متعہ سے
حلالہ ہوتا ہے اور اس کا
مفصل جواب ۲۶۵
۱۵۶، سنیوں کی توپ کا ۲۱ واں گولہ
متعہ یعنی نکاح موقت ابتدائے اسلام
میں جائز تھا اور اس کا جواب ۲۶۸
۱۵۷، صحابہ شیعوں والا متعہ جائز جانتے تھے
۱۵۸، سود وری وغیرہ کا فیصلہ کہ
حرمت متعہ قرآن سے
ثابت نہیں ہے ۔ ۲۶۹

۱۵۹ مخالف کی توپ کا ۲۲ واں گولہ کہ
متعہ میں عورت کی ذلت ہے ۲۷۲
اور اس کا دندان شکن جواب
۱۶۰ سنیوں کی توپ کا ۲۳ واں گولہ
اور اس کا ٹھوس جواب ۲۷۳
۱۶۱ شیعوں کے خلاف مخالف کی توپ کا
۲۴ واں گولہ کہ متعہ صرف غریب لوگوں
کی ماں بہن کیلئے ہے اور اس کا جواب ۲۷۵
۱۶۲ مخالف کی توپ کا ۲۵ واں گولہ اور
اس کا دندان شکن جواب ۲۷۷
۱۶۳ سنیوں کی توپ کا ۲۶ واں گولہ کہ
شیعہ اپنی لڑکیاں متعہ کے لئے
سنیوں کو پیش کریں اور اس کا
دندان شکن جواب ۲۷۸
۱۶۴ مخالف کی توپ کا ۲۷ واں گولہ کہ
متعہ سے ولی کا درجہ ملتا ہے
اور اس کا دندان شکن جواب ۲۸۳
۱۶۵ سنیوں کی توپ کا ۲۸ واں گولہ کہ
شیعہ متعہ کے عمل کا اپنے گھر کی
خواتین سے افتتاح کریں۔
اور اس کا دندان شکن جواب ۲۸۵

کہ سنی مولانا ختنہ بنات کے عمل
میں اپنے گھر کی خواتین سے ابتدا کریں ۲۸۸
۱۶۶، کیا سنی علماء نے اپنے کلام فتویٰ
پر عمل فرمایا ہے مثلاً سنی مذہب
میں منی پاک ہے ۔ ۲۸۹
غسل جنس جانے سے پاک ہے
گا تیلی زن درحالت نماز جائز ہے
۱۶۷، ۲۹ واں گولہ کہ متعہ کرنے والوں
کو امام اور نبی کا درجہ مل جاتا ہے
اور اس کا جواب کہ اولاد زنا کو
فقہ اہلسنت میں قضاوت و
امامت کا درجہ ملتا ہے ۲۹۱
۱۶۸، قرآنی فیصلہ کہ متعہ کرنا
نبی پاک کی اطاعت ہے ۲۹۳
نکاح کے فضائل نبی پاک کی زبانی
۱۶۹، ۳۰ واں گولہ کہ متعہ سے گناہ کرتے
ہیں اس کا جواب کہ نکاح سے
گناہ کرتے ہیں ۔ ۲۹۶
۱۷۰، سنی مذہب میں زوجین کا ایک
دوسرے کے مقام شرم
کو ہاتھ لگانا بڑا ثواب ہے ۲۹۷

۱۷۱ سنیوں کی توپ کا ۳۱ واں گولہ کہ
متعہ کرنا رحمت ہے اور اس کا جواب
کہ صحابہ کا فیصلہ ہے کہ متعہ رحمت ہے ۲۹۸
۱۷۲ سنی فقہ میں ہے کہ میاں بیوی کے
بوس و کنار سے رزق زیادہ ہوتا ہے ۲۹۹
۱۷۳ توپ کا ۳۲ واں گولہ کہ نکاح میں
گواہ ہوتے ہیں اور متعہ میں گواہ
نہیں ہیں جواب نکاح میں گواہ کا حکم
قرآن میں نہیں آیا ہے جواب مفصل ۳۰۰
۱۷۴ محمد علی جانباز کا شیعوں کو
گالیاں دینا ملاحظہ ہو اور ان پر
عورتوں سے لواطت کرنے کی تہمت
اور اس کا دندان شکن جواب ۳۰۳
۱۷۵ جناب عمر کا اپنی زوجہ سے لواط کرنا
اور چھ عدد ثبوت ملاحظہ ہو ۳۰۴
۱۷۶ ابن عمر بھی اپنے عظیم باپ کی طرح
عورتوں سے لواطت جائز جانتے تھے ۳۰۶
۱۷۷ عورتوں سے لواطت کو صحابہ کرام اور
اہل مدینہ جائز جانتے تھے ۔ ۳۰۹
۱۷۸ عورتوں سے لواط کی اجازت
امام شافعی سے ثابت ہے ۔ ۳۱۰

امام مالک سے عورتوں سے لواطہ کرنیکا جواز ثابت ہے	٣٢١
سنی علماء کی گواہی کہ عورتوں سے لواطہ شیعہ مذہب میں مکروہ ہے۔	٣٢٣
عورتوں سے لواطہ کرنا شیعہ علماء کے مذہب میں حرام ہے	٣٢٣
مولوی جانباز کے بزرگ لواطہ کرواتے تھے۔	٣٢٥
خلفاء بنو مروان کا دادا حکم بن عاص خود لواطہ کرواتا تھا۔	
قاضی یحییٰ سنی تھا اور لواطہ کرواتا تھا۔	٣٢٧
امام اعظم کا شاگرد عبداللہ بن مبارک بھی لواطہ کرواتا تھا۔	٣٢٩
قتل عثمان کا بدلہ لواطہ ... معاویہ کی خاطر	٣٣٠
لواطہ کی سعادت میدان لواطہ کا ایک بڑا پہلوان دشمن ... معاویہ۔	٣٣١
خنثٰی / امام مسجد کا تحفظ ذریت مروان کا بزرگان دین پر لواطہ کروانے کا دعویٰ	٣٣٣
سنی علماء کا ایک بہتان کہ شیعہ مذہب میں زنا بالجبر جائز ہے اور اس کا مفصل جواب	٣٣٣
سنی توپ کا ٣٣ واں گولہ اور اس کا جواب	٣٣٨
ناصبی ملاں کا بہتان کہ شیعہ مذہب میں محارم سے نکاح حرام ہے اور اس کا جواب	٣٣٦
سنی فقہ میں اغلام ذکر در دبر زن جائز ہے۔	٣٣٠
اہلسنت کی طرف سے شیعوں کو تحفہ	٣٣٦
نسخہ مقوی ذکر از شیعوں کی طرف سے سنی بھائیوں کو تحفہ نسخہ مقوی دبر	
وکیل آل محمد پر قاتلانہ حملہ	٣٣٣
حالات مصنف انکے اپنے قلم سے	٣٣٣

غرض تالیف رسالہ ہذا

مذہب شیعہ خیر البریہ وہ کھرا مذہب ہے کہ جس کی سچائی کا ڈنکا پورے عالم اسلام میں بج رہا ہے اور اعتقادی مسائل میں وکلائے ثلاثہ کی مجال ہی نہیں ہے کہ وہ شیعوں کے سامنے بات کر سکیں اور جب بھی خلافت ثلاثہ پر شیعوں سے بات کی ہے تو پھر دم دبا کر بھاگنے کے علاوہ ان کو کوئی راستہ ہی نظر نہیں آیا۔ اور پھر ہار جانے کی رسوائی کا داغ مٹانے کی خاطر اعتقادی مسائل کی توپ کو چھوڑ کر فقہی مسائل کے میزائل مارتے ہیں

خلافت کی چھپری کو متعہ کے ستون کا سہارا

اربابِ انصاف فقہی مسائل میں اہلسنت دوستوں کا خود اپنا اتنا اختلاف ہے کہ اسلام کو انہوں نے قیل و قال کا اچار بنا دیا ہے۔ اور ارکان اسلام مثلاً نماز روزہ حج زکوٰۃ وغیرہ کے مسائل میں ان کا بہت ہی اختلاف ہے نیز نکاح کے مسائل میں ان کے چار اماموں کا خوب جھگڑا ہے۔ اور مسئلہ متعہ جو کہ نکاح کی ایک قسم ہے اس میں بھی ان کے سنہا اختلاف رکھتے ہیں مثلاً حضرت امام مالک سنیوں کے چار اماموں میں سے ایک ہے اور متعہ کو حلال جانتا ہے اور صحابہ کرام اور تابعین میں سے مثلاً جناب عبداللہ بن عباس اور جابر ابن عبد

جابر ابن عبداللہ اور ابو سعید خدری عمران بن حصین اور عطا ابن رباح اور سعید ابن جبیر متعہ کو حلال جانتے تھے اور فقہائے مکہ اور بعض علمائے اہلحدیث اور امام احمد وغیرہ بھی متعہ کو حلال جانتے تھے۔ اور علماء اہلسنت میں سے ابن جریج عالم نے ۷۰ عورت سے خود متعہ فرمایا ہے اور جناب ابو بکر کی بیٹی اسماء نے بھی خود متعہ کیا ہے اور زندگی بھر اس کو حلال سمجھا ہے اور ابو بکر کی دوسری بیٹی حضرت عائشہ نے بھی متعہ کے حلال ہونے کا فتویٰ دیا ہے اور معاویہ بھی متعہ کو حلال جانتا تھا۔ ارباب انصاف جب اتنے لوگ خود اہلسنت میں متعہ کو حلال جانتے ہیں تو پھر اگر شیعہ خیر البریہ بھی متعہ کے حلال ہونے کا نظریہ رکھ لیں تو کیا حرج ہے۔

متعہ کے خلاف واویلا کی ایک خاص وجہ

ارباب انصاف عرض کر چکا ہوں کہ متعہ فقہ کا مسئلہ ہے اور فقہیہ مسائل میں اہل اسلام کا آپس میں بہت زیادہ اختلاف ہے نکاح حلالہ اور نکاح متعہ علماء میں عرصہ دراز سے میدان جنگ بنے ہوئے ہیں اور نکاح متعہ کے اختلاف کو سنی علماء صرف اس لئے اچھالتے ہیں تاکہ شیعہ علماء اس طرف مصروف رہیں اور خلافت ثلاثہ پر تنقید نہ کر سکیں اور جن سنی علماء نے مسئلہ متعہ کے بارے مذہب شیعہ خیر البریہ پر کیچڑ اچھالا وہ ہیں تو بے شمار مگر نمونہ کے طور پر ہم ان میں سے بعض کا ذکر کر دیتے ہیں تاکہ ہماری کتاب پڑھنے والوں کا دل مطمئن ہو جا

مسئلہ متعہ کے بارے شیعوں پر کیچڑ اچھالنے والے سنی علماء میں سے بعض کا ذکر

۱. حرمت متعہ۔ از محمد علی جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ علیہ ما علیہ
۲. تحقیق حلال و حرام در جواب متعہ اور اسلام از مولانا اللہ یار خان علیہ ما علیہ
۳. کیا متعہ حلال ہے۔ از قاری حبیب الرحمٰن صدیقی علیہ ما علیہ
۴. حرمت متعہ از حسن الدین سہروردی علیہ ما علیہ
۵. تحقیق متعہ از مفتی بشیر احمد پسروری علیہ ما علیہ
۶. متعہ یا زنا از فیض احمد اویسی علیہ ما علیہ
۷. ہم سنی کیوں ہیں! از مہر محمد میانوالی۔ علیہ ما علیہ
۸. کیا شیعہ مسلمان ہیں۔ از قاری اظہر ندیم۔ علیہ ما علیہ
۹. آفتاب ہدایت۔ ملاں کرم دین۔ علیہ ما علیہ
۱۰. تحفہ اثنا عشریہ۔ از شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ ما علیہ

مذکورہ علماء نے اپنی اپنی کتاب اور رسالہ میں مذہب شیعہ خیر البریہ کے خلاف بہت ہی جھوٹ بولے ہیں اور جتنا کیچڑ وہ شیعوں کے خلاف اچھال سکتے تھے وہ اچھالا ہے۔ اور حدود انصاف کی جتنی وہ خلاف ورزی فرما سکتے تھے انہوں نے فرمائی ہے۔ چونکہ انہوں نے ہمارے مذہب کو رسوا کرنے کے لئے اپنے رسالوں میں ہمارے خلاف جھوٹا پراپیگنڈہ فرمایا۔ اور دفاع کا حق ہر انسان کو ہوتا ہے۔ بس یہی مسئلہ

متعہ میں اپنے مخالف کے اعتراضات اور شکوک و شبہات
کے دفاع کی ضرورت محسوس ہوئی اس لئے دفاع کی خاطر
قلم اٹھایا ہے اور راہِ انصاف کو ملحوظ رکھا اور قدم قدم
پر قرآنی آیات اور احادیث رسولؐ اللہ کو اور اقوالِ صحابہ
اور فرامین علماء کو پیش کیا ہے اور اس رسالہ کی تالیف میں
ہم نے کتاب تنزیہہ اثنا عشریہ در جواب تحفہ اثنا عشریہ
جلد ۹، باب متعہ اور کتاب تشیید المطاعن جواب باب دہم
تحفہ اثنا عشریہ سے مدد لی ہے۔ یہ دونوں کتابیں ناصبیت
کے تابوت میں آخری میخ ہے۔ حق تعالیٰ ان کے مؤلفین
کو کروڑ کروڑ جنت نصیب فرمائے۔ ہم نے اپنی تحریر میں
رواداری اور محبت کی فضا کو مکدر نہ کرنے کی ہر ممکن کوشش کی
ہے۔ اور رب تعالیٰ سے ہماری یہ عاجزانہ التجا و دعا ہے کہ
اس رسالہ کو رب پاک اپنی مخلوق کے لئے ذریعہ ہدایت بنا دے

اور مذہب اہلبیتؑ پر مخالفین کے حملوں کا اور شیعہ مذہب کے
خلاف زہریلے پراپیگنڈے کا میں منفرد ومجرد دفاع کر رہا ہوں
اللہ پاک سے اور خاندان نبوت سے اپنی اس قلیل خدمت
کے صلہ اور انعام کی دنیا اور آخرت میں توقع رکھتا ہوں۔ میں نے
اپنے اس مشن کو ہتھیلی پر رکھ کر موت اور زندگی کو برابر سمجھ کر
چلایا ہے اور یہ مشن اللہ کی خاص رحمت اور مولا علیؑ کی
نظر کرم سے چل رہا ہے اور اللہ کا لاکھ شکر ہے کہ اس نے

متعہ کیا چیز ہے؟

متعہ بھی شریعت پاک میں نکاح ہے اور جس طرح نکاح دائم سے بعض
عورتیں مرد کے لئے حلال ہو جاتی ہیں اسی طرح نکاح متعہ سے بھی
بعض عورتیں مرد کے لئے حلال ہو جاتی ہیں اور تمام امتِ محمدیہ
کا اس بات میں اتفاق ہے کہ نبی پاکؐ کے زمانہ میں نکاح متعہ
حلال ہوا تھا اور بعد میں اس متعہ کی بابت اہلِ اسلام میں اختلاف
ہے۔ اہلسنت علماء میں سے زیادہ تعداد علماء کی یہ فرماتی ہے کہ متعہ
ابتدائے اسلام میں حلال ہوا تھا اور بعد میں اس نکاح متعہ کو منع کر دیا
گیا ہے۔ اور شیعہ خیر البریہ اور کچھ عدد علماء اہلسنت فرماتے ہیں کہ جس
طرح نکاح متعہ زمانہ رسالت میں حلال ہوا تھا اب بھی وہ نکاح
متعہ حلال ہے اور شریعت پاک نے اس کو نسخ اور منع نہیں کیا
قرآن پاک میں حلیت متعہ کی صراحت ہے اور منسوخیت متعہ کی
ثابت نہیں ہے اور جناب عمر کا متعہ کو حرام کرنا یہ تشریع اور بدعت
ہے اور خود ان کا اس متعہ کو منع کرنا یہ فعل حرام ہے۔

متعہ کس طرح کیا جاتا ہے؟

متعہ مثل نکاح ہے جس طرح نکاح میں ایجاب و قبول کے صیغے ہیں
اسی طرح متعہ میں ایجاب و قبول کے صیغے ہیں۔ جس طرح
نکاح متعہ میں حق مہر ہوتا ہے اسی طرح نکاح متعہ میں حق مہر ہوتا ہے اور

نکاح دائم میں نکاح کی مدت معین نہیں کی جاتی اور نکاح متعہ میں مدت معین کرنا ضروری ہے۔ رہیفہ، متعہ حق مہر متعہ مدت متعہ کے بارے بہت مسائل ہیں پس علمائے کرام اور شیعہ فقہ کی کتابوں کی طرف مزید معلومات کے لئے رجوع کیا جائے۔

متعہ کس قسم کی عورت سے جائز ہے

متعہ مثلِ نکاح ہے اور جن عورتوں سے نکاح حلال ہے اور جن شرائط کے ساتھ حلال ہے متعہ بھی انہیں عورتوں سے کرنا حلال اور جائز ہے مثال کے طور پر شادی شدہ عورت سے نکاح کرنا سخت گناہ ہے اسی طرح اس کے ساتھ متعہ کرنا بھی گناہ ہے۔ اور اس بابت بہت سے مسائل ہیں۔ تفصیلات کے لئے شیعہ علماء کرام اور شیعوں کی کتب فقہیہ کی طرف رجوع کیا جائے۔

اولادِ متعہ کس کی شمار ہو گی

اولادِ متعہ اور اولاد نکاح میں کوئی فرق نہیں ہے چونکہ نکاح دائمی اور نکاح متعہ دونوں شرعاً عورت کے حلال ہونے کا سبب بنتے ہیں پس نکاح دائم یا نکاح متعہ سے جو بچے پیدا ہوں گے وہ اس مرد اور عورت کی صحیح اور جائز اولاد ہو گی۔ والدین اس اولاد کے اور وہ بچے ان والدین کے وارث ہوں گے

ممتوعہ عورت پر کیا نکاح کے تمام احکام جاری ہوتے ہیں

جواب۔ جی ہاں ممتوعہ عورت پر نکاح کے احکام جاری ہوتے ہیں مثال کے طور پر منکوحہ عورت سے دوسرا مرد نکاح نہیں کر سکتا اسی طرح ممتوعہ سے دوسرا مرد متعہ نہیں کر سکتا اور جس طرح منکوحہ کے لئے مرد سے جدائی کے بعد عدت واجب ہے اسی طرح ممتوعہ عورت کے لئے بھی مرد سے جدائی کے بعد عدت واجب ہے نکاح دائم والی عورت اور نکاح متعہ والی عورت کے بعض احکام میں اسی طرح اختلاف ہے جس طرح نکاح دائم والی عورتوں کے احکام میں اختلاف ہے مثال طور نکاح دائم والی عورت بالغہ ہے یا نابالغہ ہے یا غیر مدخولہ ناشدہ ہے یا غیر ناشزہ ہے اپنے شوہر کی قاتلہ ہے یا غیر قاتلہ ہے آزاد ہے یا کسی کی کنیز ہے۔ ان اقسام میں نکاح دائم والی عورت کے احکام میں اختلاف ہے اسی طرح نکاح متعہ والی عورت کے احکام میں بھی اختلاف ہے اور یہ سب فقہ کے احکام ہیں اور احکام فقہیہ میں شیعہ سنی علماء کا چودہ سو سال سے اختلاف ہے کئی چیزیں ایسی ہیں کہ اہلسنت کے ایک امام کے نزدیک وہ حلال ہیں اور دوسرے کے نزدیک حرام ہیں۔ مثال طور۔ مور اور بہت سنیوں کی فقہ حنفیہ میں حلال ہیں اور ان کی فقہ شافعیہ میں حرام ہیں لومڑ فقہ حنفیہ میں حرام ہے اور فقہ شافعیہ میں اور مالکیہ میں حلال ہے۔ کتا فقہ حنفیہ میں حرام ہے مالکی میں حلال ہے۔ گینڈا حنفیہ

حنفیہ میں حرام اور مالکی اور حنبلی میں حلال کتاب فقہ علی مذاہب الاربعہ میں مسائل نکاح پڑھیں اور فقہی مسائل میں سنی علماء کا اختلاف دیکھیں پس جب سنی علماء کو اسلام کی خاطر بڑے بڑے اختلاف ہضم ہیں تو مسئلہ متعہ میں شیعوں سے اختلاف بھی ہضم ہونا چاہیے جبکہ خود اہلسنت کا ایک امام مالک صاحب بھی شیعوں کی طرح متعہ کو حلال جانتے ہیں۔ اہل سنت نے مسئلہ متعہ کو عرصہ دراز سے محاذ جنگ بنایا ہوا ہے اور مذہب شیعہ خیر البریہ پر طنز و تشنیع کی گولہ باری فرما رہے ہیں۔ اور مرچ مصالحہ لگا کر مسئلہ متعہ کا تمسخر اور مذاق اڑاتے ہیں۔ کبھی فرماتے ہیں یہ متعہ رنڈی بازی ہے یہ چکلہ ہے یہ زنا ہے۔ یہ بے غیرتی ہے۔ یہ بے حیائی ہے۔

جاہل ملاں کے منہ میں جو آتا ہے وہ فرماتا ہے ہمارا مقصد اس رسالہ سے یہ ہے کہ اپنے سنی بھائیوں کو دعوت دی جائے کہ بھائی جان بقول آپ کے متعہ ایک خراب شے ہے جب یہ ایک بے غیرتی تھی تو ہمارا یہ سوال ہے کہ یہ بے غیرتی اللہ پاک نے ابتداء اسلام میں صحابہ کرام کی ماں بہن کے لئے حلال اور جائز کیوں فرمائی تھی اور ہم ہرگز یہ مطالبہ نہیں کرتے کہ اس دقت خواتین جناب اسماء بنت ابی بکر کی سنت پر عمل کر کے متعہ کریں بلکہ اس مسئلہ میں جھگڑا صرف اس

بات کا ہے اگر کوئی شخص بوقت ضرورت متعہ کرے تو اس نے زنا نہیں کیا اور اس پر حد جاری نہیں ہوگی۔ اور شیعوں پر جو متعہ بازی کے بارے کیچڑ اچھالا جاتا ہے۔ وہ سب ہمارے سنی بھائیوں کے خرافات ہیں۔

سنی بھائیوں کو دیانت اور انصاف کیواسطے دعوت فکر

ارباب انصاف مولانا محمد علی جانباز جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ والے اور مولوی محمد حسن جامعہ رضویہ لاہور کے ہمارے معاصر ہیں۔ اور اختلافی مسائل سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ اور مسائل متعہ پر دونوں بزرگوں نے اپنے اپنے خوب علمی جوہر دکھائے ہیں۔ اور ان دونوں کو بعد دیگر سنی علماء کے دیانت اور انصاف کا واسطہ دیکر ہم دعوت فکر دیتے ہیں۔ کہ شیعہ مسلک میں متعہ مثل نکاح ہے۔ اور مباح ہے اور قرآن پاک اور فرمان رسول اللہ اور اقوال صحابہ کرام کی روشنی میں ہم نے مسئلہ متعہ کی اباحت کی وضاحت کی ہے اور اپنے ہر دعوٰی کو سنی کتب کے حوالہ جات سے مضبوط کیا ہے لہذا متعہ کو زنا کہنا اور اس پر روغن لگا کر اور نمک مرچ لگا کر شیعوں پر کیچڑ اچھالنا اور فقہ جعفریہ والوں کو برا بھلا کہنا یہ ہمارے سنی بھائیوں کی بہت بڑی بے انصافی ہے اور اس میں صحابہ کرام اور انکی خواتین یعنی انکی ماں بہن کی سخت توہین ہے کیونکہ متعہ اگر زنا ہے۔ تو ابتدائے اسلام میں یہ زنا صحابہ کرام اور انکی مستورات کیلئے خدا اور رسولؐ نے حلال اور مباح کس طرح فرمایا تھا۔

متعہ کے حلال ہونے کی پہلی دلیل قرآن پاک سے

فما استمتعتم به منهن فآتوهن اجورهن فريضة ولا جناح عليكم فيما تراضيتم به من بعد الفريضة ان الله كان عليما حكيما ۔ پ ۵ نساء آیت ۲۴

ترجمہ: ہاں جن عورتوں سے تم نے متعہ کیا ہو تو انہیں جو مہر معین کیا ہے دیدو اور مہر کے مقرر ہونے کے بعد اگر آپس میں (کم و بیش پر) راضی ہو جاؤ تو اس میں تم پر کچھ گناہ نہیں بے شک خدا ہر چیز سے واقف ہے، اور مصلحتوں کا پہچاننے والا ہے،

نوٹ: ارباب انصاف جس طرح صوم اور صلوٰۃ حج اور زکوٰۃ کلام شارع میں اپنے معانی شرعیہ میں استعمال ہوتے ہیں اسی طرح لفظ استمتاع بھی کلام خدا میں اپنے معنی شرعی میں استعمال ہوا ہے اور اس کا معنی شرعی ہے متعہ کرنا ہے،

اور اس کا مؤید یہ امر بھی ہے کہ جب اصحاب نے اپنی ازواج سے زیادہ دور رہنے کی شکایت کی تو سنن ابن ماجہ اور صحیح مسلم میں لکھا ہے، کہ نبی پاک کے پاکیزہ دہن سے یہ الفاظ نکلے۔ فاستمتعوا من هذه النساء، کہ تم ان عورتوں سے متعہ کرو۔ اور ۱۹ عدد علماء اہل سنت و کبار صحابہ کی گواہی بھی موجود ہے کہ مذکورہ آیت سے مراد نکاح متعہ ہے۔

پس اگر کوئی مولانا نہ مانے کہ متعہ کا قرآن میں ثبوت نہیں ہے، تو مولانا اپنے ہی مذہب کے ۱۹ علماء کو جھٹلا رہا ہے، جسے ان کے سارے مذہب کا جھوٹا ہونا ثابت ہوگا۔

علماء اہل سنت کی گواہی کہ آیت مذکورہ متعہ کے جواز کے بارے میں نازل ہوئی

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کشاف ص ۳۶۰ ج ۱ آیہ ۲۴، النساء
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر ص ۴۷۴ ج ۱ آیت ۲۴، النساء
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری ص ۹، پ ۵،
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر ص ۴۱۴ ج ۱،
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ص ۱۲، پ ۵
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص ۱۳۰ ج ۵
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر معالم التنزیل ص ۴۲۳ ج ۱ بر حاشیہ خازن۔
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن ص ۴۲۳ ج ۱، آیت متعہ
۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص ۱۹۵ ج ۳، النساء ۲۴،
۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص ۱۴۰ ج ۲ آیت متعہ
۱۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری ص ۴۲ ج ۲ آیت ۲۴، النساء
۱۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص ۱۵۴ ج ۲ آیت ۲۴، النساء
۱۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر احکام القرآن ص ۱۴۵ ج ۲، آیت متعہ
۱۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر بیضاوی ص ۹ ج ۲ آیت متعہ
۱۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر حقانی ص ۲ ج ۲ مؤلف شیخ عبد الحق حقانی
۱۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر احمدی ص ۳۰ ج ۱ مؤلف، ملا جیون
۱۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر جامع البیان ص ۴۲ ج ۱ معین الدین محمد شافعی

تفسیر ابن کثیر کی عبارت — عن مجاهد قال نزلت فی المتعة، امام اہل سنت مجاہد فرماتے ہیں کہ آیت نکاح متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے،

فتح القدیر اور قرطبی کی عبارت ملاحظہ ہو — قال الجمهور ان المراد بهذه الآية نكاح المتعة الذی كان فی صدر الاسلام، جمہور اہل سنت کی تحقیق ہے کہ یہ آیت نکاح متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے،

خازن کی عبارت — المراد من حكم الآية هو نكاح المتعة، سنیوں کے امام خازن کی تحقیق ہے کہ یہ آیت متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے،

معالم التنزیل کی عبارت — هو المتعة وهو ان ينكح امرأة الى مدة، اس آیت سے مراد نکاح متعہ ہے جو مدت معین تک ہوتا ہے

درمنثور کی عبارت — علامہ سیوطی نے بسند عالی نو عدد روایات صحابہ اور تابعین سے نقل کی ہیں کہ مراد آیت سے متعہ ہے،

تفسیر حقانی کی عبارت — آیت سے متعہ مراد ہے جو ابتداء اسلام میں جائز تھا اس کو رنڈی بازی کہنا فضول ہے،

تفسیر کبیر کی عبارت — واما عمران بن الحصين فانه قال نزلت آية المتعة فی كتاب الله ولم تنزل آية بعدها تنسخها وامرنا رسول الله و تمتعنا بها ومات ولم ينهنا عنه ثم قال رجل برأيه ما شاء يريد ان عمر نهى عنها،

اور صحابی رسول اللہ عمران بن حصین فرماتا ہے کہ قرآن پاک میں آیت متعہ نازل ہوئی ہے، اور اس کی ناسخ آیت نازل نہیں ہوئی ہے اور متعہ کرنے کا نبی پاک نے ہمیں حکم دیا ہے، اور ہم نے متعہ کیا ہے اور رسول پاک نے اپنی وفات سے پہلے متعہ کرنے سے منع بھی نہیں کیا، پھر ایک مرد نے اپنی ذاتی رائے سے جو اس کی مرضی تھی کہا

اور عمران کی مراد اس مرد سے حضرت عمر ہے،

وکلاء صحابہ کا اعتراض — عمران بن حصین صحابی کی مراد آیہ متعہ سے متعہ الحج ہے نہ کہ متعۃ النساء،

وکیل آل محمد کا جواب — امام رازی نے آیت فما استمتعتم کی تفسیر میں عمران بن حصین کے قول کو ذکر فرمایا ہے پس مراد عمران کی آیت متعہ سے متعۃ النساء ہے،

سنیو! تمہیں اصحاب حضرت ابی بکر کے متعہ کا واسطہ انصاف کرو

ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ اقرار العقلاء علی انفسهم مقبول کہ جب کوئی عقلمند بغیر کسی مجبوری کے کسی مقدمہ میں اپنے مخالف کے سامنے اقرار کرتا ہے تو اس کو پکڑا جاتا ہے، اور اگر ہزار مرتبہ وہ بعد میں انکار کرے اور اپنے آپ کو جھٹلائے تو اس کی کوئی قیمت نہیں ہے ہم کہتے ہیں انیس ۱۹ عدد وکلاء صحابہ نے یہ اقرار کیا ہے کہ قرآن پاک میں آیت فما استمتعتم، سے مراد متعۃ النساء ہے، اور یہ اقرار علماء اہل سنت کا مخالف متعہ کو ذلیل کرنے کیلئے کافی، اور جو سنی مولانا فرماتا ہے کہ متعہ تو زنا ہے، متعہ کا ثبوت قرآن پاک میں نہیں ہے،

مذکورہ ۱۹ عدد علماء اہل سنت کا اقرار اس مولانا کو محکوم کرنے کیلئے بھی وافی ہے اور اگر بعد میں وہ انیس ۱۹ عدد علماء اس اقرار سے انکاری ہیں اور اپنے آپ کو جھٹلاتے ہیں تو پھر ان کذابین کے کسی بھی قول کا کوئی اعتبار نہیں ہے،

وکلاء صحابہ کا اپنا فیصلہ کہ ابتداء اسلام میں متعہ جائز تھا

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص ۱۹۵ ج ۳ آیت متعہ
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر ص ۴۷۴ ج ۱ ، النساء آیت ...
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی ص ۵ پارہ ۵
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ص ۱۶ پارہ ۵
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر معالم التنزیل ص ۴۶۰ ج ۱ ، النساء
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر معارف القرآن ص ۳۶۳ ج ۱ ، النساء
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر محاسن التاویل ص ... النساء ۴، قاسمی
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مراغی ص ۸ ج ۵ م احمد مصطفیٰ مراغی
۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتاوی مولانا عبد الحی ص ۲۶

تفسیر کبیر کی عبارت: واتفقوا علی ان المتعة کانت مباحة فی ابتداء الاسلام
سنی علماء کا اتفاق ہے کہ متعہ ابتداء اسلام میں جائز تھا،

عبارۃ اخری: والذی یجب ان یعتمد علیہ فی ھذا الباب ان نقول انا لا ننکر ان المتعة کانت مباحة ، امام رازی نے یہ بھی لکھا ہے کہ متعہ کے مباح ہونے سے ہم انکار نہیں کرتے،

ابن کثیر کی عبارت: ولا شک ان المتعة کانت مشروعا فی ابتداء الاسلام
اور بے شک نہیں ہے کہ متعہ ابتداء اسلام میں حلال تھا

تفسیر مراغی کی عبارت: کان مرخصا فی ابتداء الاسلام، کہ متعہ ابتداء اسلام میں جائز تھا۔

قاسمی کی عبارت: کان مشروعا فی ابتداء الاسلام

وکلاء صحابہ کا اپنا اقرار کہ متعہ بھی نکاح ہے،

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص ۱۳۲ ج ۵ النساء آیت ۲۴
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر بیضاوی ص ۹۰ ج ۲ النساء
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر جامع البیان ص ۱۳ ج ۴
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مراغی ص ۱۱ پارہ ۵

قرطبی کی عبارت: وقال الجمہور المراد نکاح المتعة الذی کان فی صدر الاسلام
سنیوں کا امام فرماتا ہے کہ جمہور اہل سنت کے نزدیک آیت فاستمتعتم سے مراد نکاح متعہ ہے جو ابتداء اسلام میں جائز تھا،

تفسیر بیضاوی کی عبارت: نزلت الآیة فی المتعة وھی نکاح الموقت بوقت العلم
متعہ نکاح موقت ہے۔

وکلاء صحابہ کو دیانت کا واسطہ دیکر دعوت فکر

علماء اہل سنت سے ۱۹ عدد علماء کی گواہی پیش کی ہے کہ آیت فما استمتعتم متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے، اور نو عدد علماء کی گواہی ذکر کی ہے کہ متعہ ابتداء اسلام میں حلال تھا اور ۵ عدد علماء کی گواہی ذکر کی ہے کہ متعہ بھی نکاح ہے، ہم شیعہ خیر البریہ اپنے سنی بھائیوں سے پوچھتے ہیں کہ اگر متعہ زنا اور بے غیرتی ہے تو کیا نبی کریم کے زمانہ میں یہ بے غیرتی حلال تھی! کیا آنجناب نے اس زنا کی اپنے اصحاب کو اجازت دے رکھی تھی! کیا سنی علماء نے زنا کے حلال ہونے کی گواہی دی ہے!

وکلاء صحابہ کا اپنا فیصلہ کہ آیت متعہ منسوخ نہیں ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — فتح القدیر ص ۲۱۴ ج ۱ — آیت متعہ
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — خازن ص ۳۴۳ ج ۱ — النساء ۲۴
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — معالم التنزیل ص ۴۲۳ ج ۱ — برحاشیہ خازن
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — طبری ص ۹ — پ ۵
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — کشاف ص ۵۶ ج ۱ — آیت متعہ
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — غرائب القرآن ص ۱۹ — پ ۵
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — کبیر ص ۱۹۵ ج ۳ — آیت متعہ
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — منار ص ۱۵ ج ۵ — مرشید منار

فتح القدیر کی عبارت: وقد روی عن ابن عباس انہ قال وانہا باقیۃ لم تنسخ، ابن عباس سے روایت کی گئی ہے کہ وہ آیت متعہ یعنی اس کا حکم باقی ہے منسوخ اور کینسل نہیں ہوا۔

معالم کی عبارت: وکان ابن عباس یذھب الی ان الآیۃ محکمۃ ویرخص فی نکاح المتعۃ۔ ابن عباس کا مذہب یہ ہے کہ آیت متعہ محکم ہے اور متعہ حلال ہے۔

تفسیر کبیر کی عبارت ہے: نزلت آیۃ المتعۃ فی کتاب اللہ ولم ینزل بعدھا آیۃ تنسخہا، آیت متعہ بھی قرآن میں آئی ہے اور اس کی ناسخ آیت نہیں آئی ہے۔

نوٹ:۔ ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے ہم شیعہ یہ کہتے ہیں کہ آیت فما استمتعتم بقول وکلاء صحابہ متعہ کے بارے آئی ہے اور متعہ ابتداء اسلام میں حلال تھا اور متعہ بھی ایک نکاح ہے اور آیت متعہ

آیت متعہ میں صحابہ نے الی اجل مسمی پڑھ کر متعہ کے حلال ہونے کی گواہی دی ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — در منثور ص ۱۴۰ ج ۲ — النساء آیت ۲۴
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — طبری ص ۹ ج ۵ — النساء
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — کبیر ص ۱۹۴ ج ۳ — النساء آیت
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — فتح القدیر ص ۲۱۴ ج ۱ — النساء آیت
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — لابن کثیر ص ۴۷۴ ج ۱ — النساء
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — روح المعانی ص ۵ ج ۵ — النساء
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — کشاف ص ۳۶۰ — النساء
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — مظہری ص ۷۳ ج ۲ — النساء
۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — احکام القرآن جصاص ص ۱۴۷ ج ۲ — النساء
۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر — معالم التنزیل ص ۴۲۳ — برحاشیہ خازن
۱۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — مستدرک حاکم ص ۳۰۵ ج ۲
۱۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — المصاحف لابی بکر سجستانی ص ۹۴
۱۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — تفسیر مواہب الرحمن ص ۳ — پارہ ۵
۱۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — تفسیر حقانی ص ۲ ج ۲
۱۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — جامع البیان ص ۱۴۴ ج ۱
۱۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — تفسیر القرآن الثعالبی
۱۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — نیل الاوطار ص ۱۵۳ ج ۲ — کتاب النکاح
۱۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — تفسیر قرطبی ص ۱۳۰ ج ۵

عبداللہ بن مسعود نے آیت متعہ فما استمتعتم میں الی اجل مسمی پڑھکر متعہ کے حلال ہونے کا اور عثمان کے قرآن میں کمی کرنے کا اعلان کیا ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر منار ج ۵ ص ۱۵ مؤلف رشید منار،
اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر جامع البیان ج ۲ ص ۹ حاشیہ نمبر ۵
اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ج ۱ ص ۴۵

کتاب النکاح وفی قراءۃ عبد اللہ بن مسعود فما استمتعتم الی اجل مسمی

ترجمہ: عبد اللہ بن مسعود نے آیت فما استمتعتم میں الی اجل مسمی، پڑھا ہے،

نوٹ: ارباب انصاف ہم عنقریب ہی تحریک کے حساب سے حوالہ جات پیش کریں گے کہ ابن عباس اور ابی بن کعب بھی الی اجل مسمی آیت متعہ میں پڑھتے تھے اور الی اجل مسمی کو ملا کر آیت کا ترجمہ یہ بنتا ہے، کہ جن عورتوں سے تم نے مدت معین تک متعہ کیا ہے، انکو ان کی اجرت دے دو اور یہ صاف نکاح متعہ کی حلیت اور جواز کا بیان ہے،

پس شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ اگر یہ الفاظ آیت میں نازل نہیں ہوئے تھے تو ابن مسعود اور ابن عباس اور ابی بن کعب کو بلا تقیہ اور اجبار کیا مصیبت پڑی تھی کہ انہوں نے الی اجل مسمی والا جھوٹ بولا ہے، اور دکار صحابہ کو کیا مجبوری تھی کہ جب ان کے مذہب میں تقیہ نہیں ہے، تو بلا کسی مجبوری کے صحابہ کے اس جھوٹ کو اپنی کتابوں کی زینت بنا رکھا ہے، اور عثمان کے قرآن میں کمی کرنے کے جرم کو فاش کر کے مذہب صحابہ کو شیعوں کے سامنے رسوا کیا ہے

نماز تراویح کے پہلے امام ابی بن کعب کی گواہی کہ قرآن میں آیت متعہ میں الی اجل مسمی نازل ہوا ہے، اور صحابہ ابن کعب کے اس اعلان پر خاموش رہے

تفسیر کبیر کی عبارت: الطریق الثانی ان تقول هذه الآیة مقصورة علی بیان نکاح المتعة وبیانه من وجوه الاول ما روی ان ابی بن کعب کان یقرأ فما استمتعتم به منهن الی اجل مسمی فآتوهن اجورهن وهذا هو قراءة ابن عباس والامة ما انکروا علیهما فی هذه القراءة فکان ذلك اجماعا من الامة علی صحة هذه القراءة وتقریره ما ذکرتموه فی ان عمر لما منع من المتعة والصحابة ما انکروا علیه کان ذلك اجماعا علی صحة ما ذکر فکذا ههنا فاذا ثبت بالاجماع صحة هذه القراءة ثبت المطلوب؛

ترجمہ: طریق ثانی یہ ہے کہ یہ آیت نکاح متعہ ہی کے لئے آئی ہے اور اس کے بیان میں پہلی وجہ یہ ہے کہ ابی بن کعب آیہ متعہ میں الی اجل مسمی پڑھتا تھا اور ابن عباس بھی اسی طرح پڑھتا تھا اور امت نے انکو اس طرح پڑھنے سے روکا نہیں ہے،

پس الی اجل مسمی پر امت کا اجماع ہو گیا کہ یہ صحیح ہے، پس دلیل یوں بنے گی کہ عمر نے متعہ سے روکا اور اصحاب نے اس پر نکیر نہیں کی تم نے کہا کہ یہ قول عمر اجماعی ہے اسی طرح اصحاب نے ابن عباس اور ابی بن کعب کو الی اجل مسمی سے روکا نہیں ہے، پس اس قرأت کی صحت پر اجماع ہو گیا، اور اسی سے متعہ کا حلال اور جائز ہونا ثابت ہو گیا،

اہل سنت علماء کا خدا تعالیٰ سے مقابلہ اور آیت جواز متعہ کے رد کے

بارے بھانت بھانت کے قوال، اور وکیل آل محمدؐ کے دندان شکن جواب

وکلاء صحابہ کا اعتراض: آیت متعہ کے نزول میں دو قول ہیں، پہلا یہ آیت متعہ کے بارے نازل ہوئی، اور دوسرا کہ یہ آیت نکاح کے بارے نازل ہوئی ہے۔

وکیل آل محمدؐ کا جواب: بھائی اگر آیت متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے تو بھی متعہ مراد ہے اور اگر نکاح کے بارے نازل ہوئی ہے تو حوالہ جات گزر چکے ہیں کہ متعہ بھی نکاح ہے، اور یوں سمجھیں کہ نکاح کی ایک قسم ہے متعہ۔

وکلاء صحابہ کا اعتراض: آیت کا متعہ کے بارے نازل ہونا قول مرجوح اور قول شاذ ہے اور نکاح کے بارے نازل ہونا یہ قول اصح اور مشہور ہے۔

وکیل آل محمدؐ کا جواب: ۱۔ مگر قول مشہور نہیں لیا جاتا، حضرت عمر اور افلح کے بارے بھی ایک قول مشہور ہے مگر اہل سنت اس کو نہیں لیتے۔

۲۔ اگر وکلاء صحابہ کا مقصد مرجوح اور شاذ سے یہ ہے کہ متعہ بحکم خدا کبھی بھی حلال نہیں ہوا تو پھر ۱۸ سال زمانہ رسالت میں صحابہ کرام اور ابوبکر کی بیٹی اسماء یہ سب متعہ کرتے رہے ہیں، کیا یہ معاذ اللہ، سب زنا ہوتا رہا، یہ جہالت اور بے شرمی کا دور دورہ رہا؟ معاذ اللہ۔

جواب ۳۔ تفاسیر میں قول مشہور یہ ہے کہ آیت فما استمتعتم، متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے، تو

جواب ۴۔ اقرار العقلاء علی انفسہم مقبول، اہل سنت کا اپنی کتابوں میں یہ لکھنا کہ یہ آیت متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے، ان کو الزام دینے کے لئے کافی ہے اور اگر بعد میں وہ منکر ہو گئے ہیں تو سچ کہہ کر منکر ہونا ان کی پرانی عادت ہے۔

وکلاء صحابہ کا اعتراض: علماء اہل سنت کا متعہ کے جواز اور عدم کے بارے دونوں قولوں کو لکھنا یہ انکی دیانت داری ہے۔

وکیل آل محمدؐ کا جواب: سنی علماء کا کچھ باتیں اپنی کتابوں میں شیعوں کے موافق لکھنا اور کچھ باتیں شیعوں کے مخالف لکھنا تاکہ دونوں مذہب قیامت تک آپس میں لڑتے رہیں مسلمانوں کو آپس میں لڑانے والی اس سازش کو دیانت داری سمجھنا نادانی ہے، البتہ ان علماء کا ہمارے سامنے متعہ کے جواز کا اقرار کرنا یہ ہم شیعوں کی فتح مبین ہے اور ہمارے مولا علیؑ کی کرامت ہے۔

اعتراض وکلاء صحابہ کا: اقوال شاذہ اور مرجوحہ شیعہ کتب میں بھی آتے ہیں، پس اگر کتب اہل سنت میں بھی یہ آگئے ہیں تو کیا حرج ہے؟

جواب وکیل آل محمدؐ کا: ۱۔ قرآن پاک میں متعہ حلال لکھا ہے اس کے خلاف لکھنا یہ قول شاذ نہیں ہے بلکہ مخالفت قرآن اور فعل حرام ہے، اہل سنت علماء نے حرمت متعہ کا قول اختیار کر کے فعل حرام کیا ہے۔

جواب ۲۔ شیعوں پر اہل سنت کے امام اور بادشاہ ہر زمانہ میں ظلم کرتے رہتے ہیں، اور شیعوں کی تعلیمات اور تبلیغات میں رکاوٹ پیدا کرتے رہے ہیں اور شیعوں میں جواز تقیہ کا مسئلہ ہے اور ہر زمانہ میں انہوں نے اسی کے ذریعہ اپنی جان بچائی ہے، پس

پس اگر قول شاذ اور مرجوح شیعہ کتب میں آجائے تو کیا حرج ہے ان کی مجبوری واضح ہے اور اہل سنت میں تقیہ حرام ہے، پس ان کے علماء کو کیا مصیبت تھی کہ انہوں اپنے مذہب کے خلاف جھوٹی باتوں سے اپنے مذہب کی کتابوں کو بھر دیا ہے۔

اعتراض وکلاءِ صحابہ اگر کسی مذہب کی کتاب میں صرف ایک روایت یا کوئی قول آجائے تو جب تک اس مذہب والے اس پر عمل نہ کریں اور اس کے صحیح ہونے کا اقرار نہ کریں تو اس کی حیثیت کی کوئی قیمت نہیں ہے۔ جیسا کہ شیعہ کتب میں کئی روایات ہیں اور وہ ان کے صحیح ہونے کا اقرار نہیں کرتے اسی طرح ہم سنیوں میں بھی ہماری کتابوں میں حلیت متعہ کی جو روایات ہیں ہم ان کو درست نہیں مانتے۔

وکیلِ آلِ محمدؐ کا جواب بات کسی عام کتاب کی نہیں ہے بلکہ کتاب خدا قرآن پاک میں متعہ حلال لکھا ہے اور ۱۸ سال تک زمانہ رسالت میں صحابہ کرام نے اور جناب ابوبکر کی بیٹی اسماء نے متعہ کیا ہے اگر متعہ زنا ہے تو کیا زمانہ رسالت میں ۱۸ سال تک صحابہ کو حضور پاک نے زنا کی اجازت دے رکھی تھی؟

۲۔ شیعہ کتابوں میں جو روایات اور اقوال شاذہ ہیں تو شیعہ لوگ انکو تقیہ پر حمل کر کے ٹھکرا دیتے ہیں۔ اور اہل سنت کے مذہب میں اکراہ تقیہ نہیں ہے، پس انکے علماء کو کیا مصیبت اور مجبوری تھی کہ انہوں نے اپنی کتابوں کو بھانت بھانت کے اقوال اور جھوٹ سے بھر دیا ہے۔

وکلاءِ صحابہ کا اعتراض ہم اہل سنت میں متعہ حرام ہے اور یہی قول مشہور ہے پس ہم قول مشہور کو چھوڑ کر غیر مشہور پر کس طرح عمل کریں؟

وکیلِ آلِ محمدؐ کا جواب حرمت متعہ کو قول مشہور کہنا غلط ہے کیونکہ رب شہرۃ لا اصل لہ، بات دراصل یہ ہے کہ الناس علیٰ دین ملوکہم مسئلہ متعہ میں بادشاہ سلامت حضرت عمر نے خدا سے اختلاف کیا ہے، اہل سنت نے عمر کا ساتھ دیا ہے اور بچارے شیعوں نے اللہ کا ساتھ دیا ہے۔

ابن عباس نے آیت متعہ میں الیٰ اجل مسمّٰی پڑھ کر متعہ کے جائز ہونے کا اعلان کر دیا

معالم التنزیل جلد ۱ کی عبارت روی عن ابی نضرۃ قال سئلت ابن عباس عن المتعہ فقال اما تقرأ فی سورۃ النساء فما استمتعتم بہ منھن الی اجل مسمّٰی قلت لا اقرءھا ھکذا قال ابن عباس ھکذا انزل اللہ ثلاث مرات۔

ابن عباس سے ابی نضرہ نے متعہ کے بارے پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ سورہ نساء کی آیت تو نہیں پڑھتا فما استمتعتم بہ منھن الی اجل مسمّٰی کہ تم مدت معین تک جن عورتوں سے متعہ کرو ان کا اجر ان کو دے دو۔ ابی نضرہ نے کہا کہ میں اس طرح اس آیت کو نہیں پڑھتا، ابن عباس نے کہا یہ آیت اسی طرح اللہ نے نازل کی ہے۔

معالم کی روایات پر ابن تیمیہ نے صحت کی مہر لگا دی ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنۃ ص البرہان السادس من التنبیہ الثانی من الفصل الثالث من فصول الکتاب میں ابن تیمیہ نامی ذکر تفسیر ثعلبی میں لکھتا ہے کہ اگرچہ غالب احادیث مذکورہ در تفسیر ثعلبی صحیح ہیں مگر ان میں کچھ صحیح بھی ہیں اور ابو محمد الحسین بن مسعود بغوی نے جب تفسیر ثعلبی کا خلاصہ کیا ہے تو چونکہ بغوی علم حدیث کا ثعلبی سے بڑا عالم تھا، اس لئے بغوی نے اپنی تفسیر معالم التنزیل میں ثعلبی کی ذکر کردہ احادیث میں سے صرف احادیث صحیحہ کو ذکر کیا ہے۔

نوٹ: ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ ابن تیمیہ نے معالم التنزیل میں درج شدہ روایات پر صحت کی مہر لگا کر متعہ کے حلال ہونے کی تصدیق کر دی ہے کیونکہ اجل مسمّٰی والی روایت ابن عباس کی معالم التنزیل میں درج ہے اور بقول ابن تیمیہ صحیح روایت ہے۔ پس متعہ کی حلیت پر صحیح روایت ہے۔

ابن عباس کی الی اجل مسمیٰ والی روایت کی حاکم نے تصحیح کردی ہے

درمنثور کی عبارت اخرج عبد بن حمید وابن جریر وابن الانباری فی المصاحف والحاکم وصححہ من طریق عن ابی نضرۃ قال قرأت علی ابن عباس فما استمتعتم بہ منہن فآتوہن اجورہن فریضۃ قال ابن عباس فما استمتعتم بہ منہن الی اجل مسمی، فقلت ما نقرؤھا کذالک فقال ابن عباس واللہ لانزلھا اللہ کذالک۔

ابن نضرۃ کہتا ہے کہ میں نے ابن عباس کے سامنے آیت متعہ کو پڑھا ابن عباس نے کہا اس میں الی اجل مسمی بھی پڑھو میں نے کہا ہم اس طرح نہیں پڑھتے ابن عباس نے تین مرتبہ خدا کی قسم کھا کر کہا کہ الی اجل مسمیٰ کے ساتھ خدا نے آیت کو نازل کیا ہے،

ابن عباس کے بقول دوسرے صحابہ بھی آیہ متعہ میں اجل مسمیٰ پڑھتے تھے

درمنثور کی عبارت واخرج الطبرانی والبیہقی فی سننہ عن ابن عباس قال کانت المتعۃ اول الاسلام وکانوا یقرؤون ھذہ الآیۃ فما استمتعتم بہ منہن الی اجل مسمی

اہل سنت کے علما نقل کرتے ہیں کہ بقول ابن عباس متعہ ابتداء اسلام میں تھا اور اصحاب آیت متعہ میں الی اجل مسمیٰ۔ پڑھتے تھے،

نوٹ۔ وکلاء صحابہ جو صحابہ کی عظمت کی ڈگڈگی بجاتے ہیں، ہم انکو دعوت فکر دیتے کہ آپ کے صحابہ تو متعہ کو حلال جانتے تھے اور تم ابن عباس جیسے جلیل القدر صحابی کو متعہ کے مسئلے میں جھٹلاتے ہو اگر متعہ زنا ہے تو کیا ابن عباس اس زنا کے حلال ہونے کی قسمیں کھا کر گواہی دیتا تھا،

روایت ابن عباس الی اجل مسمیٰ کو امام اہل سنت حاکم نے اپنی مستدرک میں صحیح تسلیم فرما کر وکلاء صحابہ کے جواز متعہ سے بھاگنے کے تمام دروازے بند کردئیے

ابو عبداللہ حاکم نے وکلاء صحابہ کے پوپ پال نے اپنی کتاب مستدرک ج ۲ ص ۳۰۵ میں روایت ابن عباس الی اجل مسمیٰ، کو لکھنے کے بعد فرمایا ہے کہ ہذا حدیث صحیح علی شرط مسلم، پس جو وکیل صحابہ متعہ کے بارے صحابہ کی صحیح کو نہیں مانتا وہ صاف کہہ دے کہ صحابہ کرام مسئلہ متعہ میں صاف جھوٹے تھے،

شاہ ولی اللہ کے عقیدہ میں حاکم نیشاپوری سنیوں میں چوتھی صدی کا مجدد ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب ازالۃ الخفاء ص ۷۷ ج ۲ فصل ۵

محدث شاہ ولی اللہ لکھتا ہے کہ ہر صدی کے آخر میں ایک مجدد ہوتا ہے

پہلی صدی کا مجدد امام اہل سنت عمر ابن عبد العزیز ہے

دوسری صدی کا مجدد امام اہل سنت محمد بن ادریس شافعی ہے،

تیسری صدی کا مجدد امام اہل سنت ابوالحسن اشعری ہے،

چوتھی صدی کا مجدد امام اہل سنت ابو عبداللہ حاکم نیشاپوری ہے،

پانچویں صدی کا مجدد امام اہل سنت ابو حامد غزالی طوسی ایرانی ہے

چھٹی صدی کا مجدد امام اہل سنت امام فخر الدین رازی ہے،

نوٹ۔ ارباب انصاف وکلاء صحابہ کا گرو گھنٹال حاکم نیشاپوری ابوالحسن اشعری امام شافعی کے درجہ کا عالم ہے اور متعہ کو حلال فرما رہا ہے، اور ان کو مجدد کا مرتبہ بھی اسی لیے ملا ہے کہ اس نے اہل سنت کو متعہ کا صحیح مسئلہ بتایا ہے،

شاہ ولی اللہ کا فیصلہ کہ حاکم نیشاپوری کی تفسیر اصح التفاسیر ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الرحمان فی ترجمۃ القرآن صـ تشیید المطاعن ۹۹۶ شاہ ولی اللہ لکھتے ہیں کہ اس فتح الرحمن کی تدوین میں جو اصح التفاسیر ہیں ان سے مدد لی گئی ہے، وہ اصح یہ ہیں کہ تفسیر بخاری تفسیر مسلم اور تفسیر ترمذی اور تفسیر حاکم، اس حاکم کی عظمت کے لئے اتنا کافی ہے کہ اس کی تفسیر امام بخاری کی تفسیر کے برابر ہے رتبہ میں،

ہم شیعہ خیر البریہ یہ لکھتے ہیں کہ صحت متعہ اور اجل مسمّٰی کا ذکر ابن عباس کی روایت سے تفسیر حاکم میں آیا ہے اور چونکہ تفسیر حاکم اصح التفاسیر ہے پس روایت صحت متعہ بھی اصح الروایات ہے۔

حاکم کی تصحیح کو ابوبکر کے حق میں سنیوں نے چوم کر آنکھوں پر رکھا ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صـ ۲۹۲ مطاعن ابوبکر طعن ۱۵ میں لکھا ہے کہ چور کا بایاں ہاتھ ابوبکر نے دو مرتبہ کاٹا ہے اور اس کو طبرانی اور حاکم نے روایت کیا ہے اور حاکم نے کہا کہ یہ صحیح الاسناد ہے)

نوٹ: اگر حاکم کی تصدیق سے ابوبکر کو فائدہ پہنچے تو اس کی تصحیح حجت ہے اور اس کو شیعوں کے خلاف بھی پیش کیا جا سکتا ہے اور اگر حاکم کی تصحیح سے شیعوں کو نفع پہنچے تو پھر بیچارے حاکم کی تصحیح کی کوئی قیمت نہیں ہے، صحت متعہ کی روایت کو حاکم نے اپنی اصح التفاسیر میں لکھ کر پھر یہ بھی لکھا ہے کہ یہ صحیح ہے شرائط مسلم پر، پس ہماری طرف سے وکلاء صحابہ کو دعوت فکر ہے،

ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری ایرانی پکا عثمانی اور اہل سنت ہے۔

اہل سنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صـ ۸۲ کید ۱۷ میں لکھا ہے کہ اہل سنت کس طرح دشمنان اہل بیت کو درست کہہ سکتے ہیں، جبکہ اہل سنت کی کتابوں میں یہ حدیث لکھی ہے کہ من مات وھو مبغض لآل محمد دخل النار وان صام وصلی۔ کہ جو شخص اس حال میں مرے کہ وہ آل محمد سے دشمنی رکھتا ہو تو وہ شخص آگ میں داخل ہوگا اگرچہ وہ نماز پڑھتا ہو اور روزہ رکھتا ہو۔ اس روایت کو طبرانی اور حاکم نے روایت کیا ہے،

وکلاء صحابہ تمہیں بی بی اسماء عائشہ کی بہن کے متعہ کا واسطہ انصاف کرو

ارباب انصاف ابن عباس نے آیت متعہ میں الی اجل مسمّٰی پڑھا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ آیت فما استمتعتم نکاح متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے کیونکہ مدت معین صرف متعہ میں ہوتی اور اجل مسمّٰی کا مطلب بھی مدت معین ہے، اور ابن عباس کی روایت کی تصحیح پر سنی عالم حاکم نے نص فرمائی ہے اور حاکم کی اس تصحیح پر علامہ سیوطی نے اس تصحیح کو نقل کر کے خاموشی فرمائی ہے جس کا مطلب یہ ہوا کہ سنی علماء کے نزدیک متعہ حلال ہے اگر حلال نہیں ہے تو سیوطی نے خاموشی کیوں اختیار فرمائی ہے؟ جس طرح سنی بھائی صحابہ کی خاموشی سے کئی چیزوں کیلئے پسند دلیل لاتے ہیں اسی طرح ہم بھی یہ سیوطی کی خاموشی کو جواز متعہ پر دلیل بناتے ہیں،

خلاصہ وکلاء صحابہ یا متعہ کو حلال مانیں اور یا جماعت صحابہ کو جھوٹا مانیں،

آیت متعہ میں "الیٰ اجل مسمّی" قرائت شاذہ ہے تو بھی سنیوں کے امام اعظم کے نزدیک اس پر عمل کرنا جائز ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان جلد ۱ صفحہ ۸۲ نوع ۲۲ تا ۲۷

اہل سنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری صفحہ از تشئید المطاعن صفحہ ۱۹۹

اہل سنت کی معتبر کتاب مسلم الثبوت صفحہ م محب اللہ بہاری

اتقان کی عبارت: النبیہ الخامس اختلف فی العمل بالقراءۃ الشاذۃ، وذکر القاضیان ابو الطیب والحسین والرویانی والرافعی العمل بہا تنزیلا لہ منزلۃ الاحاد وعلیہ ابو حنیفہ ایضاً واحتج علی وجوب التتابع فی صوم کفارۃ الیمین بقراءۃ متتابعات

ترجمہ قرائت شاذہ پر عمل کرنے میں اختلاف ہے قاضی ابو طیب اور قاضی حسین اور دیگر علماء نے قرائت شاذہ کو خبر واحد کا درجہ دیتے ہوئے اس پر عمل کو جائز قرار دیا ہے اور امام ابو حنیفہ کا بھی یہی مذہب ہے انہوں نے کفارہ یمین کے روزوں میں وجوب تتابع کا فتویٰ دیا ہے قرائت متتابعات کے باعث

عمدۃ القاری کی عبارت: اختلف اصحاب الاصول فیما نقل احاداً ومنہ قرائت الشاذۃ کمصحف ابن مسعود وغیرہ ہل ہو حجۃ ام لا اثبتہ ابو حنیفہ وبنی علیہ وجوب التتابع فی صوم کفارۃ الیمین بما نقل من مصحف ابن مسعود من قولہ ایام متتابعات،

ترجمہ، خبر واحد کی حجیت میں اختلاف ہے اور اسی کی قسم ہے قرائت شاذہ امام ابو حنیفہ نے قرائت شاذہ کی حجیت کو ثابت کیا ہے۔

اور ابو حنیفہ نے اسی جواز عمل قرائت شاذہ پر بنا رکھی ہے وجود تتابع کی کفارہ یمین کے روزوں میں کیونکہ مصحف ابن مسعود میں آیت پاک کے لفظ ایام کے بعد لفظ متتابعات نقل ہوا ہے،

علامہ سیوطی اور عینی کے بعد محب اللہ بہاری کا اعلان کہ قرائت شاذہ حجت ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب مسلم الثبوت صفحہ از تشئید المطاعن صفحہ ۱۹۶

مسئلۃ القرائۃ الشاذۃ حجۃ ظنیۃ لنا مسموع عن النبی وکلما کان مسموعاً منہ فہو حجۃ، امام اہل سنت محب اللہ بہاری فرماتے ہیں قرائت شاذہ حجت ظنی اور حجت ہے، اور دلیل اس کی حجیت کی یہ ہے کہ یہ قرائت شاذہ بھی نبی کریمؐ سے مسموع ہے اور جو بات نبی کریمؐ سے مسموع ہو وہ حجت ہے،

وکلاء صحابہ تمہیں ماں کے دودھ کا واسطہ انصاف کرو

قرآن پاک سے اور کتب اہل سنت کی تحقیقات سے ہم نے متعہ کے حلال ہونے کو ثابت کر دیا ہے اور یہ بات بھی روشن ہو گئی کہ مسئلہ متعہ میں خدا تعالیٰ اور اہل سنت میں اختلاف ہے، اللہ پاک فرماتا ہے کہ متعہ حلال ہے اور امام اعظم صاحب اور انکی پارٹی فرماتی ہے کہ متعہ حرام ہے، جو شخص متعہ کو حلال نہیں سمجھے گا اور اللہ پاک کا ساتھ نہیں دے گا وہ اس آیت کا مصداق بنے گا، ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الکافرون، جو شخص اللہ پاک کی نازل کردہ آیت کے مطابق حکم نہیں کرے گا وہ کافر ہے،

وکلاء صحابہ کا متعہ کو زنا ثابت کرنے سے عاجز ہونا

تفسیر کبیر کی عبارت: روی ان عمر قال لا اوتی برجل نکح امرأۃ الی اجل الا رجمتہ۔

ترجمہ: روایت ہے کہ عمر نے کہا تھا کہ جب بھی کسی نے متعہ کیا اور اس کو میرے پاس لایا گیا تو میں اسکو سنگسار سے قتل کروں گا۔

کنز العمال میں بھی اسی طرح لکھا کہ ابن عمر نے گواہی دی ہے کہ عمر نے کہا تھا کہ جو متعہ میں پکڑا گیا اس کو قتل کر دیا جائے گا۔

نوٹ: جناب عمر ایک جابر اور آمر حکمران تھے۔ اور اپنی حکومت کے مخالفوں کو کچلنے میں بہت تیز تھے۔ جب ابو بکر نے اپنے بعد عمر کو اپنا ولی عہد بنانے میں خفیہ سازش کی تو اصحاب بھڑک اٹھے تھے اور ابو بکر کو کہا تھا کہ تو خدا کو کیا جواب دے گا کہ عمر کو تو نے ہم پر مسلط کر دیا۔ عمر ابھی حکومت منوانے کے لیے رسول کے دروازے پر آگ اور لکڑیاں بھی لایا تھا پس بیچارے اکثر اصحاب عمر کے ڈر سے مسئلہ متعہ میں چپ رہے اور تقیہ کر کے زندگی کے دن پورے کرتے رہے۔

سکوت صحابہ کے موقف کو خود اہل سنت علماء نے اپنی تحقیقات کی گولہ باری سے تباہ و برباد کر کے رکھ دیا ہے

۱: اہل سنت کی معتبر کتاب طبقات فقہائے شافعیہ ج۲ ص۲۴۳ مؤلف تاج الدین عبدالوہاب السبکی۔ ذکر اسحق بن راہویہ

۲: اہل سنت کی معتبر کتاب جامع الاسرار شرح منار — از تشیید المطاعن مؤلف قوام الدین محمد بن محمد احمد الکاکی۔

۳: اہل سنت کی معتبر کتاب کشف الاسرار شرح اصول بزدوی مؤلف عبدالعزیز بن احمد بن محمد البخاری از تشیید المطاعن ص۱۱۹

طبقات شافعیہ کی عبارت	رب سکوت ابلغ من نطق کتنے سکوت اور خاموشیاں ہیں کہ جن میں بولنے

سے بلاغت زیادہ پائی جاتی ہے۔

کشف الاسرار کی عبارت	فاعرض عن جوابهم امتثالا لقوله تعالی و اذا سمعوا اللغو اعرضوا عنه۔ نبی کریمؐ نے ابن زبعریٰ

کو جواب دینے سے خاموشی اسی آیت کی روشنی میں فرمائی تھی کہ جب وہ نیک لوگ لغو اور فضول بات کو سنتے ہیں تو اس سے اعراض اور منہ پھیر لیتے ہیں۔

نوٹ: عمر کے متعہ کو حرام کرنے کے بعد اصحاب اس لیے خاموش رہے کہ انہوں نے جناب عمر کے لغو اور فضول کلام کو جواب کے قابل ہی نہ سمجھا جس طرح نبی کریمؐ نے ابن زبعری کے کلام کو جواب کے قابل ہی نہ سمجھا تھا۔ کیونکہ کتنی خاموشیاں ہیں جو بولنے سے زیادہ بلیغ اور بہتر ہیں۔

جب کاذب آثما غادرا خائنا کی حضرت عمر گردان پڑھ رہے تھے اس وقت بھی حضرت علی خاموش رہے تھے اس سکوت کے بارے کیا خیال ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ج۲ ص۹۱ باب الفئ

عن عمر... فرأيتماه كاذبا آثما غادرا خائنا... فرأيتماني كذالك،

جناب عمر نے حضرت علیؑ سے کہا تھا کہ تم اور عباس دونوں جناب ابوبکر کو اور مجھ بندہ مسکین کو جھوٹا اور گنہگار اور دھوکہ باز اور خیانت کار سمجھتے ہو اور جناب امیرؑ یہ کلام عمر سن کر خاموش رہے تھے۔

نوٹ: ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ مسئلہ متعہ میں اگر جناب امیر کی خاموشی سے صداقت عمر ثابت کی جا سکتی ہے تو حضرت امیر جناب عمر کی مذکورہ گردان پڑھتے وقت بھی خاموش رہے تھے پس اس خاموشی سے بھی عمر کی صداقت لازم آئی اور اس صداقت سے مذکورہ کلام میں جو القاب کاذبا وغیرہ ہیں انکا مصداق پھر کون ٹھہرا قابل غور نکتہ ہے کلام عمر کے بعد حضرت علیؑ نے عمر کی تردید نہیں کی ان پر نکیر نہیں کی اور اس عدم نکیر اور سکوت سے ثابت ہوا کہ بے شک حضرت ابوبکر اور عمر کو حضرت علیؑ اسی طرح ہی سمجھتے تھے جس طرح حضرت عمر نے بیان فرمایا ہے۔

خلاصۃ الکلام اہل بیت رسولؐ کے سکوت اور عدم نکیر کو وکلاء صحابہ اس مقام میں اہمیت نہیں دیتے جس طرح کہ مسئلہ فدک میں آل رسولؐ کی نکیر اور احتجاج کو ابوبکر اور عمر نے اہمیت نہیں دی تھی۔ ابوبکر کو رسولؐ اللہ کی بیٹی نے مسجد میں جا کر سمجھایا کہ تیرا فیصلہ غلط ہے۔ مگر وہ غلط فیصلہ پر ڈٹا رہا۔

حضرت عمر کا مسئلہ متعہ میں خدا اور رسول کی نافرمانی کرنا اور رازی

سیمت وکلا صحابہ کا عمر کی صفائی میں عدم نکیر والا عذر پیش کرنا

وکلا صحابہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمر نے متعہ سے منع فرمایا تھا اور یہ منع انکی اسلام کے خلاف بغاوت تھی تو اصحاب نے انکو اس وقت روکا اور ٹوکا کیوں نہیں ہے اور تمام اصحاب نے خاموشی کیوں اختیار فرمائی تھی اس عدم نکیر اور خاموشی سے بقول امام رازی کے اصحاب پر حرف آتا ہے پس عدم نکیر صحابہ اور سکوت صحابہ سے معلوم ہوا کہ متعہ زمانہ رسالت ہی میں منسوخ ہو گیا تھا۔ اور انا انہی قول عمر کا مطلب یہ ہے کہ میں اس حکم کو ظاہر کرتا ہوں۔

جواب سکوت صحابہ والا عذر بالکل جھوٹا اور بے بنیاد ہے

پہلا جواب سکوت صحابہ کا

ارباب انصاف سکوت صحابہ وہ بہانہ ہے کہ وکلا صحابہ جب بھی کسی مسئلہ میں لاجواب ہو جاتے ہیں پھر اجماع صحابہ اور سکوت صحابہ والی توپ کا سہارا لیتے ہیں اور ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ جب مدینہ میں عثمان قتل ہوا تھا۔ تو اہل مدینہ جو کہ صحابہ اور صحابیات کا گڑھ تھا خاموش ہے پس قتل عثمان کے وقت تمام صحابہ کا سکوت اس بات کا مضبوط ثبوت ہے کہ قتل عثمان بالکل درست اور صحیح تھا اگر قتل عثمان ظلم اور ناحق تھا تو اصحاب خاموش کیوں رہے جنگ کیوں نہ کی۔ سکوت صحابہ نے خون عثمان کے کیس کو برباد کیا۔

سکوت صحابہ کے عذر کا جواب ۲

عمر کے متعہ کو منع کرنے کے بعد سکوت صحابہ اور عدم نکیر صحابہ کے دعویٰ کرنا بالکل ہٹ دھرمی اور بے انصافی ہے کیونکہ یہ شہادت علی النفی ہے جو ارباب انصاف کی نگاہ میں قبول نہیں ہے۔ نیز عمر بن خطاب ایک ضدی قسم کا حاکم تھا صحابہ کے منع کرنے کے باوجود بھی باز نہیں آتا تھا۔ جیسا کہ اہل سنت کی معتبر کتاب طبقات الامم ص — مؤلف قاضی صاعد اندلسی منقول از حضرت جیحون سنہ میں لکھا ہے کہ فتح مصر کے بعد وہاں جو کتب خانے تھے حضرت عمر نے انکو آگ لگانے کا حکم دیا تھا اور حضرت علی علیہ السلام نے عمر کو اس حرکت سے منع فرمایا تھا مگر عمر صاحب نے حضرت علی کا فرمان ماننے سے انکار کر دیا تھا۔ عین ممکن ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے عمر کو متعہ کے روکنے سے منع کیا ہو اور مگر عمر صاحب نے آنجناب کے فرمان کو اسی طرح ٹھکرا دیا ہو جس طرح آیت فما استمتعتم حکم خدا کو ٹھکرا دیا تھا۔ رہا یہ احتمال کہ اگر حضرت علی نے منع فرمایا ہوتا تو منقول ہو کر آتا۔ مردود ہے کیونکہ یہ عدم وجدان سے عدم وجود پر دلیل ہے جو کہ ممنوع ہے اور صحیح نہیں ہے۔

سکوت صحابہ کے عذر کا جواب ۳

جب آیت متعہ میں عبد اللہ بن عباس نے الی اجل مسمی پڑھا اور ابی بن کعب نے بھی اسی طرح پڑھا تو تمام اصحاب خاموش رہے۔ اس جگہ اصحاب کی خاموشی سے جس طرح انکا کفر لازم نہیں آتا اسی طرح عمر کے سامنے اس کے نہی عن المتعہ کے وقت اصحاب کی خاموشی سے انکا کفر لازم نہیں آتا۔

جناب عمر کا حکم خدا اور رسول کی مخالفت کرتے ہوئے متعہ کو منع کرنا اور

صحابہ کرام کا عمر کے اس فیصلہ کو قبول نہ کرنا اور اس کی مخالفت کرنا بلکہ مذمت کرنا

مسئلہ متعہ میں عمر سے کتاب اہلسنت تفسیر در منثور ص ۱۴۱ ج ۲ آیت متعہ میں ابن عباس کی مخالفت کا یہ لکھا ہے قال ابن عباس - یرحم اللہ عمر ما کانت المتعۃ الا رحمۃ من اللہ رحم بھا امۃ محمد ولو لا نہیہ عنہا ما احتاج الی الزنا الا شقی - عبد اللہ بن عباس فرمایا کرتے تھے کہ اللہ رحم کرے عمر پہ - امت محمد پہ متعہ اللہ کی رحمت تھی اور اگر جناب عمر متعہ کرنے سے منع نہ فرماتے تو زنا کرنے کی ضرورت صرف شقی کو پڑتی۔

نوٹ :- ابن عباس کے اس فرمان میں اعلانیہ عمر کی مخالفت ہے اور عمر کے متعہ کو روکنے کی نکیر اور مذمت ہے اور ابن عباس نے صاف لفظوں میں قیامت تک ہونے والے زنا کی ذمہ داری بھی جناب عمر کی ذات پر ڈالی ہے

مسئلہ متعہ میں عمر کی عمران نے مذمت کی کتاب اہلسنت فتح الباری ج ۳ ص ۳۴۳ کتاب الحج کتاب اہلسنت صحیح بخاری تفسیر سورہ بقرہ ص -

انزلت آیۃ المتعۃ فی کتاب اللہ ففعلنا ھا مع رسول اللہ ولم ینزل قرآن یحرمہ ولم ینہ عنہا حتی مات قال رجل برأیہ ما شاء

صحابی رسول اللہ عمران بن حصین فرماتا ہے کہ قرآن پاک میں آیت متعہ اتری ہے اور ہم نے رسول اللہ کے زمانہ میں متعہ کیا ہے اور قرآن پاک میں متعہ کو روکنے والا کوئی حکم نہیں آیا حتی کہ نبی پاک کی وفات ہوئی اور کہا ایک مرد نے اپنی مرضی سے جو چاہا (اور مراد عمر ہے)۔

مسئلہ متعہ میں ابن عباس نے جناب عمر کی ٹھوک بجا کر مخالفت کی ہے

اور اسی چیز نے امام رازی کے علم و تکبر اور اغیارہ کی ہوا خارج کر دی ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ص ۲۱۹ ج ۱ از الغدیر ص ۲۰۸ ج ۶

قال عروۃ لابن عباس جناب عروہ بن زبیر نے حضرت عبد اللہ بن عباس سے کہا کہ کیا تو خدا سے نہیں ڈرتا اور متعہ کی لوگوں کو اجازت دیتا ہے جناب ابن عباس نے فرمایا کہ وسل امک یا عریہ کہ اس متعہ کے بارے تو اپنی ماں محترمہ سے پوچھ۔ عروہ نے کہا ابو بکر اور عمر نے متعہ نہیں کیا۔ جناب ابن عباس نے فرمایا واللہ ما اراکم منتھین حتی یعذبکم اللہ نحدثکم عن النبی و تحدثونا عن ابی بکر و عمر کہ تم غلط باتوں سے نہیں رکو گے حتی کہ خدا تم پہ عذاب نازل کرے گا میں تم کو رسول اللہ کے فرمان سناتا ہوں اور تم مجھے ابو بکر اور عمر کی باتیں سناتے ہو

نوٹ :- ابن عباس کا ایک فرمان اس قبل بھی گزرا ہے ان دونوں کو ملا کر دیکھو تو صاف ظاہر ہے کہ مسئلہ متعہ میں ابن عباس نے قیامت تک کے زنا کی ذمہ داری جناب عمر پر ڈالی ہے اور متعہ کو منع کرنے کی بات پر ابن عباس نے جناب عمر کی کھل کر مخالفت فرمائی ہے اگر متعہ زنا ہے تو کیا ابن عباس صحابی ہو کر زنا کی اجازت دیتا تھا اور ساتھ ساتھ یہ دھمکی بھی دیتا تھا کہ اگر اس زنا کو جائز نہیں مانو گے تو تم پہ پتھر برسیں گے۔ اور کیا عروہ کی ماں اسماء بنت ابی بکر جو متعہ کو جائز جانتی تھی کیا وہ زنا کو جائز جانتی تھی۔

جابر بن عبداللہؓ کا مسئلہ متعہ میں جناب عمر کی مخالفت کرنا اس مخالفت سے سکوت صحابہ والی دلیل پر کاری ضرب لگتی ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب سنن الکبری جلد ۷ صفحہ ۲۰۶ ذکر متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم صفحہ 12 ذکر متعہ

عن ابی نضرۃ عن جابر قال قلت الخ

ابو نضرہ بیان کرتا ہے کہ میں نے جابر سے کہا کہ ابن زبیر متعہ سے منع کرتا ہے اور ابن عباس متعہ کی اجازت دیتا ہے حضرت جابر نے فرمایا کہ سارا قصہ میرے سامنے ہوا ہے۔ ہم نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں اور ابو بکر کے زمانہ میں متعہ کیا ہے اور جب عمر حاکم بنا تو اس نے خطبہ دیا اور کہا کہ رسولؐ خدا وہی پہلے والا رسولؐ ہے اور قرآن پاک بھی وہی قرآن ہے وانھما کانتا متعتان علی عھد رسول اللہ وانا انھی عنھما واعاقب علیھما

عمر نے کہا کہ دو متعے زمانہ رسالت میں تھے اور میں ان کو منع کرتا ہوں اور مخالفت کرنے والے کو سزا دوں گا۔ ایک متعہ حج ہے اور دوسرا متعۃ النساء اور جس نے کیا اس کو سنگسار کروں گا۔

نوٹ :۔ مسئلہ متعہ میں جناب عمر کی مخالفت کا مذکورہ روایت ٹھوس ثبوت ہے۔ حضرت جابر صحابی نے کھلے الفاظ میں عمر کی مخالفت فرمائی ہے البتہ عمر کے سر میں ڈنڈا اٹھا کر نہیں مارا۔

مسئلہ متعہ میں جناب عمر کی اسماء بنت ابی بکر نے بھی مخالفت کی ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب مسند ابو داود الطیالسی صفحہ ۲۲۷

قال دخلنا علی اسماء بنت ابی بکر فسألنا عن متعۃ النساء فقالت فعلناھا علی عھد النبی

مسلم قرشی کا بیان ہے کہ ہم نے اسماء بنت ابی بکر سے متعۃ النساء کی بابت سوال کیا تھا اس مرحومہ نے فرمایا کہ یہ متعۃ النساء زمانہ رسولؐ اللہ میں ہم نے خود کیا۔

نوٹ :۔ ابو بکر کی بیٹی اور جناب عائشہ کی سگی بہن نے متعہ کے مسئلہ میں نہایت شرافت کے ساتھ اپنے چچا عمر کی مخالفت فرمائی ہے اگر متعہ منسوخ ہو گیا تھا تو یہ ذکر تی اس بی بی کی خاموشی سے ثابت ہوا کہ متعہ منسوخ نہیں ہوا۔

مسئلہ متعہ میں زمانہ عمر کے مسلمانوں نے عمر کی مخالفت کی ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ طبری جلد ۵ صفحہ ۲۷۴۳ ذکر عمر سنہ ۲۳

یہ روایت اس سے قبل تفصیل کے ساتھ گزر چکی ہے کہ عمران بن سوادہ نے عمر کو بتایا کہ عابت رعیتک اربعا کہ جناب کی رعایا نے چار باتیں آپ کی ناپسند کی ہیں۔ منہا ذکروا انک حرمت متعۃ النساء ایک ان میں یہ ہے کہ آپ نے متعۃ النساء کو منع کر دیا ہے حالانکہ اس کی اللہ کی طرف سے اجازت تھی۔ نوٹ یہ روایت اس امر کا ٹھوس ثبوت ہے کہ متعہ کے بارے میں سنی مسلمانوں نے عمر کی مخالفت کی ہے

جناب عمر کے ساتھ جواز متعہ کی بابت ایک مسلمان کا مناظرہ کرنا اور جناب عمر کا لاجواب ہو کر ازروئے انصاف ہار جانا

اہلسنت کی معتبر کتاب کنز العمال ج۸ ص۲۹۳ ذکر متعہ

ابی خیثمہ کی بیٹی ام عبداللہ جو کہ زمانہ فاروق اعظم میں مدینہ شریف کی مشہور ترین دلالہ تھی اور لوگوں کو متعہ کرواتی تھی۔ بیان فرماتی ہے کہ ایک آدمی شام سے آیا اور مجھے کہا کہ کنوارہ رہنا میرے لئے بہت مشکل ہو گیا ہے میرے لیے ایک عورت کا انتظام کریں میں نے ایک عورت سے اسکا متعہ کروایا اور وہ شخص اس عورت کے ساتھ ٹھہر کر کہیں باہر گیا اور ادھر جناب عمر کو اسکے متعہ کا پتہ چل گیا انہوں نے اس دلالہ کو بلوایا اور پوچھا۔ دلالہ نے الف سے ی تک تمام واقعہ بتا دیا عمر نے کہا جب وہ مرد آئے تو مجھے بتانا جب وہ مرد آیا تو عمر کے پاس اس کو حاضر کیا گیا عمر نے کہا کہ تم نے متعہ کیوں کیا ہے قال فعلته مع رسول الله ثم لم ينهنا عنه حتى قبضه الله ثم مع ابی بكر فلم ينهنا عنه حتى قبضه الله ثم معك فلم تحدث لنا فيه نهيا

ترجمہ:۔ اس مرد نے کہا رسول پاکؐ کے زمانہ میں ہم نے متعہ کیا اور آنجنابؐ نے ہم کو منع نہیں کیا حتیٰ کہ وفات پا گئے اور میں نے یہ متعہ ابو بکر کے زمانہ میں بھی کیا ہے اور انہوں نے بھی منع نہ فرمایا حتیٰ کہ وہ مر گئے اور آپ کی حکومت کے دوران بھی میں نے متعہ کیا ہے اور حضور نے بھی منع نہیں کیا عمر نے کہا کہ اگر میں نے تم کو پہلے روکا ہوتا تو آج میں تم کو سنگسار کرتا۔

نوٹ:۔ یہ روایت کنز العمال میں موجود ہے اور عمر کا ہار جانا صاف ظاہر ہے

حضرت علی نے بھی متعہ کو روکنے کے بارے جناب عمر کی مخالفت فرمائی ہے اور عمر کے نامہ اعمال میں لوگوں کے زنا کے درج ہونے کی تصدیق فرمائی ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ج۲ ص۱۴۰ النساء آیت ۲۴

اخرج عبد الرزاق وابو داؤد فی ناسخه وابن جرير عن الحكم انه سئل عن هذه الاية امنسوخة قال لا وقال علی لولا ان عمر نهى عن المتعة ما زنى الا شقی

جناب حکم سے سوال ہوا کہ کیا آیت متعہ منسوخ ہے۔ اس نے فرمایا نہیں، اور حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر عمر صاحب متعہ سے منع نہ کرتا تو زنا نہ کرتا مگر شقی۔

نوٹ:۔ علامہ سیوطی کو دکلا صحابہ نے نویں صدی کا مجدد قرار دیا ہے اور کتب رجال میں اس کے فضائل بے شمار ذکر کئے ہیں اور یہ سیوطی اپنی اس تفسیر کے خطبہ میں فرماتا ہے جو وصل الینا بالاسناد العالی من الخبر المأثور کہ میں نے قرآن پاک کی تفسیر کی ہے ان اخبار کے ذریعہ جو اسناد عالی کے ساتھ میرے تک پہنچی ہیں پس علامہ سیوطی نے جناب عمر پر حضرت علیؑ کی تنقید اور یہ گواہی کہ لوگوں کو زنا کا محتاج حضرت عمر نے کیا بسند عالی نقل فرما کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ متعہ کو عمر کے حرام کرنے کے بعد اصحاب نے عمر کو معاف نہیں کیا اور خاص طور حضرت علیؑ نے تو عمر کو اس مسئلہ میں بہت بڑا مجرم قرار دیا ہے اور قیامت تک ہونے والے زنا کا حضرت عمر کو ذمہ دار قرار دیا ہے اور یہ تیرہ مسئلہ متعہ میں حضرت عمر کی صاف مخالفت ہے۔

جناب عمر کا متعہ کو حرام کرنا اور وکیل عمر امام رازی کا صفائی دینا
ان دونوں باتوں پر دوبارہ غور و فکر اور عالم اسلام کو دعوت انصاف

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر صفحہ ۱۹۶ ج ۳ النساء آیت متعہ
ما روی عن عمر انہ قال فی خطبتہ متعتان کانتا علی عہد رسول اللہ الخ
ترجمہ: حضرت امام رازی کی وکالت عمر فرماتے ہوئے کہتے ہیں کہ حرمت متعہ کی ایک یہ دلیل بھی ہے کہ جناب عمر نے اعلان فرمایا کہ دو متعہ زمانہ رسالت میں تھے اور میں ان کو حرام کرتا ہوں حضرت عمر نے یہ کلام مجمع صحابہ میں فرمایا تھا اور اس وقت کسی بھی صحابی نے جناب عمر کے فرمان کو ٹوکا نہیں ہے اور یہ نہیں کہا کہ متعہ سے نبی کریم نے منع نہیں فرمایا لہذا آپ کو منع کرنے کا کوئی حق نہیں پہنچتا۔ اور صحابہ کرام کے نہ بولنے کی تین وجوہات ہو سکتی ہیں ۱۔ فی الواقع متعہ حلال تھا۔ اور صحابہ کرام کا نہ بولنا علی سبیل المداہنہ تھا یعنی انہوں نے منافقت سے کام لیا ہے اور یہ وجہ باطل ہے کیونکہ اس وجہ سے حضرت عمر اور صحابہ کرام کا کافر ہونا لازم آتا ہے کیونکہ جب متعہ حلال تھا اور حضرت عمر نے فرمایا کہ میں اس کو حرام کرتا ہوں اور نبی کریم نے اس کو نہیں کیا تھا تو اس جسارت اور بغاوت سے حضرت عمر کا کفر لازم آتا تھا اور صحابہ کرام کو جب معلوم ہے کہ متعہ حلال ہے اور پھر وہ عمر کے سامنے خاموش ہیں اور اس خاموشی سے وہ عمر کی تصدیق کر رہے ہیں تو ان صحابہ کرام کا بھی کافر ہونا لازم آتا ہے اور چونکہ کفر حضرت عمر اور کفر صحابہ کو تسلیم کرنا

درست نہیں ہے پس فی الواقع متعہ کا حلال ہونا بھی درست نہیں ہے
۲۔ اور یا صحابہ کرام عمر کے سامنے اس لئے خاموش رہے اور نہ بولے کہ ان کو متعہ کے حلال یا حرام ہونے کا علم نہ تھا۔ اور مسکین اس مسئلہ میں حقیقت سے جاہل تھے اور یہ وجہ بھی باطل ہے کیونکہ متعہ بھی نکاح کی مثل روزمرہ کی ضرورت تھی لہذا متعہ کے حکم سے صحابہ کا جاہل ہونا بھی قابل تسلیم نہیں ہے۔
۳۔ اور یا صحابہ کرام عمر کے سامنے اس لئے خاموش رہے کہ فی الواقع متعہ حرام تھا اور جناب عمر نے بھی یہی اعلان فرمایا تھا کہ متعہ حرام ہے پس صحابہ کرام کی خاموشی کی وجہ ان کا متعہ کے بارے علم یا [illegible] کا اختیار کرنے سے کوئی حرف نہیں آتا اور متعہ کی حرمت بھی ثابت ہو جاتی

خلاصۃ الکلام: بے شک عمر نے متعہ کو روکنے سے نہی کو اپنی طرف نسبت دی ہے مگر مراد ان کی یہ تھی کہ متعہ زمانہ رسالت میں منع ہوا ہے اور میں بھی منع کرتا ہوں اگر ان کی مراد یہ ہوتی کہ زمانہ رسالت میں متعہ منع نہیں تھا اور میں منع کرتا ہوں تو اس دعویٰ سے عمر کا کافر ہونا لازم آتا ہے اور عمر کے خطبہ کو سن کر اصحاب کیوں خاموش رہے۔ اصحاب کا خاموش رہنا بھی اصحاب کی تکفیر کا باعث ہے مزید خلاصۃ الکلام کہ اس دلیل میں سکوت صحابہ کو عمر کے سامنے حرمت متعہ کی دلیل بنایا گیا ہے اور شیعہ علماء نے رازی کی اس دلیل پر جو ضرب کاری لگائی ہے۔ اس کو اہل علم کے سامنے پیش کر کے تمام اہل اسلام کو دیانت و انصاف کا واسطہ دے کر ہم دعوت فکر دے رہے ہیں۔

وکلاء صحابہ تمہیں ماں کے دودھ کا واسطہ انصاف کرو حضرت عمر نے مذکورہ واقعات میں نبی کریم سے متعہ کو منع کرنے کا ذکر کیوں نہ کیا

ہم نے کتب اہلسنت سے خطبہ عمر پیش کیا ہے اس میں الفاظ یہ ہیں انا انھی کہ متعہ سے میں منع کرتا ہوں۔ وکلاء عمر نے دوسری رپورٹ میں بھی یہی الفاظ نقل کئے ہیں انا انھی عنھن واعاقب کہ تین چیزوں کو میں منع کرتا ہوں اور میں حرام کرتا ہوں۔ اور شیخ نمیری کے واقعہ سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے کہ متعہ کو حرام کرنے کی نسبت عمر نے اپنی طرف دی ہے اور طبری سے عمران بن سوادہ لیثی کی رپورٹ سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے کہ چونکہ عمر نے خود متعہ منع کیا تھا اس لئے رعایا نے اس کی اس جسارت کو برا سمجھا اور زاد المعاد میں ابن قیم نے بھی سنی ہونے کے باوجود تسلیم کیا ہے کہ متعہ خود عمر نے حرام کیا ہے اور ابن عباس اور عمران بن حصین نے بھی اعلان فرمایا ہے کہ متعہ خود عمر نے منع کر کے لوگوں کو زنا کا محتاج بنایا اور جابر صحابی نے بھی یہی رپورٹ دی ہے کہ متعہ زمانہ رسالت اور ابو بکر میں حلال رہا اور خود عمر نے منع کیا ہے اور اسماء بنت ابی بکر نے بھی تحریم متعہ میں عمر کو جھٹلایا ہے اور مسلمانوں نے اس متعہ کے مسئلہ میں عمر سے مناظرہ کر کے ثابت کیا ہے کہ متعہ سے خود عمر نے منع کیا ہے امیر المومنین علی علیہ السلام نے بھی قیامت تک ہونے والے زنا کو عمر کے کھاتہ میں ڈالا ہے ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ مذکورہ واقعات گواہ ہیں کہ عمر نے خود متعہ کو منع کر کے خدا اور رسول کے خلاف بغاوت کی ہے اور ایسا شخص صحیح خلیفہ نہیں ہو سکتا

صحابہ کی خاموشی اور عدم نکیر کو جناب عمر کی صفائی میں دلیل بنانا غلط ہے اور اب ہم سکندر کو دلائل کی گولہ باری سے ریزہ ریزہ کرتے ہیں

ہم پہلے بھی اس چیز کو ذکر کر چکے ہیں کہ وکلاء صحابہ جب کسی محاذ جنگ میں عاجز آجاتے ہیں اور قرآن و حدیث سے کسی مطلب کو ثابت نہیں کر سکتے تو پھر اجماع صحابہ اور سکوت صحابہ والی شرلی چھوڑتے ہیں اور ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں آیت قرآن اور حدیث رسول اللہ سے متعہ کا حلال ہونا رسول اللہ کے زمانہ کے بعد بھی ثابت ہے۔ اور قرآن و حدیث کے خلاف اجماع صحابہ کی کوئی قیمت نہیں ہے

اگر عدم سکوت اور نکیر صحابہ کیلئے واجب تھا تو بھی کیا واجب سے ادائی کا فرض نہیں سمجھا

ارباب انصاف جب عمر نے متعہ کو منع کیا تھا اور حکم عمر خلاف شریعت تھا اور بقول امام اہلسنت امام رازی کے اس وقت صحابہ خاموش کیوں رہے ان کے لئے بولنا واجب تھا پس ان کے سکوت سے ان کا کفر لازم آتا ہے ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ یہ ہماری فتح مبین ہے کہ ہمارے مقابلہ میں امام رازی بیچارا اس طرح بے بس اور بد حواس ہوا ہے کہ صرف ایک واجب کے ترک سے صحابہ کا کفر تسلیم کر لیا ہے اور اگر صرف ایک واجب کے ترک سے کوئی کافر بن جاتا ہے تو پھر ہر صحابہ نے تاریخ گواہ ہے کہ کئی واجبات ترک کئے تھے اور صحابہ معصوم بھی نہیں تھے۔ پس بیچارے رازی نے ایک عمر کو کفر سے بچاتے بچاتے صحابہ کرام کا کفر تسلیم کر کے شیعوں کی فتح کا اعلان کر دیا ہے۔

وکلا صحابہ کی قرار داد کہ کسی مسئلہ میں بعض علماء کی خاموشی اس امر کی دلیل نہیں ہے کہ وہ اس مسئلہ میں متفق ہیں خاموشی مفتی کے خوف کی وجہ سے بھی ہو سکتی ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب شرح منہاج بیضاوی ص ۱۸ (تیسیر المطالب) عن ص
السادسہ۔ فیما ادخل فی الاجماع ولیس منہ اذا قال البعض من
اہل عصر واحد او جماعۃ قولا وسکت الباقون عنہ مع معرفتہم
بہ ولم ینکرہ احد منہم . . . فلیس باجماع ولا حجۃ
امام الحرمین انہ ظاہر مذہبہ وقال الغزالی نص علیہ فی الجدید
واختارہ الامام الرازی واتباعہ ٥
لنا علی انہ لیس باجماع ولا حجۃ . . . وانہ ربما سکت لتوقف لانہ
لم یجتہد بعد فلا رای لہ فی المسئلۃ او اجتہد فتوقف لتعارض الادلۃ
او خوف من المفتی تعظیما لہ او ہابۃ او الفتنۃ فسکت لذالک۔
او رای تصویب کل مجتہد فسکت لانہ لا یری الانکار فرضا ومع قیام
ھذہ الاحتمالات لا یدل علی الموافقۃ

ترجمہ: امام اہلسنت محمد بن الامام بالکاملیہ فرماتے ہیں کہ بحث اجماع
میں کہ کچھ چیزیں اجماع میں داخل کی گئی ہیں اور وہ اجماع کی قسم نہیں ہیں
اور وہ یہ ہے کہ جب ایک زمانہ میں ایک جماعت یا ایک عالم کوئی
قول یا فتویٰ دیتا ہے اور دوسرے علماء کو اس کا فتویٰ
معلوم ہوا ہے اور وہ اس علم کے باوجود اس فتویٰ کی تردید
نہیں کرتے بلکہ خاموش رہتے ہیں۔

پس اس خاموشی کے باوجود وہ فتویٰ اجماع کا حکم نہیں رکھتا اور حجۃ
نہیں ہے اور اسی بات کو قاضی ابو بکر باقلانی نے اختیار کیا ہے اور اس کو امام شافعی
سے نقل کیا اور کہا ہے کہ یہ شافعی کا آخری قول ہے اور امام الحرمین نے کہا ہے کہ
یہی ان کا ظاہر مذہب ہے اور جدید میں غزالی نے اس پر نص کی ہے اور امام
رازی اور اس کے پیروکاروں نے اسی مسلک کو اختیار کیا ہے
اور اس کے اجماع نہ ہونے کی دلیل یہ ہے کہ دوسرے علماء کے خاموش
رہنے کے وجوہات ہیں ممکن ہے کہ دوسرا عالم اس مسئلہ میں توقف رکھتا ہو۔
کیونکہ اس نے ابھی اس مسئلہ میں اجتہاد نہیں کیا اور اس میں اپنی رائے قائم نہیں کی
یا اس عالم نے اس مسئلہ میں اجتہاد کیا ہے اور پھر تعارض ادلہ کے باعث
توقف کو اختیار کیا ہے اور یا وہ عالم اس لئے خاموش ہے کہ اس مفتی
سے اس کو خوف ہے اور یا اس سے ڈرتا ہے یا تعظیماً چپ ہے اور یا فتنہ
کے خوف سے خاموش ہے اور یا اس خاموش عالم کا یہ مذہب ہے کہ ہر مجتہد
مصیب ہے اور اس کے خلاف انکار فرض نہیں ہے اور جب خاموشی کے اتنے
احتمالات ہیں تو کسی عالم کا خاموش رہنا اسکی موافقت پر دلیل نہیں اور نہ ہی یہ اجماع ہے

صحابہ کرام بھی عمر کے سامنے خوف اور فتنہ کے باعث خاموش تھے

جب عمر نے متعہ کو حرام کیا تھا تو اصحاب نے عمر کی مخالفت کی تھی اور اس کی
تردید کی تھی اور اگر کوئی وکیلِ عمر اس بات کو نہیں مانتا تو ہم یہ کہتے کہ بالفرض
اگر صحابہ خاموش بھی رہے تھے تو خاموشی موافقت کی دلیل نہیں ہے صحابہ
عمر کے خوف سے اور فتنہ کے خوف سے چپ ہے کیونکہ ہر چپ رضا کی
دلیل نہیں ہے اور اس بات میں ہماری موافقت سنی علماء نے کی ہے

سنی علماء کا فیصلہ کہ بات کو ظاہر نہیں کیا جا سکتا

اہلسنت کی معتبر کتاب طبقات فقہائے شافعیہ ص ۱۳ ج ۲
ترجمہ اسمٰعیل بخاری ۔ مؤلف تاج الدین سبکی از تشیید المطاعن ص ۱۱۶۷

فان قلت اذا کان حقا لم لا تفصح به قلت قد انبانا لك ان
السر فيه تشديدهم في الخوض في علم الكلام خشية ان ينجر
الكلام فيه الى ما لا ينبغي وليس كل علم يفصح به فاحفظ ما
نلقيه اليك واشدد عليه يديك ويعجبني ما انشده الغزالي
في منهاج العابدين لبعض اهل البيت . انى لاكتم من علمي جواهره
كي لا يرى الحق ذو جهل فيفتتنا يا رب جوهر علم لو ابوح به
لقيل لي انت ممن يعبد الوثنا ولاستحل رجال مسلمون دمي
يرون اقبح ما ياتونه حسنا ۔

ترجمہ :- اگر تو کہے کہ اگر یہ مسئلہ حق ہے تو اس کو ظاہر کیوں نہیں کیا جاتا تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہر علم کو ظاہر کرنا ہر وقت ممکن نہیں ہوتا اور غزالی کے اشعار پر توجہ دیں جو اس نے نقل کئے ہیں ۔

نوٹ :- ارباب انصاف ہمارے مولیٰ علی کی یہ کرامت ہے اور ہم شیعوں کی یہ فتح عظیم ہے کہ وکلاء صحابہ ہمارے سامنے جس چیز کا انکار کریں پھر حق تعالیٰ ان کو مجبور کر کے اسی چیز کا اقرار کرواتا ہے ۔ عمر نے متعہ خود حرام کیا ہے اور صحابہ کرام نے اس وقت سکوت اس لئے اختیار فرمایا کہ ہر علم کو ہر وقت ظاہر کرنا ممکن نہیں ہوتا ۔ کسی مصلحت کی وجہ سے صحابہ خاموش رہے ہیں ۔

وکلاء صحابہ کا اپنا فیصلہ کہ نبی کریمؐ کی خاموشی کے علاوہ اور کسی کی خاموشی کی کوئی وقعت نہیں ہے اس فیصلہ نے سکوت صحابہ والی دلیل کو ناکارہ کر دیا ہے

۱ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ج ۱۳ ص ۳۲۳ کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ

وقد اتفقوا على ان تقرير النبي لما يفعل بحضرته او يقال و يطلع عليه
بغير انكار دال على الجواز لان العصمة تنفي عنه ما يحتمل
في حق غيره فلا يقر على الباطل فمن ثم قال من غير الرسول فان
سكوته لا يدل على الجواز . . . باب من راى ترك النكير من النبي حجة

ترجمہ :- اگر کوئی شخص نبی کریمؐ کے سامنے کوئی کام کرے یا بات کرے اور آنجناب اس قول اور فعل پر مطلع بھی ہوں اور اس کو نہ روکیں اور نہ ٹوکیں تو یہ تقریر نبیؐ اس فعل اور قول کے جواز کی دلیل ہے کیونکہ حضور پاکؐ معصوم ہیں اور جو احتمال دوسروں کے حق میں ہے وہ عصمت کے باعث آنجناب سے منتفی ہے پس نبی کریمؐ باطل پر تقریر نہیں کریں گے ۔

اور اسی لئے امام بخاری نے فرمایا ہے من غیر الرسول کہ رسول پاکؐ کے علاوہ کسی کی خاموشی جواز پر دلالت نہیں کرتی ۔

اسی عبارت کے بعد ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ اگر کوئی قول کتاب اور سنت کے خلاف ہو تو اس قول کو چھوڑ دیا جائے گا اور کتاب و سنت پر عمل کیا جائے گا ۔ نوٹ :- ما نحن فیہ میں قول عمر ہے کہ متعہ حرام ہے اور قرآن و حدیث سے ثابت ہے کہ متعہ حلال ہے ہر مسلمان قول عمر کو چھوڑے گا اور حکم خدا اور رسولؐ کے سامنے سر جھکائے گا

وکلاء صحابہ کا اپنا فیصلہ کہ خاموشی صرف کنواری کی اور نبی کریمؐ کی حجت ہے اور اس فیصلے سے سکوت صحابہ والا بم ناکارہ ہو جاتا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب محلی ص لابن حزم از تشیید المطاعن ص ۱۱۶۹

والسکوت لیس رضا الا من اثنین فقط احدھما رسول اللہ المامور بالبیان ... وان الثانی البکر فی نکاحھا لنص الوارد فی ذالک ... لان ما عدا رسول اللہ یسکت تقیۃ او تدبیر فی امرہ او ترویۃ او لا یدری ان سکوتہ لا یلزم بہ شیٔ وھذا ھو الحق انتھی

ترجمہ: صرف دو کی خاموشی حجت ہے ایک رسول پاکؐ اور دوسری کنواری کیونکہ کنواری کی بابت نص وارد ہے کہ نکاح میں اسکی خاموشی اسی کی رضا کی دلیل ہے اور رسول پاکؐ کے علاوہ جو خاموشی اختیار کرتا ہے عین ممکن ہے کہ تقیہ کی وجہ سے یا کچھ تدبیر کی وجہ سے وہ خاموش ہو اور یا وہ اس لئے خاموش ہے کہ وہ عقیدہ رکھتا ہے کہ اس کی خاموشی سے کچھ بھی نہیں ہوگا۔

وکلاء صحابہ کو دیانت اور انصاف کے واسطے سے دعوتِ فکر

عمر کا متعہ کو حرام کرنا اور وکلاء صحابہ کا اسکی صفائی میں یہ عذر پیش کرنا کہ اگر متعہ فی الواقع حرام نہ تھا اور عمر نے منع کیا تھا تو صحابہ نے نکیر کیوں نہ کی یہ عذر اور عمر کی صفائی بالکل درست نہیں ہے کیونکہ ہم اس دعویٰ وکلاء صحابہ کو غلط سمجھتے ہیں کہ صحابہ خاموش رہے اور عمر کی مسئلہ متعہ میں مخالفت نہیں کی بزرگان مذکورہ تفصیلات کا مطالعہ ایک بار پھر کریں۔

متعہ کے حلال ہونے کی چوتھی دلیل صحابہ کی یہ گواہی ہے کہ متعہ سے جناب عمر نے ہی سب سے پہلے منع کیا ہے۔

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص ۳۳۴ ج ۴ کتاب الحج
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب ارشاد الساری ص ۱۶۹ ج ۴ کتاب الحج
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ الخلفاء ص ۱۳۶ بوجہ عمر
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب سیرت حلبیہ ص ۴۵ ج ۳ ذکر غزوہ خیبر
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب الاوائل ص لعسکری
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ص ۔ از الغدیر

فتح الباری کی عبارت | باب تمتع علی عہد النبی ... عن عمران بن حصین تمتعنا علی عہد رسول اللہ ونزل القرآن قال رجل برأیہ ما شاء ... واغرب الکرمانی فقال ان المراد بہ عثمان والاولی ان یفسر بعمر فانہ اوّلُ من نہی عنہا۔

ترجمہ: عمران صحابی بیان کرتا ہے کہ زمانہ رسالت میں ہم نے متعہ کیا ہے اور قرآن نازل ہوا ہے اور ایک مرد نے اپنی رائے سے کہا کرمانی نے کہا ہے کہ مراد عثمان ہے اور اولیٰ یہ ہے کہ رجل سے مراد عمر لیا جائے کیونکہ عمر پہلا وہ شخص ہے جس نے متعہ کو منع کیا ہے۔

نوٹ: اسی روایت کو امام رازی کی نے اپنی تفسیر کبیر میں سورہ نساء پ ۵ آیت فما استمتعتم کی تفسیر میں لکھا ہے اور امام صاحب کے اس فیصلے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس روایت کا تعلق متعہ النساء سے ہے

ارشاد الساری کی عبارت | قال رجل برأیه ما شاء هو عمر بن الخطاب لا عثمان بن عفان لان عمر اول نهی عنها

امام اہلسنت قسطلانی فرماتے ہیں رجل سے مراد حضرت عثمان نہیں ہے بلکہ حضرت عمر ہے کیونکہ عمر ہی پہلا شخص ہے جس نے متعہ سے منع کیا ہے۔

تاریخ الخلفاء کی عبارت | فی اولیات عمر قال العسکری هو اول من سن قیام شهر رمضان و اول من حرم المتعة و اول من جمع الناس فی صلوة الجنازة علی اربع تکبیرات

ترجمہ: عمر پہلا شخص ہے جس نے نماز تراویح والی بدعت جاری کی ہے اور عمر ہی پہلا شخص ہے کہ جس نے متعہ کو منع کیا ہے اور لوگوں کو چار تکبیر پڑھنے پر مجبور کیا ہے۔

سیرت حلبیہ کی عبارت | ان ۶۸ اول من حرم المتعة سیدنا عمر رضی اللہ عنہ
پہلا شخص جس نے متعہ کو منع کیا ہے ہمارے حضرت عمر ہیں

صحیح مسلم کی شرح نووی | منقول از الغدیر هو عمر بن الخطاب لانه اول من نهی عن المتعة

حضرت عمر پہلا وہ شخص ہے جس نے متعہ کو منع کیا ہے۔

نوٹ۔ ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے ہر مسلمان بھائی کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر ہم دعوت فکر دیتے ہیں کہ اگر متعہ بقول وکلاء صحابہ زمانہ رسالت میں منع ہو گیا تھا تو پھر وکلاء صحابہ نے یہ کیوں رپورٹ دی ہے کہ عمر پہلا شخص ہے جس نے متعہ کو منع کیا ہے اس رپورٹ سے معلوم ہوا ہے کہ متعہ زمانہ رسالت میں حلال تھا اور عمر نے کسی وجہ سے خار کھا کر متعہ سے منع کر دیا۔

متعہ کے حلال ہونے کی پانچویں دلیل کہ صحابی رسول اللہ عبداللہ بن عباس بھی اسماء بنت ابی بکر کی طرح متعہ کو حلال جانتا تھا

دلیل اول

دلیل اول ابن عباس کے متعہ کو حلال جاننے کی بیسی علماء کی گواہی ہے

۱. اہلسنت کی معتبر کتاب عنایہ شرح ہدایہ ج۳ ص۱۴۹ باب نکاح
۲. اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ص
۳. اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک ج۴ ص۴۰۴ باب متعہ
۴. اہلسنت کی معتبر کتاب فتاویٰ قاضی خان ج۱ ص۱۵۱ کتاب النکاح
۵. اہلسنت کی معتبر کتاب موطا کی شرح زرقانی ج۳ ص۱۵۴
۶. اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ج۹ ص۱۴۳ کتاب النکاح
۷. اہلسنت کی معتبر کتاب مبسوط سرخسی ص
۸. اہلسنت کی معتبر کتاب ازالۃ الخفاء ص
۹. اہلسنت کی معتبر کتاب تبیان الحقائق شرح کنز الدقائق ص
۱۰. اہلسنت کی معتبر کتاب رمز الحقائق شرح کنز الدقائق ص
۱۱. اہلسنت کی معتبر کتاب خزانۃ الروایات ص
۱۲. اہلسنت کی معتبر کتاب کافی

عنایہ شرح ہدایہ | ج۳ ص۱۴۹ فی نکاح المتعة خلاف مالک فانه یجوز عنده و هو الظاهر من قول ابن عباس

ترجمہ ملخص: امام مالک اور ابن عباس کے نزدیک متعہ جائز ہے۔

اوجز المسالک } وحکی عن ابن عباس انها جائزة وعلیه اکثر اصحابه
کی عبارت } ابن عباس اور اس کے اصحاب کے نزدیک متعہ جائز ہے۔

فتاوی قاضی خان } ولا تنعقد النکاح بلفظ المتعة وھی باطلة عندنا
کی عبارت } لا تفید الحل خلافا لابن عباس ومالک

لفظ متعہ سے بقول قاضی خان کے نکاح صحیح نہیں ہے اور اس میں امام مالک اور عبد اللہ بن عباس نے اختلاف کیا ہے ان کے نزدیک متعہ صحیح ہے

موطا کی شرح } ثبت الجواز عن جمع الصحابة کجابر ... واسماء
زرقانی } بنت ابی بکر وابن عباس۔ صحابہ کرام سے مثل جابر ابن عباس اور اسماء سے متعہ کا جواز ثابت ہے۔

فتح الباری کی } قال ابن بطال روی اھل مکة والیمن عن ابن عباس
کی عبارت } اباحة المتعة۔

اہل مکہ و اہل یمن نے ابن عباس سے اباحت متعہ کی روایت کی

صحیح مسلم کی } فقد روی عن ابن عباس وعائشة و بعض
شرح نووی } السلف اباحته

ابن عباس اور عائشہ اور بعض سلف سے اباحت متعہ کی روایت آئی ہے

تبیان الحقائق } واشتھر عن ابن عباس تحلیلھا وتبعه علی ذالک
کی عبارت } اکثر اصحابه من اھل مکه

قول تحلیل متعہ کا ابن عباس سے مشہور ہے اور اہل مکہ بھی تحلیل کے قائل ہیں

رمز الحقائق } وقال مالک ھو جائز لانه کان مشروعا واشتھر عن ابن عباس
کی عبارت } تحلیلھا۔ ترجمہ امام مالک کہتا ہے کہ متعہ جائز تھا لہذا اب بھی جائز ہے اور ابن عباس سے جواز متعہ کا مسئلہ مشہور ہے۔ اور اہل مکہ اور اہل یمن بھی اس کو جائز جانتے تھے۔

دلیل دوم ابن عباس کے متعہ کو حلال کہنے کی یہ ہے کہ ان کے حلیت متعہ والے فتوی کی شعراء نے خوب تعریف فرمائی ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ج۳ ص۱۹۵ آیت متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب سنن الکبری البیہقی ج۷ ص۲۰۵
اہلسنت کی معتبر کتاب فتح القدیر شرح ہدایہ ج۳ ص۱۵۱
اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ج۶ ص۱۴۳

نیل الاوطار } عن سعید بن جبیر قال قلت لابن عباس ما تقول فی
کی عبارت } المتعة فقد اکثر الناس فیها حتی قال فیها الشاعر

سعید بن جبیر نے ابن عباس سے پوچھا کہ آپ متعہ کے بارے کیا فرماتے ہیں۔ لوگ اور شعراء آپ کے حلیت متعہ والے فتوی کا خوب ذکر کرتے ہیں۔

تفسیر کبیر کی } ان الناس لما ذکروا الاشعار فی فتیا ابن عباس فی المتعة
روایت } جواز متعہ کے بارے جب شعراء نے ابن عباس کے اشعار کو ذکر کیا۔

نوٹ :- ارباب انصاف ابن عباس کا متعہ کو حلال سمجھنا یہ ایک ناقابل انکار چیز ہے تو کیا یہ صحابی رسول اللہ، خدا اور رسول کا مقابلہ کر رہا تھا کہ خدا اور رسولؐ کے نزدیک متعہ حرام تھا مثل زنا تھا اور یہ صحابی رسول اللہ اس زنا کو حلال کہتا تھا۔ اگر اس طرح ہے تو پھر معلوم ہوا کہ صحابہ کرام میں بھی خراب لوگ تھے اور اگر متعہ شریعت میں حلال تھا صرف من مانی کرتے ہوئے جناب عمر نے متعہ کو حرام فرمایا تھا۔ تو اس سے بھی معلوم ہوا کہ صحابہ کرام میں ایسے لوگ تھے جو حکم خدا کے سامنے اکڑ جاتے تھے۔

دلیل سوم ابن عباس کے متعہ کو حلال کہنے کی یہ ہے کہ وہ حرمت متعہ کا فتویٰ دینے والوں کو آسمان سے پتھر برسنے اور دوسرے عذاب سے ڈراتے تھے

اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ج۱ ص۲۵۲ ، ص۲۵۵ ج۱

وقال ابن عباس لمن کان یعارضہ فیہا بأبی بکر وعمر یوشک أن ینزل علیکم حجارۃ من السماء اقول ۔ قال رسول اللہ ۔ وتقولون قال ابو بکر و عمر

ترجمہ:- جو لوگ ابن عباس سے یہ کہتے تھے کہ تم متعہ کو حلال کہتے ہو ۔ اور ابو بکر و عمر اس کو منع کرتے تھے ابن عباس نے ان سے فرمایا کہ قریب ہے کہ تم پر آسمان سے پتھر نازل ہوں ۔ میں تمہارے سامنے قول رسول اللہ کو پیش کرتا ہوں اور تم میرے سامنے خلاف قول ابو بکر و عمر کو پیش کرتے ہو

نوٹ :- اس باب کو زاد المعاد غور سے پڑھیں ۔

عروہ اور ابن عباس کا مسئلہ متعہ کی بابت مناظرہ

زاد المعاد ص۲۵۷ ج۱ عروہ نے ابن عباس سے کہا کہ تو متعہ کو حلال کہتا ہے اور تو خدا سے نہیں ڈرتا ۔ ابن عباس نے کہا کہ تو اپنی ماں سے جا کر متعہ کا مسئلہ پوچھ ۔ عروہ نے کہا کہ ابو بکر اور عمر نے متعہ نہیں کیا ابن عباس نے فرمایا کہ میں نہیں دیکھتا کہ تم ان فضول باتوں سے رک جاؤ حتیٰ کہ تم پر عذاب خدا نازل ہو ۔ میں تم کو رسول اللہ کا فرمان سناتا ہوں اور تم مجھ کو ابو بکر اور عمر کی باتیں سناتے ہو ۔

دلیل چہارم ابن عباس کے متعہ کو حلال کہنے کی یہ ہے کہ جس میں اس نے اولاد زبیر کو مسئلہ متعہ ماں سے پوچھنے کا مشورہ دیا اور انگیٹھی کا ذکر کیا ہے ۔

اہلسنت کی معتبر کتاب عقد الفرید ص۲۶۹ ج۲ عبد ربہ مالکی

اہلسنت کی معتبر کتاب المحاضرات ص۲۱۴ ج۲ الحد ۱۲ الراغب اصفہانی

اہلسنت کی معتبر کتاب مروج الذہب ص۹۰ ج۳ ذکر معاویہ بن یزید

اہلسنت کی معتبر کتاب شرح لابن ابی الحدید ص۴۹۰ ج۴ ذکر اخبار ابن زبیر

اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ص۲۵۵ ج۱ ذکر حج

زاد المعاد کی عبارت :- قال عروۃ لابن عباس ألا تتقی اللہ ترخص فی المتعۃ قال ابن عباس سل امک یا عریۃ ۔

ترجمہ : جناب عروہ بن زبیر نے ابن عباس کو کہا کہ تو خدا سے کیوں نہیں ڈرتا اور تو متعہ کو حلال سمجھتا ہے ابن عباس نے کہا کہ تو اپنی ماں سے پوچھ ۔

نوٹ :- معلوم ہوا کہ عروہ بن زبیر کی ماں نے مسئلہ متعہ کے بارے کچھ خاص تجربات حاصل کئے ہوئے تھے اور اس کے پاس اس بات پر پی ایچ ڈی کی ڈگری تھی اور مسند ابو داؤد ص۲۲۷ ج۶ سے حوالہ گزر چکا ہے کہ جب کسی شخص نے اسماء بنت ابی بکر سے عبداللہ بن زبیر اور عروہ بن زبیر کی ماں سے متعہ کے بارے پوچھا تو اس نیک بخت بی بی نے فرمایا فعلناہا علی عہد النبی ۔ کہ زمانہ رسول اللہ میں متعہ ہم نے خود کیا ہے ۔

المحاضرات ص۲۱۴ ج۲ کی عبارت :- الحد ۱۲ عبداللہ بن زبیر نے ابن عباس کو متعہ کے حلال سمجھنے کا طعنہ دیا تو ابن عباس نے کہا سل امک کیف سطعت المجامر بینہا وبین ابیک ۔ کہ تو ماں سے پوچھ اس میں اور تیرے باپ میں متعہ کی انگیٹھی کس طرح گرم اور روشن ہوئی ۔

دلیل تحریم ابن عباس کے متعہ کو حلال کرنے کی یہ ہے کہ بقول ابن عباس کے عمر نے متعہ کو حرام کرکے لوگوں کو قیامت تک زنا کا محتاج کردیا ہے۔

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری ج۲ ص۴۷ پ۵ آیت متعہ
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ج۵ ص۱۳۰ پ۵
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر احکام القرآن جصاص ج۲ ص۱۴۷
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ج۶ ص۱۴۳ ک النکاح
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ج۲ ص۱۴۱
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نہایہ لابن اثیر ج۲ ص۴۸۸ مادہ شفا
۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مجمع البحار گجراتی ص—
۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب بدایۃ المجتہد ج۲ ص۵۸ الغدیر
۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب الفائق لزمخشری ص— لغت شفی
۱۰۔ اہلسنت کی معتبر کتاب لسان العرب ص— شفی
۱۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تاج العروس ص— شفی

تفسیر در منثور کی عبارت | واخرج عبدالرزاق وابن منذر من طریق عطا عن ابن عباس قال یرحم اللہ عمر ما کانت المتعۃ الا رحمۃ من اللہ رحم بها امۃ محمد ولولا نهیه عنها ما احتاج الی الزنا الا شقی وهی التی فی سورۃ النساء فما استمتعتم به منهن الی کذا وکذا من الاجل علی کذا وکذا . . . . واخیرانه سمع ابن عباس یراها الآن حلالا الخ

بقول ابن عباس جناب عمر کی وجہ سے لوگ رحمت خداوندی سے محروم ہوگئے

ترجمہ۔ ابن عباس نے فرمایا ہے کہ متعہ لوگوں کیلئے اللہ پاک کی طرف سے رحمت تھا اور خدا رحم کرے عمر پر اس کی وجہ سے لوگ اس رحمت سے محروم ہوگئے اور اگر عمر متعہ سے منع نہ کرتا تو سوائے شقی کے کوئی زنا کا محتاج نہ ہوتا۔ عطا کہتا ہے کہ ابن عباس اس وقت متعہ کو حلال جانتا تھا۔

نوٹ :۔ علامہ سیوطی نے مستدعالی سے یہ نقل کیا کہ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ابن عباس نے تحریم متعہ میں تکذیب عمر فرمائی ہے اور یہ دونوں صحابی ہیں۔ ان میں سے ایک کا غلطی پر ہونا ضروری ہے اور وہ عمر ہے کیونکہ ان کا فرمان قرآن کے خلاف ہے

نیل الاوطار کی عبارت | ج۶ ص۱۴۳ وکان ابن عباس یقول یرحم اللہ عمر ما کانت المتعۃ الا رحمۃ رحم اللہ بها عبادہ ولولا نهی عمر لما احتیج الی الزنا ابداً

ترجمہ۔ ابن عباس فرماتے تھے کہ متعہ بندوں پر اللہ کی رحمت تھی اور خدا رحم کرے عمر صاحب پر اگر وہ متعہ سے لوگوں کو منع نہ کرتا تو کبھی بھی کوئی شخص زنا کا محتاج نہ ہوتا۔ نوٹ۔ بڑی شرافت سے ابن عباس نے عمر صاحب کی تکذیب فرمائی

تفسیر قرطبی کی عبارت | ج۵ ص۱۳۰ عن ابن عباس انه قال ما کانت المتعۃ الا رحمۃ رحم اللہ بها هذه الامۃ ولولا انه نهی عنها عمر ما زنی الا شقی

ترجمہ۔ ابن عباس فرماتے ہیں کہ نکاح متعہ اس امت کے لئے اللہ پاک کی رحمت تھی اور اگر جناب عمر اس متعہ سے لوگوں کو منع نہ کرتے تو سوائے شقی کے کوئی زنا نہ کرتا

نوٹ :۔ ارباب انصاف! حضرت ابن عباس کوئی گو بھی شخص تو نہیں، آنجناب بھی عمر کی طرح صحابی ہیں اور ان کا یہ فرمان متعہ کے حلال ہونے کا ٹھوس ثبوت ہے اگر متعہ زنا ہوتا تو عمر کے اس کو منع کرنے پر ابن عباس افسوس نہ فرماتے۔

ارباب صحاح اور سنن کی گواہیاں کہ ابن عباس متعہ کو حلال جانتا تھا

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ج ۳ ص ۱۲۵ کتاب النکاح

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ج ۱ ص ۴۵۱ باب نکاح

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ص ۴۵۲ ج ۱

اہلسنت کی معتبر کتاب سنن الکبری ص ۲۰۴ ج ۷ کتاب النکاح

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص ۱۴۰ ج ۲

صحیح بخاری کی عبارت ۔ عن ابی جمرۃ قال سمعت ابن عباس سئل عن متعۃ النساء فرخص۔ ابوجمرہ کہتا ہے کہ ابن عباس سے عورتوں کے متعہ کی بابت سوال ہوا اور میں نے سنا انہوں نے فرمایا کہ رخصت ہے اور حلال ہے۔

نوٹ:۔ اسی جگہ ان کے مولی نے دم چھلا لگایا مگر وہ غلط ہے۔

صحیح مسلم کی عبارت ۔ لقد کانت المتعۃ تفعل علی عہد امام المتقین یرید رسول اللہ۔ ابن زبیر نے مکہ میں خطبے کے دوران ابن عباس پر طعنہ لگاتے ہوئے فرمایا کہ خدا نے جن کے دلوں کو ان کی آنکھوں کی طرح اندھا کر دیا ہے وہ متعہ کی حلیت کا فتویٰ دیتے ہیں ابن عباس نے فرمایا کہ تو بے علم ہے۔ متعہ امام المتقین سید المرسلین کے زمانہ میں کیا جاتا تھا یعنی رسول اللہ کے زمانہ میں۔ ابن زبیر نے پھر رعب حکومت دیا کہ اگر تو نے متعہ کیا تو میں سنگسار کروں گا۔

نوٹ:۔ ابن زبیر کا زمانہ حکومت ابوبکر عمر عثمان کے بہت بعد آیا ہے اور ابن زبیر کا تحلیل متعہ کی بابت ابن عباس سے نوک جھوک کرنا اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ ابن عباس متعہ کو حرام کرنے میں عمر کو غلطی پر سمجھتا تھا اور خود متعہ کو جائز اور حلال جانتا تھا کیونکہ رسول اللہ متعہ کو حلال جانتے تھے۔

مکہ اور مدینہ پاک کے لوگوں کے دو مایہ ناز مسئلے عورتوں سے وطی فی دبر اور متعہ اور انہی فتووں کے باعث فقہائے حجاز کا سر فخر سے بلند ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۱۵۳ ج ۶ کتاب النکاح

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ج ۹ ص ۱۴۳

فتح الباری کی عبارت ۔ ابن بطال کہتا ہے کہ اہل مکہ اور یمن نے اباحۃ متعہ کی ابن عباس سے روایت کی ہے۔ ثم قال۔ اور آگے قدرے ایک جماعت نے یقین کی حد تک فرمایا ہے کہ ابن عباس اباحۃ متعہ کے فتویٰ میں متفرد ہے وھی من المسائل المشہورۃ وھی ندرۃ المخالف۔ ابن عباس کا متعہ کو حلال کہنا ان مسائل مشہورہ میں سے ہے کہ جن میں کہا جاتا کہ ندرۃ المخالف۔

نیل الاوطار کی عبارت ۔ قال الاوزاعی۔ تیرک من قول اهل الحجاز خمس فذکر منها متعۃ النساء من قول اهل مکۃ واتیان النساء فی ادبارهن من قول اهل المدینۃ۔ وروی اهل مکۃ عن ابن عباس اباحۃ المتعۃ۔ اوزاعی امام اہلسنت فرماتے ہیں کہ اہل حجاز کے قول سے ۵ باتیں چھوڑی جائیں گی۔ اور ان میں سے ایک تو اہل مکہ کا فتویٰ ہے کہ متعہ حلال ہے اور دوسرا اہل مدینہ کا مایہ ناز فتویٰ کہ عورتوں کی وطی فی دبر جائز ہے اہل مکہ نے ابن عباس سے اباحۃ متعہ کی روایت کی ہے۔

نوٹ:۔ اہل مکہ و کلاء صحابہ کی نظر میں بڑی شان والے ہیں اور یہ فقہاء متعہ کو حلال جانتے تھے اگر متعہ بالفرض زنا ہے تو کیا یہ تمام وکلاء صحابہ زنا کو حلال جانتے تھے اور فقیہ مکہ ابن جریج نے تو خود ۹ عورت سے متعہ کیا ہے۔

ابن عباس کے متعہ کو حلال جاننے کی بابت وکلاء صحابہ کے لنگڑے لولے عذر

ابن عباس کی کرم وکلاء صحابہ فرماتے ہیں کہ ابن عباس چونکہ حرمت کا علم نہ تھا
صفائی میں پہلا عذر / ناسخ حلیت متعہ کا ان کو پتہ ہی نہ تھا اس لئے وہ
تمام زندگی متعہ کو حلال سمجھتے رہے۔

جواب / یہ عذر ضعیف ہے | رعب حکومتی تھا جناب عمر کا متعہ سے منع کرنا اور ابن عباس کا نہ ماننا۔ اور ابن زبیر کا بھی ابن عباس کو تحلیل متعہ سے روکنا اور ابن عباس کا ان کو ان کی ماں کے متعہ کرنے کا طعنہ دینا اس بات کا ثبوت ہے کہ ابن عباس تحریم متعہ کو غلط سمجھتے تھے اور جناب عمر وغیرہ کی تکذیب کرتے تھے۔

ابن عباس کی صفائی میں دوسرا عذر | ابن عباس سے حرمت متعہ اور تحلیل متعہ کے دو روایات مروی ہیں۔ اور تحلیل و تحریم کے اجتماع کی صورت میں تحریم مقدم ہے پس متعہ حرام ہے۔

جواب / یہ عذر بھی ضعیف ہے | حضرت فضل بقول عائشہ صدیقہ یعنی عثمان فرماتے ہیں کہ تحلیل اور تحریم کے اجتماع کی صورت میں تحلیل کو مقدم کرنا اولیٰ ہے ثبوت کے لئے تفسیر کبیر ص۔ رازی آیت۔ وان تجمعو بین الاختین ملاحظہ ہو۔ وکیل صحابہ فخر رازی لکھتا ہے وعن عثمان انہ قال احلتھما آیۃ وحرمتھما آیۃ والتحلیل اولیٰ۔
جناب عثمان فرماتے ہیں کہ جمع اختین کو ایک آیت نے حلال اور ایک آیت نے حرام فرمایا ہے اور ایسے حالات میں تحلیل کو ترجیح دینا اولیٰ ہے۔
ہم شیعہ کہتے ہیں کہ ابن عباس کے کیس میں بھی تم سنی عثمان کا کہنا مانو اور تحلیل متعہ کو ترجیح دو۔

ابن عباس نے مسئلہ متعہ میں جناب عمر کو زندگی بھر جھٹلایا ہے اور ابن عباس نے متعہ کے حلال ہونے کے فتوی سے تے دم تک رجوع نہیں کیا

۱. اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ج۹ ص۱۴۳
۲. اہلسنت کی معتبر کتاب فتح القدیر شرح ہدایہ ج۳ ص۱۵۱ نکاح
۳. اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا امام مالک ج۹ ص۴۰۴
۴. اہلسنت کی معتبر کتاب مرقات شرح مشکوٰۃ ج۶ ص۲۴۳ ذکر متعہ
۵. اہلسنت کی معتبر کتاب انسان العیون ج۲ ص۴۵ خیبر کا ذکر
۶. اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ ابن کثیر شافعی ج۴ ص۱۹۳ خیبر
۷. اہلسنت کی معتبر کتاب تحفۃ المحتاج شرح منہاج ص
۸. اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ج۶ ص۱۵۴ النکاح

فتح الباری کی عبارت | وروی عن ابن عباس الرجوع باسانید ضعیفۃ و اجازۃ المتعۃ عنہ اصح وھو مذھب الشیعۃ
جواز متعہ کے فتوی سے ابن عباس کا رجوع کرنا ضعیف سند سے مروی ہے اور متعہ کے جائز ہونے کی روایت ابن عباس سے زیادہ صحیح ہے۔
نوٹ۔ یہ فیصلہ فتح الباری کا ہے جو کہ شاہ عبدالعزیز کی نگاہ میں شرح صحیح بخاری ہے اور اس پر بستان المحدثین گواہ ہے۔

تاریخ ابن کثیر کی عبارت | مع ھذا ما رجع ابن عباس عما کان یذھب الیہ من اباحتہا۔ ابن عباس کا جو اباحت متعہ کا فتوی تھا۔ انہوں نے اس فتوی سے رجوع نہیں فرمایا۔

مرقات شرح مشکوٰۃ کی عبارت | فقد ثبت انه مستمر القول علی جوازها
ابن زبیر نے ابن عباس کو طعنہ دیا حلیت متعہ سے فتویٰ کا اور یہ قصہ حضرت علیؑ کی وفات کے بعد ابن زبیر کی خلافت کے دوران ہوا ہے پس ثابت ہوا کہ ابن عباس جواز متعہ کے قول پر آخر تک قائم تھے۔

فتح القدیر شرح ہدایہ کی عبارت | فقد ثبت ان عباس مستمر القول علی جوازها
جواز متعہ پر ابن عباس کا آخر تک قائم رہنا ثابت ہے

وکلاء صحابہ تمہیں تمہاری ماں کے دودھ کا واسطہ انصاف کرو

کتاب اہلسنت کنز العمال، کتاب الفضائل باب فضائل صحابہ فضائل ابن عباس میں لکھا ہے کہ حضرت عمر نے ابن عباس کی شان میں فرمایا ہے اشہد انك تنطق من بیت نبوۃ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ تو بیت نبوت سے بولتا ہے اور ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ ابن عباس کا عمر کی تحریم متعہ میں مخالفت کرنا اور بلکہ عمر پارٹی کے تمام صحابہ کی اس مسئلہ میں مخالفت کرنا اور علانیہ متعہ کو حلال کہنا۔ یہ ابن عباس کا بیت نبوت سے بولنےﷺ کا ثبوت ہے۔ کیا یہ ابن عباس صحابی نہ تھا کیا ابن عباس دشمن اسلام اور مخالف قرآن تھا کیا تمام زندگی اس کو وہ روایت نہ مل سکی۔ جس میں متعہ حرام بتایا گیا ہے۔ اگر متعہ زنا ہے تو کیا صحابی ابن عباس تمام زندگی زنا کو حلال جانتا رہا۔ افسوس ابن عباس زندگی بھر متعہ کو حلال کہنے کے باوجود مسلمان رہا۔ اور شیعہ مذہب والے متعہ کو حلال کہنے سے بقول ناصبی کے اسلام سے خارج ہو گئے۔

متعہ کے حلال ہونے کی چھٹی دلیل یہ ہے کہ صحابی رسول اللہ عمران بن حصین بھی اسماء بنت ابی بکر کی مانند متعہ کو حلال جانتا تھا

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص ۱۹۵/۳ النساء الرازی
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ج ۲ ص ۵
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا مالک ص ۲۴۳/۹ ج
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر ثعلبی ص ـــ از تشیید المطاعن ص ۱۳۹ ا
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر لابی حیان ص ۲۱۸/۳ ج النساء
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ص ۲۵۲/۱ ج
۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص ۳۷/۲ ج کتاب التفسیر
۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص ۱۸۹/۹ ج ۔ کتاب التفسیر
۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص ۴۴۳/۱ ج کتاب الحج
۱۰۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص ۱۳۲/۵ ج ۔ آیت متعہ

تفسیر قرطبی کی عبارت | ولم یرخص فی نکاح المتعة الا عمران بن حصین وابن عباس وطائفة من اهل البیت

علامہ قرطبی نے ابو بکر طرطوسی کا فرمان بیان کیا ہے کہ نکاح متعہ میں ابن عباس اور عمران بن حصین نے ہی اجازت دی ہے اور بعض صحابہ اور بعض اہلبیت نے بھی نکاح متعہ کے حلال ہونے کو بیان فرمایا ہے۔

نوٹ۔ اگر متعہ منع ہے اور زنا کی مثل ہے تو عمران جیسے صحابی کو کیا دورہ پڑ گیا تھا کہ وہ نبی پاک کی مخالفت کرتے ہوئے متعہ کو حلال کہتا تھا۔

عمران صحابی نے متعہ کی حلیت کا فتویٰ دیکر جناب عمر کی تکذیب کی ہے

غرائب القرآن کی عبارت | وقیل المراد بها حکم المتعة ... والفقهاء على أنها كانت مباحة في أول الإسلام ... وذهب الباقون ومنهم الشيعة الى أنها ثابتة كما كانت ويروى هذا عن ابن عباس وعمران بن حصين و اما عمران بن حصين فانه قال نزلت آية المتعة في كتاب الله ولم تنزل بعدها آية تنسخها وأمرنا بها رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وتمتعنا معه ومات ولم ينهنا عنها ثم قال رجل برأيه ما شاء يريد ان عمر نهى عنها

ترجمہ: امام اہلسنت علامہ نظام الدین نیشاپوری فرماتے ہیں کہ اہل اسلام کا یہ قول بھی ہے کہ آیت فما استمتعتم سے مراد حکم نکاح متعہ ہے اور جمہور اہلسنت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ نکاح متعہ ابتدا اسلام میں حلال تھا۔ اور پھر منسوخ ہو گیا۔ اور جمہور کے علاوہ باقی مسلمان اور ان میں شیعہ بھی شامل ہیں وہ کہتے ہیں کہ متعہ جس طرح حلال تھا اسی طرح اب بھی حلال ہے اور متعہ کا پہلے کی طرح حلال رہنا ابن عباس اور عمران بن حصین صحابی سے بھی روایت کیا گیا ہے اور عمران صحابی نے فرمایا ہے کہ کتاب خدا میں آیت متعہ نازل ہوئی ہے اور اس کے نزول کے بعد کوئی ناسخ آیت اسکی نہیں آئی اور متعہ کی نبی پاک نے ہمیں اجازت دی ہے اور ہم نے ان کے زمانہ میں متعہ کیا ہے اور رسول اللہ نے وفات پائی ہے اور ہم کو متعہ سے منع نہیں فرما کر گئے پھر کہا مرد نے اپنی مرضی سے جو چاہا عمران کی رجل سے مراد یہ ہے عمر نے منع کیا ہے۔

نوٹ: سنی مفسر نے عمران کی تقریر کو آیت متعہ کی تفسیر میں درج کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ مراد آیت متعہ سے فما استمتعتم ہے اور سنیت کی رسوائی کے لئے یہی کافی ہے۔

عمران صحابی نے جواز متعہ کا اعلان فرما کر شیعان علیؑ کی سچائی کا اعلان کر دیا ہے

تفسیر کبیر کی عبارت | واما عمران بن الحصين فانه قال نزلت آية المتعة في كتاب الله ولم ينزل بعدها آية تنسخها وامرنا بها رسول الله وتمتعنا بها ومات ولم ينهنا عنه ثم قال رجل برايه ما شاء

ترجمہ: ملخص عمران نے فرمایا کہ آیت متعہ قرآن میں نازل ہوئی ہے اور اس کے بعد اس کی کوئی ناسخ آیت نہیں آئی اور ہم نے اذن رسالت سے متعہ کیا ہے اور نبی کریم نے وفات پائی ہے اور متعہ سے منع بھی نہیں فرمایا اور اس مرد نے اپنی مرضی سے جو چاہا آرڈر دے دیا۔

صحیح بخاری کی عبارت | عن عمران بن حصين قال انزلت آية المتعة في كتاب الله ففعلناها مع رسول الله ولم ينزل قرآن يحرمه ولم ينه عنها حتى مات قال رجل برأيه ما شاء

ترجمہ: عمران کہتا ہے کہ آیت متعہ قرآن میں نازل ہوتی ہے اور ہم نے اس پر حضور پاک کے زمانہ میں عمل کیا ہے اور پھر قرآن میں کوئی آیت نازل نہیں ہوئی جو متعہ کو حرام کرے اور نبی کریم کی وفات ہو گئی ہے اور آنجناب نے بھی منع نہیں فرمایا پھر اپنی مرضی سے مرد نے منع کر دیا۔

نوٹ: عمران صحابی کی مراد آیت متعہ سے۔ آیت فما استمتعتم ہے مگر امام بخاری صاحب بڑے محدث ہونے کے باوجود اس جگہ غلطی کر گئے۔ اور عمران صحابی کے قول کو سورہ نساء میں لکھنے کی بجائے سورہ بقرہ میں لکھ دیا اور امام رازی اور امام نیشاپوری جناب بخاری کی غلطی کی طرف توجہ کرتے ہوئے قول عمران کو سورہ نساء آیت متعہ کی تفسیر میں لکھا ہے

احمد ثعلبی کہ جس کی توثیق رب پاک نے کی ہے وہ بھی شیعوں کی سچائی بیان کرتا ہے

تفسیر ثعلبی کی عبارت } عن عمران بن حصین قال نزلت آیت المتعۃ فی کتاب اللہ ولم تنزل آیۃ بعدھا تنسخہا فامرنا بہا رسول اللہ وتمتعنا مع رسول اللہ ومات ولم ینہنا عنہا قال رجل بعد برأیہ ما شاء قلت لم یرخص فی نکاح المتعۃ الا عمران بن حصین وعبداللہ بن عباس و بعض اصحابہ وطائفۃ من اہل البیت

ترجمہ: عمران صحابی کہتا ہے کہ قرآن پاک میں آیت متعہ نازل ہوئی ہے اور اس کے نزول کے بعد اس کی کوئی ناسخ آیت نہیں آئی اور ہم نے اذن رسالت سے متعہ کیا ہے اور رسول پاکؐ نے وفات فرمائی ہے اور متعہ سے منع نہیں فرمایا اور اپنی مرضی سے وہ مرد آرڈر دے رہا ہے اور میں (ثعلبی) کہتا ہوں کہ نکاح متعہ کو عمران بن حصین اور ابن عباس اور اس کے بعض اصحاب نے اور اہل بیت سے ایک جماعت نے ہی حلال کیا ہے۔

اہلسنت کے امام القشیری کی خواب میں اللہ کا دیدار اور احمد ثعلبی کی توثیق

اہلسنت کی معتبر کتاب طبقات الکبریٰ ج ۲۳/۳۴ م عبدالوہاب سبکی۔ احمد ثعلبی۔

کان اوحد زمانہ فی علم القرآن وقد جاء عن ابی القاسم القشیری انہ قال رأیت رب العزت فی المنام وھو یخاطبنی واخاطبہ وکان فی اثناء ذلک اذ قال الرب جل اسمہ اقبل الرجل الصالح فالتفت فاذا احمد الثعلبی یقبل۔

ترجمہ: امام اہلسنت ثعلبی علم قرآن میں اپنے زمانہ کا سب سے بڑا عالم

تھا اور امام اہلسنت ابو القاسم القشیری سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ میں نے خواب میں رب تعالیٰ کو دیکھا اور وہ مجھ سے اور میں ان سے باتیں کر رہا تھا۔ اور گفتگو کے دوران رب تعالیٰ نے فرمایا کہ ایک نیک مرد آ رہا ہے۔ پس میں نے دیکھا تو احمد ثعلبی آ رہا تھا۔

نوٹ:۔ رب تعالیٰ کی گواہی کے باوجود اگر احمد ثعلبی کا قول جواز متعہ میں قبول نہیں ہے تو پھر کس کا قول قبول ہوگا اور اگر متعہ زنا ہے اور احمد ثعلبی زنا کی اباحت کی گواہی دیتا ہے تو پھر رب تعالیٰ نے اس کو رجل صالح کا لقب کیوں دیا ہے

وکلاء صحابہ کو دیانت اور انصاف کی رو سے دعوت فکر

عمران صحابی کی رپورٹ کو ہم نے پیش کر دیا ہے کہ جس کی وجہ سے کتب اہلسنت میں جواز متعہ کی ایک دہائی ہے۔ اور عمران صحابی کے بارے یہ کہنا کہ اس کی مراد متعہ سے متعۃ النساء نہیں ہے۔ بلکہ متعۃ الحج ہے۔ یہ بات درست نہیں ہے کیونکہ عمران صحابی کے قول کو امام رازی، امام ثعلبی، امام نیشاپوری نے متعۃ النساء پر حمل کیا ہے اور اہلسنت بھائیوں کو الزام دینے کے لئے ان تینوں اماموں کا قول کافی ہے اور ان تینوں کو یہ کہنا کہ انہوں نے خطا کی ہے یہ بھی سنی بھائیوں کی پرانی عادت ہے اور آج تک یہ لوگ سنت عمر پر قائم ہیں اس نے بھی نبی پاکؐ کے حق میں کہہ دیا تھا کہ ان الرجل یہجر کہ حضور پاک ہذیان سے بول رہے ہیں لہٰذا آج بھی جب کسی نے اپنے کسی عالم کے فرمان کو جھٹلانا ہوتا ہے تو جھٹ کہتا کہ وہ ہذیان بک رہا ہے خلاصۃ الکلام، ابن عباس، عمران بن حصین، اسماء بنت ابی بکر متعہ کو حلال سمجھیں اور مسلمان بھی رہیں۔ بڑے تعجب کی بات ہے کہ زنا کو حلال کہنے والے مسلمان بھی ہیں اور سنیوں کے امام بھی ہیں۔

متعہ کے حلال ہونے کی ساتویں دلیل یہ ہے کہ صحابی رسول حضرت جابر بن عبداللہ بھی اسما بنت ابی بکر کی طرح متعہ کو حلال جانتا تھا۔

1. اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص۳۹۲ ج۱ باب المتعہ
2. اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ص
3. اہلسنت کی معتبر کتاب کنز العمال ج۸ ص۲۹۳ نکاح متعہ
4. اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ج۶ ص۱۴۳ نکاح متعہ
5. اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ج۲ ص۲۰۴
6. اہلسنت کی معتبر کتاب شرح موطا الزرقانی ج۳ ص۵۳
7. اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا ج۹ ص۴۰۳
8. اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ج۹ ص۱۴۲ کتاب النکاح
9. اہلسنت کی معتبر کتاب سنن الکبریٰ ج۷ ص۲۰۶ نکاح متعہ

دلیل اول جابر صحابی کے متعہ کو حلال کہنے کی امام مسلم بن حجاج کی گواہی ہے

صحیح مسلم کی عبارت ملاحظہ ہو: عن ابن جریج۔ قال سمعت جابر بن عبداللہ یقول کنا نستمتع بالقبضة من التمر والدقیق الایام علی عہد رسول اللہ وابی بکر حتی نہی عنہ عمر فی شان عمرو بن حریث

ترجمہ: امام اہلسنت ابن جریج نے ابو زبیر سے روایت کی ہے وہ کہتا ہے کہ میں نے جابر سے سنا تھا وہ فرما رہے تھے کہ زمانہ رسالت اور زمانہ ابوبکر میں ہم نے چند دنوں کیلئے مٹھی بھر کھجور اور آٹا حق مہر دے کر متعہ کرتے تھے حتیٰ کہ عمر نے عمرو بن حریث کے کیس میں متعہ سے منع کر دیا۔

جس طرح مذہب ابن عباس ہے کہ متعہ حلال ہے اسی طرح امام احمد سے متعہ کے حلال ہونے کی حکایت ہے ۔

نوٹ ۔ امام احمد صاحب حضرت امام مالک کی طرح اہلسنت بھائیوں کی فقہ کا مجتہد ہے اور امام مالک کی طرح متعہ کو حلال جانتا تھا اور ابن عباس اور صحابہ کرام بھی متعہ کو حلال جانتے تھے لہٰذا اگر متعہ بے حیائی اور بے شرمی ہے اور زنا کا دوسرا نام ہے تو خدا رسول ؐ نے اس زنا کو چند دن تک کیوں حلال فرمایا تھا ۔ خدا رسول ؐ کے کلام کو صحابہ نے خوب سمجھا اور متعہ کرتے رہے اور آج سنی بھائیوں کا حلالہ پر فخر کرنا اور متعہ کو حرام کہنا ان کی بے انصافی ہے ۔

متعہ کے حلال ہونے کی ۲۱ ویں دلیل یہ ہے کہ حضرت عمر کا بیٹا عبد اللہ بھی متعہ کو حلال جانتا تھا اور عمر کی مخالفت کرتا تھا !

اہلسنت کی معتبر کتاب مسند الامام احمد صفحہ ۴۳ جلد ۸ حدیث ۵۶۹۴

ان رجلا سال عبد اللہ بن عمر عن متعۃ النساء وانا عندہ فغضب وقال واللہ ما کنا علی عہد رسول اللہ زانین ولا مسافحین ۔

راوی فرماتا ہے کہ میں بھی حاضر تھا اور ایک شخص نے جناب ابن عمر خلیفہ زادے سے متعۃ النساء کے بارے سوال کیا ۔ ابن عمر غضب ناک ہوئے اور فرمایا کہ ہم لوگ رسول اللہ کے زمانے میں زنا کار نہیں تھے

نوٹ ۔ معلوم ہوا کہ ابن عمر متعہ کو حلال جانتے تھے اور نسخ کے قائل نہ تھے

اعتراض ۔ ابن عمر نے متعہ کو حرام بھی فرمایا ہے ۔

جواب ۔ یہ سفید جھوٹ ہے کیونکہ کسی کو کوئی بیان دینا اور کسی کو کوئی بیان دینا یہ صحابہ کرام کے زیبا نہیں ہے یہ کام غیر ذمہ دار لوگوں کا ہے ۔

اعتراض ۔ قلیل مقدار صحابہ متعہ کو حلال جانتے تھے ۔

جواب ۔ الحق حق وان قل ناصرہ والباطل باطل وان کثر ناصرہ ۔ حق حق ہے اگرچہ اس کو ماننے والے اور اس کی مدد کرنے والے تعداد میں کم ہوں اور باطل باطل ہے اگرچہ اس کے مددگار زیادہ ہوں

نوٹ ۔ ارباب انصاف ۔ ہماری ان اکیس عدد دلیل کے بعد صاحب تحفہ شاہ عبد العزیز کا یہ دعویٰ جھوٹا ثابت ہوگیا کہ سوائے آیت فما استمتعتم کے متعہ کے حلال ہونے کی شیعوں کے پاس اور کوئی دلیل نہیں ہے ۔

قرآن و سنت سے منہ پھیر کر متعہ کو حرام کرنے والوں کے دلائل

دلیل اول کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۷۵۶ باب ہفتم ملاحظہ ہو احکام فقہیہ اگر کوئی عقلمند اصل متعہ میں غور کرے گا۔ تو جان لے گا کہ اس غلط نکاح میں کتنی برائیاں ہیں۔ اور وہ علم الہیٰ اور شریعت پاک سے ٹکراتی ہیں۔ اس کے بعد صاحب تحفہ نے پورے دو صفحے اسی قسم کے خرافات سے اپنے نامہ اعمال کی طرح سیاہ کئے ہیں، اور خلاصہ اس دلیل کا اور اسی قسم کی دوسری دلیل کا یہ ہے کہ بالکل متعہ کی حلیت سے انکار کرنا حتی آغاز اسلام میں چند روز تک اس کے جواز سے انکار کرنا۔ اور تمسخر اور مذاق کے عنوان سے متعہ کو ایک بُری شکل میں پیش کرنا اور لوگوں کو اس نکاح شرعی سے نفرت دلانا مثلاً بعض نے اپنے رسالہ جات میں کچھ سنی علماء نے نکاح متعہ کے بارے اس طرح بھی بد زبانی فرمائی ہے

رسالہ حرمت متعہ صفحہ ۱۲ - ۱۳ از معصوم شاہ میں لکھا ہے۔

متعہ کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہر عورت رنڈی اور ہر بستی چکلہ ہو گی صفحہ ۱۲ اور سوسائٹی میں میری اور تیری کی قید اٹھ جائے گی۔ صفحہ ۱۲ جواز متعہ کے بعد۔ کون بھی پرانی بوسیدہ ڈفلی کو بجاتا رہے۔ شیعہ لوگ کوئی بھی ولد متعہ پیش نہیں کر سکتے۔

دہلوی کذاب نے متعہ سے انکار کر کے قرآن و حدیث کو جھٹلایا ہے اور اپنے منحوس چہرے پر بے ایمانی کا غازہ لگایا ہے

ہم نے اسی رسالہ میں صفحہ ۱۷ بعدد کتب اہل سنت سے ثابت کیا ہے کہ سورہ نساء کی آیت ۲۴ فما استمتعتم متعہ کی حلیت کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ قرطبی سنی نے اور صاحب فتح القدیر نے اور ابن کثیر دمشقی نے صاف لکھا ہے کہ اس آیت سے مراد نکاح متعہ ہے جو کہ ابتداء اور صدر اسلام میں جائز تھا۔ لیکن دہلوی کذاب نے متعہ سے بالکل بغیر کسی تفصیل کے انکار کر کے اپنے مذہب کے ۱۷ علماء کو جھٹلایا ہے اور قرآن حکیم کو ٹھکرایا ہے اور بخاری شریف طبع دہلوی صفحہ ۷۶۷ میں جابر صحابی سے روایت لکھی ہے کہ ہمیں نبی کریمؐ کی طرف سے ایک صحابی نے کہا کہ (ان النبیؐ قد اذن لکم ان تستمتعوا) کہ تم کو رسول پاکؐ نے متعہ کی اجازت دی ہے۔ اور یہی روایت صحیح مسلم میں بھی موجود ہے۔ اور حوالہ جات گذرے ہیں۔ کہ حضرت ابوبکر کی بیٹی اسماء نے متعہ کر کے ایک بیٹا بھی جنا ہے۔ ہم شیعہ خیر البریہ اولاد حلالہ سے سوال کرتے ہیں کہ بقول تمہارے اگر متعہ رنڈی بازی ہے تو اسماء بنت ابی بکر معاذ اللہ کیا رنڈی تھی اور نبی کریمؐ نے کیا معاذ اللہ چکلے کھولنے کی اجازت دی ہے

مناظر اہلسنت شاہ عبدالعزیز کو خدا نے اس طرح بھی ذلیل کیا ہے کہ خود اسی کے قلم سے لکھوایا ہے کہ متعہ حلال ہے

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ باب ۱۰ مطاعن عمر طعن ۱۱ ص ۳۰۲ میں لکھا ہے کہ اہلسنت کی صحیح ترین کتاب صحیح مسلم میں لکھا ہے کہ متعہ تین دن تک حلال رہا ہے اور بقول ابن عباسؓ کے کہ ابتدائے اسلام میں بغیر کسی مجبوری کے متعہ حلال تھا۔ اور کتاب اہلسنت تفسیر کبیر ص ۱۹۵ ج ۳ آیت متعہ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ انا لا ننکر ان المتعۃ کانت مباحۃ = ان المتعۃ کانت مشروعۃ کہ ہم سنی لوگ متعہ کے مباح اور مشروع اور حلال ہونے سے انکار نہیں کرتے۔

ارباب انصاف۔ آپ نے دیکھ لیا ہے کہ باب نہم احکام فقہ میں صاحب تحفہ نے متعہ کے حلال ہونے سے بالکل انکار کر کے اپنے مذہب کے تمام علماء کو بلکہ اصحاب کو جھٹلایا ہے اور پھر باب ۱۰ میں حلیت متعہ کا اقرار کر کے خود اپنے آپ کو جھٹلایا ہے۔ جو ملاں لوگ گز بھر کی زبان نکال کر فرماتے ہیں۔ کہ متعہ بے غیرتی ہے بے حیائی ہے رنڈی بازی ہے ہم آپ کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ ابتدائے اسلام میں نبی کریمؐ نے معاذ اللہ تین دن تک بے غیرتی کی اجازت دی تھی۔

اہل سنت کی طرف سے تحریم متعہ کی دلیل دوم کہ متعہ مثل زنا ہے پس دونوں حرام ہیں

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ ص ۳۰۳ باب ۱۰ مطاعن عمر طعن ص ۱۱ میں لکھا ہے کہ زنا اور متعہ دونوں میں غرض یہ ہے کہ منی کا برتن خالی کیا جائے۔ شہوت کی آگ بجھائی جائے پس دونوں حرام ہیں ارباب انصاف یہ ڈفلی صاحب تحفہ نے بجائی اور پھر اس پر کئی ناصبی علماء نے رقص فرمایا ہے اور مرچ مصالحہ لگا کر خوب تشریح فرمائی ہے اور نیک بی بی اسماء بنت ابی بکر کا لحاظ نہیں فرمایا کہ جس نے نکاح متعہ سے بچے بھی جنے ہیں۔

جواب۔ اگر متعہ مثل زنا ہے تو اسلام نے چند روز اس کو حلال کیوں فرمایا تھا

ثبوت ملاحظہ۔ کتاب اہلسنت تفسیر لابن کثیر ص ۴۷۴ ج ۱

لا شک ان المتعۃ کانت مشروعاً فی ابتداء الاسلام

ابتدائے اسلام میں بحکم شریعت متعہ کے حلال ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔

نوٹ:۔ دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر پڑھے لکھے آدمی کو ہم دعوت فکر دیتے ہیں کہ اگر متعہ اور زنا میں بقول سنی علماء کے کوئی فرق نہیں ہے تو پھر ابتدائے اسلام میں متعہ جیسا زنا صحابہ کرام کے لیے حلال کیوں ہوا جب متعہ مثل زنا بے غیرتی ہے تو اس کی صحابہ کرام کو چند دنوں کے لئے اجازت کیوں ملی تھی۔

جواب ۲۔ اس مسئلہ میں عیب صاحب تحفہ کو امام رازی نے خوب ذلیل فرمایا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو۔ کتاب اہلسنت تفسیر کبیر جلد ۱۰ ص ۴۲

ابو بکر کہتا ہے کہ زنا کو سفاح اس لئے کہا جاتا ہے کہ زنا میں صرف پانی گرانا مقصود ہوتا ہے اولاد یا امور خانہ داری مقصود نہیں ہوتے۔ اور متعہ بھی اسی طرح ہے۔ پس وہ بھی زنا ہے۔ اس دلیل کو امام رازی ذکر کرنے کے بعد پھر امام رازی اس کا خود جواب دیتے ہیں۔ کہ متعہ مثل زنا نہیں ہے۔ فان المقصود منها سفح الماء بطريق مشروع مأذون فيه من قبل الله فان قلتم المتعة محرمة فنقول هذا اول البحث۔ متعہ کو مثل زنا کہنے والوں کو امام رازی نے یوں جھٹلایا اور ذلیل کیا ہے کہ متعہ میں بے شک مقصود پانی گرانا ہے مگر اس طریقے سے کہ جس کی شریعت نے اجازت دی ہے اور اگر کوئی فرمائے کہ متعہ حرام ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ متعہ کی حرمت میں تنازع ہے اور دعویٰ کو دلیل نہیں بنایا جا سکتا

نوٹ:۔ جو لوگ متعہ کو مثل زنا فرض کر کے اس کو حرام کہتے رہیں۔ وہ ہمارے سنی احباب ہیں اور فخر رازی ان کا امام ہے اور بے چارے سنیوں کے نصیب کہ ان کا اپنا امام ان کو جھٹلا رہا ہے۔

جواب ۳

حاملہ اور بیمار سے جماع کی غرض صرف رفع حاجت شہوانی ہے

ارباب انصاف۔ حاملہ عورت سے یا جس کی بچہ دانی اپریشن سے نکال دی گئی ہو۔ یا جس عورت کا خون حیض بوجہ بیماری کے یا عمر زیادہ ہونے کے باعث رک گیا ہو اس قسم کی عورت سے یا حاملہ والی عورت سے جب شوہر جماع کرتا ہے تو غرض اولاد نہیں ہوتی بلکہ غرض صرف رفع حاجت شہوانی ہوتی ہے اور اسی غرض سے چونکہ متعہ بقول نواصب کے زنا شمار ہوتا ہے۔ لہٰذا جہاں جہاں یہ غرض موجود ہو وہاں سنی علماء کو زنا کا فتویٰ دینا چاہیئے۔

۴۔ علماء اسلام کا اتفاق ہے کہ اسقاط حمل حرام ہے مگر مانع حمل گولیاں، غبارہ اور ٹیوب اور چھلا یا اپریشن حرام نہیں ہے اور اہل اسلام مانع حمل چیزیں بھی استعمال کرتے ہیں اور ازواج سے جماع بھی کرتے ہیں، اور اس جماع میں غرض رفع حاجت شہوانی ہوتی ہے۔ اگر بقول نواصب یہ غرض تو صرف زنا میں ہے تو کیا علماء فتویٰ دیں گے کہ اہل اسلام مذکور تمام صورتوں میں زنا کرتے ہیں حاملہ والی عورت میں نہ ہی اولاد اور نہ ہی امور خانہ داری مقصود ہیں۔ پس مُحلل تو یقیناً زانی ہے اور حلالہ کے بہانہ دنیا میں جتنا زنا ہوا ہے اس کا حساب خدا ملاں سے ضرور لے گا۔

مولوی محمد علی جانباز کے متعہ اور زنا میں مشابہت کے چند جھوٹے دعوے اور انکے دندان شکن جوابات

مولانا موصوف اہلسنت کے نامور نعت خواں ہیں۔ اور جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ میں ترویج باطل کے نگران اعلیٰ ہیں اور حرمت متعہ نامی کتاب کے مصنف ہیں اور متعہ اور زنا میں انہوں نے مشابہت کے چند دعوے کئے ہیں۔ اور وہ قارئین کی خدمت میں مع الجواب پیش کئے جاتے ہیں۔

دعویٰ اول } زنا اور متعہ میں اجرت پیشگی دی جاتی ہے سبب اس
ملاحظہ ہو } مشابہت کی وجہ سے متعہ حرام ہے۔

جواب کئی حرام چیزوں سے حلال کو مشابہت بھی ہے مگر وہ حرام نہیں ہوا

اے ارباب انصاف! صرف شباہت کی وجہ سے کوئی حلال یا حرام نہیں بن جاتا۔ حرام یا حلال حکم خدا سے بنتا ہے مثال کے طور پر دیکھیں کہ انسان کی بیٹی کے اعضاء جسمانی سے اس کی بیوی کے اعضاء جسمانی مشابہت رکھتے ہیں تو کیا کوئی ملاں اس شباہت کی وجہ سے بیوی کے حرام ہونے کا فتویٰ دے گا۔

اگر صرف شباہت کی وجہ سے جامعہ ابراہیمیہ کی شریعت کے احکام کی فیکٹری چلانا ہے تو خنزیر اور بکرا دونوں پانی پیتے ہیں گھاس کھاتے ہیں کتا اور بکرا دونوں روٹی کھاتے ہیں پس اس شباہت کی وجہ سے ملاں کو فتویٰ دینا چاہیئے کہ بکرا بھی حرام ہے

جواب: اجرت زنا کے پیشگی ادا کرنے کا دعویٰ سفید جھوٹ ہے

ثبوت ملاحظہ، کتاب اہلسنت کامل لابن اثیر ج ۳ ص ۲۲۴ وسنہ ھ ۴۴ میں لکھا ہے کہ جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ کے امام پنجم حضرت معاویہ نے جب زیاد ولد الزنا کو خال المومنین کا تمغہ دینے کا فیصلہ کیا تو اس زمانہ کے مشہور کنجر ابو مریم سلولی کو بلایا اور پوچھا کہ زیاد کی ولادت با سعادت کس طرح ہوئی تھی ابو مریم نے جس طرح گل ریزی گلشن کلام میں کی اس کا ملخص یہ ہے کہ اے امیر المومنین آپ کا عظیم باپ ابو سفیان ایک رات میرے شراب خانے میں تشریف لایا اور سمیہ نامی بدکار عورت سے زنا فرمایا اور سمیہ کی سرینوں سے ابو سفیان کی منی کے مبارک قطرات کو ٹپکتے ہوئے دیکھنے کا مجھے خود کو شرف حاصل ہوا ہے۔ اور اس کے بعد سمیہ زانیہ سے آپ کا بھائی خال المومنین حضرت زیاد پیدا ہوا۔

نوٹ: ارباب انصاف مولانا محمد علی جانباز کے امام پنجم معاویہ کے ابا مرحوم ابو سفیان کے زنا کا قصہ ہم نے تاریخ اسلام سے بڑی دیانت داری سے نقل کیا ہے تاکہ خیانت علمی کا الزام ہم پر نہ لگایا جا سکے۔ اور اس کیس میں پیشگی اجرت ادا کرنے کا کوئی ذکر تک نہیں ہے معلوم ایسا ہوتا ہے کہ یہ پیشگی اجرت والا چکر جانباز صاحب کی خاندانی شریعت کا ہے۔

نعت خواں کا دوسرا دعویٰ کہ زنا اور متعہ دونوں میں اجرت کا تعین نہیں ہے شباہت کی وجہ سے حرام ہیں

ارباب انصاف محمد علی جانباز کی کتاب حرمت متعہ میں ص ۲۵۸ میں زنا اور متعہ میں شباہت دکھانے کے لئے علامہ موصوف نے ایک نقشہ دیا ہے اور ہم اسی نقشہ سے علامہ صاحب کی پیش کردہ مشابہات ذکر کر رہے ہیں۔

جواب ۱ زنا کے احکام میں علامہ جانباز امام اعظم کا درجہ رکھتے ہیں

کتاب اہلسنت توضیح تلویح ص ۲۵۰ فصل نہی عن الحسیات میں زنا کے یہ فضائل لکھے ہیں کہ ولد الزنا امام اور خلیفہ بن سکتا ہے۔ پس زنا چونکہ محمد علی جانباز کے گھر کا مسئلہ ہے اس لئے زنا کے احکام میں علامہ موصوف امام اعظم کا درجہ رکھتے ہیں لہٰذا زنا کی اجرت کا اگر تعین نہیں ہوتا تو اس بابت علامہ جانباز کا فتویٰ گویا امام اعظم کا فتویٰ ہے۔ اور رہا متعہ کا مسئلہ تو وہ شیعہ سنی کا مشترکہ ہے اور متعہ میں حق مہر کا تعیین کرنا ضروری ہے اور قلیل اور کثیر دونوں میں تعین ہو سکتی ہے اگر مولوی جانباز تجاہل عارفانہ نہ فرمادیں تو ان کو خوب معلوم ہے کہ صحابہ کرام نے آدھی چھٹانک ستو اور مٹھی بھر کھجوروں پر متعہ کیا ہے اور خلیفہ زلوی بنت ابی بکر کا ایک برو عوبجہ یعنی دھوتی کے عوض متعہ کرنا اور بچہ جننا اہل سنت کے لئے شرف کا باعث ہے۔

دعویٰ نمبر ۲ زنا اور متعہ میں تعین وقت ضروری ہے پس بقول جانباز کے اس شباہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں

جواب ۱۔ ہم پہلے بھی تسلیم کر چکے ہیں کہ زنا کے مسائل میں مولوی محمد علی امام اعظم یا امام شافعی کا درجہ رکھتے ہیں۔ مولانا کے مذہب کی مایہ ناز کتاب المحاضرات میں ص میں لکھا ہے کہ اولاد زنا اولاد حلال سے زیادہ کامل ہے۔ پس زنا کے احکام میں جانباز صاحب کا فرمان سند ہے۔ اور متعہ اہل اسلام میں مشترک امر ہے اور کتب اہل سنت گواہ ہیں کہ صحابہ کرام مدت معین کر کے متعہ کرتے تھے۔ اگر متعہ زنا سے شباہت کی وجہ سے زنا کا حکم رکھتا ہے۔ تو کیا صحابہ کرام معاذ اللہ وقت معین کر کے زنا کرتے تھے۔

۲۔ اگر شباہت کی وجہ سے احکام کی فیکٹری چلانا ہے تو توجیہ فرمادیں کہ سکھ اور کئی سنی ملاں داڑھی کو قینچی نہیں لگواتے پس اس شباہت کی وجہ سے کیا معاذ اللہ ملاں اور سکھ دونوں کافر نجس اور پلید ہو گئے ہیں۔

۳۔ زنا کا کوئی قانون نہیں اس طرح کہ اجرت پیشگی دی جائے اور اور اجرت کا تعین نہیں ہے۔ اور زنا میں تعین وقت ضروری ہے یہ سب خرافات ہیں اور جامعہ ابراھیمیہ سیالکوٹ کی خانہ ساز شریعت ہی کا یہ کام ہے کہ وہ اس قسم کے احکام نافذ فرماتی رہتی ہے

چوتھا دعویٰ، زنا اور متعہ میں تنہائی ضروری ہے پس اس مشابہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں

جوابؔ:۔ ہم پہلے بھی ذکر کر چکے ہیں کہ مولوی محمد علی جانباز مسائل زنا میں امام اعظم کے بعد اس زمانہ کے امام اعظم ہیں اور زنا میں ان کا فرمان بڑا قیمتی ہوتا ہے۔ ان سے کوئی پوچھے کہ زنا میں تو تنہائی ضروری ہے کیا لوگ جب اپنی ازواج سے جماع کرتے ہیں تو لوگوں کا مجمع لگا کر ان کے سامنے کرتے ہیں کیا صحابہ کرام اس فعل کو لوگوں کے سامنے کرتے تھے

۲۔ شیخ الحدیث محمد علی کے امام پنجم معاویہ کو اولاد زنا کی ایک ٹیم مل گئی تھی جن کو انہوں نے یہ شرف بخشا تھا کہ ان کو اپنا گورنر بنایا تھا اور ان میں سرفہرست عمرو بن عاص ہے پھر زیاد ولد الزنا ہے پھر مروان پلید ہے اور پھر مغیرہ بن شعبہ ہے یہ وہی مغیرہ بن شعبہ ہے۔ جو کہ صحابی تھا اور حضرت عمر کی طرف سے کوفہ کا قاضی تھا، اور کوفہ میں ایک ام جمیل نامی عورت سے زنا کرتا تھا اور حضرت عمر کی عدالت میں اس سے زنا کی گواہی دی گئی تھی البتہ چوتھے گواہ زیاد ولد الزنا کو جناب عمر نے اشارہ کر کے گواہی سے روک دیا تھا اور تاریخ ابن خلکان ۴۹۲/۲ ذکر یزید بن زیاد میں لکھا ہے کہ اس کے مذکورہ کیس کے بعد حضرت عمر اس مغیرہ کو دیکھ کر فرماتے تھے کہ تجھے دیکھ کر مجھے یہ خطرہ ہوتا ہے کہ کہیں مجھ پر آسمان سے پتھر نہ برسنے لگیں اگر یہ مغیرہ صحابی تنہائی میں زنا کرتا تو اس پر زنا کا مقدمہ نہ ہوتا۔

نعت خواں محمد علی جانباز کا پانچواں دعویٰ کہ زنا اور متعہ میں عورتوں کی تعداد معین نہیں ہے اس مشابہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں!

جواب ملاحظہ ہو: ملک یمین میں عورتوں کی تعداد معین نہیں ہے چار کے بجائے ایک شخص ہزار کنیز بھی رکھ سکتا ہے پس متعہ عورتوں کی تعداد میں ملک یمین کی مثل ہے اور اگر زنا سے مشابہت کی وجہ سے متعہ حرام ہے تو مذکورہ مشابہت ملک یمین کو بھی زنا سے حاصل ہے پس وہ بھی حرام ہونا چاہیئے۔

چھٹا دعویٰ زانیہ اور ممتوعہ دونوں بے حجاب ہوتی ہیں پس اس مشابہت کی وجہ سے زنا اور متعہ حرام ہے

جواب ملاحظہ ہو: صحابہ کرام ابتدائے اسلام میں بقول اہل سنت بجائیوں کے بوجہ مجبوری متعہ کرتے رہے ہیں۔ اگر متعہ زنا ہے تو کیا صحابہ کرام بوجہ مجبوری زنا کرتے تھے۔

۲۔ شہروں اور گاؤں میں اہل اسلام کی عورتیں ۹۵ فیصد بے حجاب ہیں تو کیا کوئی لعنتی ملاں فتویٰ دے سکتا ہے کہ تمام خواتین معاذ اللہ زنا کار ہیں۔ سنی علماء کی سکھوں کے ساتھ اور یہود و نصاریٰ کی کئی باتوں میں مشابہت ہے تو کیا یہ علماء معاذ اللہ ان کفار کی طرح بے ایمان اور لعنتی ہیں۔

ساتواں دعویٰ: زنا میں طلاق نہیں اور متعہ میں بھی طلاق نہیں ہے پس اس شباہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں۔

جواب: آغاز اسلام میں جب متعہ چند روز کے لئے بقول اہلسنت ملاحظہ ۱ کے حلال ہوا تھا۔ اس وقت بھی متعہ میں طلاق نہیں تھی۔ اور اس وقت بھی متعہ اس بات میں زنا کے مشابہہ تھا۔ پس اگر زنا سے شباہت کی وجہ سے متعہ بھی مثل زنا فعل حرام ہے تو آغاز اسلام میں صحابہ کرام جو متعہ کرتے تھے گویا وہ معاذ اللہ زنا کرتے تھے۔ اور حضرت ابو بکر کی بیٹی اسماء نے جو متعہ فرمایا کیا معاذ اللہ اس نیک بی بی نے بھی زنا کیا تھا۔ فعل حرام کیا تھا۔

نمبر ۲۔ بیوی سے دختر کو شباہت ہے کیونکہ دونوں کا جوڑا اور گوشوارہ اور ناک میں کوکی ہوتی ہے اور دونوں گندم کھاتی ہیں۔ پس مثل دختر کے بیوی سے بھی جماع حرام ہونا چاہیئے کیونکہ مشابہت ہو گئی ہے۔

نمبر ۳۔ متعہ میں طلاق کے عوض میں ہبہ مدت ہے اگر شوہر ممتوعہ کو مدت بخش دے تو عورت عدت گذارنے کے بعد نکاح کر سکتی ہے۔ اور زنا کے احکام میں مولانا محمد علی جانباز سنی قوم میں دوسرے امام اعظم صاحب ہیں۔ اور ان کا وجود سنی قوم کے لئے معاویہ کی طرح بہت مفید ہے

نعت خواں کا آٹھواں دعویٰ: زنا اور متعہ میں وراثت نہیں ہے اس شباہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں!

جواب: معاویہ نے ولد الزنا زیاد کو اپنا بھائی کیوں بنایا!

جامعہ ابراھیمیہ سیالکوٹ کے امام پنجم معاویہ نے شریعت اسلامیہ کا یوں جنازہ نکالا تھا کہ اپنے زانی باپ ابو سفیان کے نطفے سے پیدا ہونے والے زیاد ولد الزنا کو اپنے حرموں میں داخل فرما کر اس کو اپنا حقیقی بھائی بنانے کا اعلان فرمایا تھا اور بیچارا علامہ سیوطی اپنی تاریخ الخلفاء ص ۱۸۵ میں یہ رونا روتا ہے کہ معاویہ نے اس کیس میں اعلانیہ نبی کریم ص کی نافرمانی کی ہے

نوٹ :- بے شک اسلام میں ولد الزنا۔ نہ ہی وارث ہے اور نہ ہی بیٹا ہے مگر معاویہ نے اسلام کے خلاف بغاوت کر کے ایک نطفہ حرام کو اپنا بھائی بنا کر ابو سفیان کا بیٹا بھی بنا دیا۔ اور وارث بھی بنا دیا کیونکہ بیٹے کے لئے وارث ہونا ضروری ہے۔ محمد علی کہتا ہے کہ ولد الزنا وارث نہیں ہوتا اور معاویہ کہتا کہ ولد الزنا بیٹا بھی ہوتا ہے اور وارث بھی ہوتا۔ پس اس مسئلہ میں یا مولوی محمد علی جانباز جھوٹا ہے اور یا اس کا امام پنجم معاویہ جھوٹا ہے اور متعہ میں بلا کسی اختلاف کے اولاد متعہ وارث ہے اور زوجہ وقت عقد اگر شرط وراثت کرے تو وہ بھی وارث ہے۔

نفت خوار کا نواں دعویٰ کہ زنا اور متعہ میں خرچہ مرد کے ذمہ نہیں ہوتا اس شباہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں!

عمرو کی ماں کو اس کا زانی باپ خرچہ دیتا تھا!

کتاب اہلسنت تذکرہ خواص الامہ ص ۱۱ ذکر امام حسن میں لکھا ہے کہ جب معاویہ کا مشیر خاص عمرو بن عاص پیدا ہوا تھا تو پانچ آدمیوں نے دعویٰ کیا تھا کہ یہ مولود مسعود ہمارا نطفہ ہے۔ اور وہ ۵ پہلوان زنا کے میدان کے ہیں ۱ عاص بن وائل ۲ ابولہب ۳ امیہ بن خلف ۴ ہشام بن مغیرہ ۵ اور معاویہ کا باپ ابوسفیان۔ یہ پانچوں قریشی عمرو کی ماں نابغہ سے زنا کرتے تھے۔ اور وہ خوش بخت بی بی حاملہ ہو گئی اور عمرو کو جنا اور ان پانچوں میں جھگڑا ہو گیا کہ یہ کس کا بیٹا ہے پھر نابغہ بی بی عمرو کی ماں نے یہ فیصلہ دیا کہ یہ عاص بن وائل کا بیٹا ہے اور لوگوں نے سوال کیا کہ ابوسفیان بھی قریشی سردار تھا اس کو نظر انداز کیوں کیا ہے نابغہ نے کہا کہ ابوسفیان بخیل ہے اور عاص مجھ کو خرچہ دیتا تھا۔ اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ مولوی محمد علی جھوٹا ہے کہ زنا میں عورت کو خرچہ نہیں دیا جاتا بلکہ دیا جاتا ہے جس طرح کہ عمرو صحابی کی ماں عاص سے خرچہ لیتی تھی۔

خالد سیف اللہ کا مالک کی حسین زوجہ کے عشق کی وجہ سے مالک کو قتل کرنا اور بغیر عدت گزرنے اس کی زوجہ سے نکاح کرنا

کتاب اہل سنت کنز العمال جزء ۳ ص ۱۳۲ کتاب الخلافہ مع الامارۃ میں لکھا ہے کہ مایۂ ناز صحابی حضرت خالد بن ولید سیف نے ایک صحابی مالک بن نویرہ کو دن میں بغیر کسی جرم کے قتل کیا اور عدت کیسی، رات ہی کے وقت اس کی بیوہ ام متمم سے نکاح کر لیا اور جماع کیا۔ حضرت عمر کو معلوم ہوا تو انہوں نے ابوبکر کو کہا کہ خالد نے ایک مسلمان کو قتل کیا ہے اور اس کی بیوہ سے زنا کیا ہے اور عدت کے گزرنے کا انتظار تک نہیں کیا پس اس خالد کو قتل کرو مگر ابوبکر ٹال مٹول کر گیا۔

نوٹ:- سپاہ صحابہ والے ناموس صحابہ بل بنائے پھرتے ہیں۔ ہم ان تمام وکلاء صحابہ سے پوچھتے ہیں مالک صحابی کی بیوی ام متمم اگر اس کی زوجہ نہ تھی تو کیا ایک صحابی اس کو گھر میں رکھ کر اس کے ساتھ زنا کرتا تھا اور اگر وہ اس کی زوجہ تھی تو اس کے مرحوم شوہر کے قتل کے بعد فوراً ہی خالد نے اس عورت کی عدت میں اس سے نکاح کر کے اس بیوہ سے زنا کیا۔

یہ ہیں اصحاب مثل ستاروں کے اور ان کی پیروی سنیوں کے لئے باعث فخر ہے۔

فیض احمد اویسی کے تحریم متعہ کے بارے چند خرافات

اس نام کے شیخ الحدیث نے ایک رسالہ متعہ یا زنا نامی لکھا ہے اور دونوں میں شباہت دکھلانے کے لئے حسن الدین سہروردی کے رسالہ حرمت متعہ کی لفظ بلفظ عبارات چوری کی ہیں اور ہمارے لئے یہ سارق بھی مفتی بن گیا ہے متعہ اور زنا میں اس کی بیان کردہ شباہتیں تقریباً وہی ہیں۔ جن کو محمد علی جانباز نے ذکر کیا ہے۔ مگر اس کے غرور کو توڑنے کے لئے کچھ نوٹس اس کا لینا ضروری ہے تاکہ یہ دل منافق کی طرح اپنی ٹیڑھی گردن کو مایہ لگا کر نہ چلے۔

اویسی کا ایک دعویٰ یہ کہ متعہ میں عدت نہیں ہے پس یہ زنا کے مشابہ ہے اور زنا کی طرح حرام ہے

جواب: **متعہ سے عدت کی نفی کرنا اویسی کا سفید جھوٹ ہے**

ارباب انصاف علامہ اویسی نے شیعوں کے خلاف جھوٹ بول کر اپنے منحوس چہرے پر بے ایمانی کا غازہ لگا لیا ہے۔ اہل تشیع کی کتاب شرح لمعہ جلد دوم کتاب النکاح ذکر متعہ میں صاف لکھا ہے کہ نکاح متعہ کی مدت ختم ہونے کے بعد عورت کے لئے عدت رکھنا فرض ہے۔

اویسی کا دوسرا دعویٰ کہ نکاح میں چار سے زیادہ جمع نہیں ہو سکتیں

غرض اس ماں کے مفتی کی یہ ہے کہ نکاح میں کوئی شخص چار سے زیادہ بیویاں ایک وقت میں جمع نہیں کر سکتا۔ اور متعہ اور زنا میں عورتیں رکھنے کی تعداد پر کوئی پابندی نہیں ہے پس اس شباہت کی وجہ سے دونوں متعہ اور زنا حرام ہیں

نبی کریم ؐ کے پاس ایک وقت میں چار سے زیادہ ازواج تھیں!

اویسی مسکین کو تاریخ اسلام کا صحیح علم نہیں ہے۔ جب نبی کریم ؐ نے رحلت فرمائی تھی تو نبی کریم ؐ کے بیت الشرف میں ۹ عدد ازواج جمع تھیں اور یہ ۹ عدد اگر ازواج نہ تھیں تو کیا تھیں پس ان عورتوں کا ازواج نبی ؐ ہونا اویسی کو جھوٹا کرنے کے لیے کافی ہے جس طرح نبی کریم ؐ کو شریعت نے چار سے زیادہ عورتیں رکھنے کی اجازت دی ہے۔ اور صرف کسی ایک وجہ سے شباہت اگر مؤثر ہے تو اویسی صاحب کو کئی لحاظ سے کفار سے سکھوں سے شباہت ہے۔

اویسی کا تیسرا دعویٰ کہ متعہ والی عورت کو میراث نہیں ملتی پس وہ زانیہ کے مشابہ ہوگی اس لئے متعہ حرام ہے

جواب: میراث سے محروم زوجہ کو زانیہ کہنا کفر ہے۔

ارباب انصاف شیعوں کی دشمنی میں یہ سنی ملاں کچھ اندھے ہوگئے ہیں اور کفر تک بکنے کو تیار ہیں۔ اگر زوجہ کو میراث نہ ملے تو وہ مثل زانیہ عورت کے ہے اگر فقہ حنفیہ کا یہ صحیح مسئلہ ہے تو پھر ہم سوال کرتے ہیں کہ وراثت تو ازواج نبیؐ کو بھی نہیں ملتی کیونکہ بقول ابوبکر مفتی اعظم کے نبیوں کا کوئی وارث نہیں ہوتا پس ازواج نبیؐ وراثت سے محروم ہیں اور بقول اہلسنت وراثت سے محروم عورتیں مثل زانیہ عورتوں کے ہیں۔ پس اہلسنت سے دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر ہم پوچھتے ہیں کہ ازواج نبی وراثت سے محروم ہونے کے بعد کیا تھیں ان ماؤں کے بارے فیصلہ کرنا سنی ملاں کے ذمہ ہے ۔ ۲۔ متوعہ عورت اگر شوہر سے اس طرح شرط کرلے کہ اگر ہم سے مدت متعہ کے درمیان جو مرے گا تو دوسرا جو زندہ ہوگا اس کا وارث بنے گا تو بعض مجتہدین کے نزدیک یہ درست ہے اور وراثت ثابت ہے اور اجتہادی اختلاف اہلسنت کے گھر میں ہوک کے حساب سے موجود ہے اور ان کی چار فقہوں کا سرچشمہ ہے

چوتھا دعویٰ کہ عورت نکاح متعہ میں شوہر سے منسوب نہیں ہوتی

ارباب انصاف اس علامہ اویسی زبدۃ المحققین کا مقصد یہ ہے کہ نکاح متعہ میں عورت اس طرح اپنے شوہر کی طرف منسوب نہیں ہوتی جس طرح نکاح دائم میں ہوتی ہے۔ پس متوعہ مثل زانیہ کے ہے اور متعہ مثل زنا ہے۔

جواب: نکاح حلالہ میں عورت اپنے محلل شوہر سے منسوب نہیں ہوتی

ارباب انصاف ۔ اہلسنت بھائیوں کی شریعت میں ایک نکاح حلالہ ہے کہ جس کا نام سن کر شرفا غیرت اور شرم سے کانپ جاتے ہیں اور ہدایہ شریف جو سنی مذہب کی وہ کتاب ہے جس کو وہ مثل قرآن سمجھتے ہیں اس ہدایہ ص۳۹۹ ج۲ کتاب الطلاق باب الرجعت میں یہ لکھا ہے لعن اللہ المحلل والمحلل لہ کہ خدا اس مرد پر لعنت کرے جو حلالہ کی خاطر کسی عورت سے شادی کرے اور اس مرد پر بھی خدا لعنت کرے جس نے اپنی بیوی حلالہ کی خاطر دی ہو۔ خلاصہ ۔ اس حلالہ میں عورت فخر سے یہ نہیں کہتی کہ میں فلاں محلل کی عورت ہوں پس یہ حلالہ بھی مثل زنا ہے جو کہ ملاں نے اپنے موج میلہ کے لئے حلال بنا رکھا ہے۔ جب اصحاب اجداء اسلام میں متعہ کرتے تھے تو ان کی ازواج کس سے منسوب ہوتی تھی۔

اویسی کا پانچواں دعویٰ :- کوئی شریف یہ نہیں کہتا کہ میں ولد متعہ ہوں

علامہ اویسی کا مقصد یہ ہے کہ قوم شیعہ میں کوئی عالم فاضل یا کوئی بھی اقرار نہیں کرتا کہ میری ولادت متعہ سے ہوئی ہے پس اگر متعہ صحیح نکاح تھا تو اس کی اولاد کہاں گئی ہے۔

جواب :- کوئی کمینہ سے کمینہ سنی بھی یہ نہیں کہتا کہ میں حلالہ کا نطفہ ہوں !!

ارباب انصاف ہم اپنے سنی بھائیوں کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر عرض کرتے ہیں کہ وہ اپنے مذہب کا کوئی عالم یا قاری ، یا شیخ الحدیث پیش فرمادیں - جو بحوصلی اقرار فرمادے کہ وہ نکاح حلالہ کی سنٹ ہے۔ چودہ سو سال سے سنی مذہب کو نکاح حلالہ کے رائج کرنے کا شرف حاصل ہے اور سنی مذہب کے کئی علماء اور پیر صاحبان کو محلل ہونے کا شرف بھی حاصل ہے پس کیا وجہ ہے کہ اولاد حلالہ کہیں نظر نہیں آتی جب ہمارے سنی بھائی اولاد حلالہ پیش کریں گے تو ہم بھی اولاد متعہ پیش کریں گے یہ جب ابتدائے اسلام میں اصحاب مصطفیٰ بھر کھجور یا ستو دے کر متعہ کرتے تو ان کی اولاد متعہ کہاں گئی ہے سوائے عبداللہ بن زبیر کے اور کوئی نظر نہیں آتا۔

حسن الدین سہروردی کی خرافات اور ان کے دندان شکن جواب

اسی ذریت مروان نے ایک حرمت متعہ نامی رسالہ لکھا ہے - اور باتیں تو وہی ہیں جو سنی علماء مکھی پر مکھی مارتے ہیں - مگر ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم تھوڑا تھوڑا سب کا نوٹس لیں اس کے خرافات کا کچھ ذکر کرکے ہم اختصار کے ساتھ ان کا جواب دے کرتے ہیں رسالہ حرمت متعہ ص۹ میں نواصب کا یہ علامہ لکھتا ہے۔

دلیل ۱ :- متعہ کی غرض محض قضاء شہوت ہے پس حرام ہے

جواب :- حاملہ بیوی سے جماع کی یہی غرض ہے پس اس کو بھی حرام کہو۔

دلیل ۲ :- متعہ سے ہر جگہ "میں تیرا تو میری" کا جلوہ نظر آئے گا۔

جواب ملاحظہ ہو :- آغاز اسلام میں اٹھارہ سال تک خدا اور رسولؐ نے اس کو حلال کیوں رکھا - اس وقت بھی تو یہ جلوہ تھا۔

دلیل ۳ :- متعہ سے بستے گھر اجڑ جائیں گے۔

جواب ملاحظہ کیجئے :- حوالہ جات اسی رسالہ میں موجود ہیں کہ بقول جابر صحابی یہ متعہ رسول پاکؐ اور ابوبکر کے زمانہ میں عام تھا کوئی سنی بتلائے کہ کتنے صحابہ اور صحابیات کے گھر متعہ کی وجہ سے اجڑے ہیں اور علاوہ ازیں حسن سہروردی کے یہ اعتراضات بجائے شیعوں کے خدا اور رسولؐ پر وارد ہوتے ہیں کہ انہوں نے ابتدائے اسلام میں لوگوں کو بے غیرت بنانے والا نکاح جائز رکھا تھا

دلیل نمبر ۴] شجر متعہ بالکل بے برگ و بار ہے! شیعہ کوئی ولد متعہ نہیں پیش کر سکتے ہیں؟

جواب: نکاح حلالہ بھی بے برگ و بار ہے اور سنیوں میں ایک نکاح موقت
ملاحظہ] بھی ہے اور سنی بھائی آج تک نکاح حلالہ اور نکاح
موقت سے پیدا ہونے والا بچہ نہیں پیش فرما سکے شاید شرم کی وجہ سے
جس طرح نکاح حلالہ کی اولاد نہیں ملتی اسی طرح اولاد نکاح متعہ بھی
نہیں ملتی اور جس طرح نکاح حلالہ درست ہے زنا نہیں تھا اسی طرح نکاح متعہ زنا نہیں ہے

دلیل نمبر ۵] متعہ کا جائز استعمال بھی برائیوں کا سرچشمہ ہے

جواب: یہ سہروردی اس دلیل کے باعث کافر ہو گیا ہے کہ بقول اس کے
ملاحظہ] جب متعہ جائز ہو تو بھی اس کو برائیوں کا سرچشمہ کہنا خدا اور
رسول کی عقل پر اعتراض کرنا ہے اور یہ کفر ہے۔

دلیل نمبر ۶] متعہ کو رواج دینے سے حرام کاری نہیں رک سکتی۔

جواب: شریعت نے نکاح دائم کو رواج دیا ہے اور حرام کاری نہیں
ملاحظہ] رکی پس سہروردی کو چاہیے کہ نکاح دائم کو متعہ کے ساتھ منتفی
کر کے زنا کے کھاتے میں ڈال دے۔ سنی مذہب میں تین نکاح ہیں ۱۔ نکاح
دائم ۲۔ نکاح موقت ۳۔ نکاح حلالہ اور یہ تینوں مل کر بھی زنا اور لواط کو نہیں
روک سکے۔ اور سنیوں میں علت المشائخ عام ہے۔

دلیل نمبر ۷] متعہ سے جو اولاد پیدا ہوگی وہ کس کی کہلائے گی؟

جواب: نکاح حلالہ سے جو اولاد پیدا ہوگی وہ کس کی کہلائے گی؟
ملاحظہ] سنی مذہب کی بقاء اور ترقی صرف نکاح حلالہ سے ہے۔
چودہ سو سال نکاح حلالہ اہلسنت میں آ رہا ہے۔ اور وہ جب بھی
اور جتنی بھی تعداد سنیوں میں ہم کو اولاد حلالہ کی دکھائیں گے اتنی
تعداد ان کو ہم شیعوں میں اولاد متعہ دکھائیں گے۔
۲۔ نکاح متعہ سے جو بچے پیدا ہوں گے وہ اسی مرد اور عورت کے
ہوں گے اور وہ بچے اسی مرد اور عورت کے وارث ہوں گے اور وہ
مرد و عورت ان بچوں کے وارث ہوں گے رہا یہ سوال کہ اولاد
متعہ کسی جگہ نظر نہیں آتی تو اس کا جواب یہ ہے کہ اولاد متعہ نے
اولاد حلالہ کی طرح سر پر سلیمانی ٹوپی رکھی ہے اس لئے یہ دونوں نظر نہیں آتے

اٹھارہ سال تک زمانہ رسالت میں متعہ حلال تھا اولاد متعہ کہاں گئی؟

اہلسنت احباب کی کتابیں گواہ ہیں کہ زمانہ رسالت میں صحابہ کیلئے
متعہ حلال تھا پس دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر اہلسنت
بھائیوں سے ہم سوال کرتے ہیں کہ جب اٹھارہ سال تک زمانہ رسالت میں متعہ
حلال رہا تو اولاد متعہ کس کی کہلائی اور کہاں گئی؟ بڑی مہربانی ہوگی کہ
ایک مختصر فہرست اولاد حلالہ و اولاد متعہ سنی بھائی پیش کریں تو۔

سنیوں کی طرف سے متعہ کے حرام ہونے کی تیسری دلیل کہ ممتوعہ عورت نہ زوجہ ہے اور نہ ہی کنیز ؟ ؟

مناظر اہلسنت شاہ عبدالعزیز نے یہ ڈفلی بجائی ہے۔ اور ناصبی ملاں آج تک اس پر رقص کر رہے ہیں۔ کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۵۵ باب مسائل متعہ اور صفحہ ۳۰۲ باب مطاعن عمر طعن نمبر ۱۱ میں۔ بچارے سنی مناظر نے یہ رونا رویا ہے کہ قرآن پاک پارہ ۱۸ سورہ مومنون۔ آیت نمبر ۶ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ کسی عورت کا کسی مرد کے لئے حلال ہونے کے صرف دو سبب ہیں نمبر ۱۔ وہ عورت اس کی زوجہ ہو نمبر ۲ وہ عورت اس کی کنیز ہو۔ اور ان کے علاوہ جو مرد کسی عورت کو اپنے لیے حلال سمجھے گا وہ حکم خداوندی سے آگے بڑھنے والا ہے۔ اور جس عورت سے کسی نے متعہ کیا ہے وہ نہ ہی زوجہ ہے اور نہ ہی وہ کنیز ہے۔ اس کا کنیز ہونا اس لئے نہیں ہے کہ اس کا سمجھنا صحیح نہیں ہے اور ممتوعہ زوجہ اس لئے نہیں ہے کہ اس کے لئے طلاق۔ عدت میراث۔ ایلا ظہار۔ لعان۔ نفقہ وغیرہ ثابت نہیں پس جب ممتوعہ کا زوجہ ہونا ثابت نہیں ہے تو وہ عورت مرد کے لئے حلال نہیں۔ ارباب انصاف اس دلیل کی اب ہم اس طرح چیر پھاڑ کرتے ہیں کہ کوئی سنی سرجن قیامت تک اس کو ٹانکے نہ لگا سکے۔

جواب نمبر ۱ بلند پایہ سنی علماء نے ممتوعہ کو زوجہ اور متعہ کو نکاح مان کر شاہ عبدالعزیز کو ذلیل کر کے جھٹلایا ہے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کشاف صفحہ ۴۶ جلد ۳ المومنون آیت ۶
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی صفحہ ۱۳۰ جلد ۵۔ النساء
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر بیضاوی صفحہ ۴۹ جلد ۲ عبداللہ بن عمر بیضاوی

کشاف کی عبارت: فان قلت هل فيه دليل على تحريم المتعة قلت لا لان المنكوحة بنكاح المتعة من جملة الازواج۔

ترجمہ:۔ اگر تو سوال کرے کہ سورہ مومنون کی آیت نمبر ۶ میں متعہ کے حرام ہونے پر دلالت ہے تو میں (زمخشری) جواب دوں گا کہ اس آیت کی حرمت متعہ پر دلالت نہیں ہے کیونکہ جس عورت سے نکاح متعہ کیا جائے وہ زوجہ ہے۔

تفسیر قرطبی کی عبارت: قال الجمهور المراد نكاح المتعة الذي كان في صدر الاسلام ..... وقال ابو عمر لم يختلف العلماء من السلف والخلف ان المتعة نكاح الى اجل لا ميراث فيه

اہلسنت کے بڑے علماء یہ فرماتے ہیں کہ پارہ ۵ کی پہلی آیت فما استمتعتم سے مراد نکاح متعہ ہے جو آغاز اسلام میں حلال تھا اور علامہ ابو عمر کہتا ہے کہ سب علماء کا اتفاق ہے کہ متعہ بھی پکا نکاح ہے

بیضاوی کی عبارت: والمتعة وهي النكاح الموقت الى اجل معلوم
علامہ بیضاوی فرماتے ہیں کہ متعہ نکاح موقت ہے

نوٹ: ارباب انصاف۔ امام اہلسنت فخر الدین رازی نے صاحب کشاف علامہ زمخشری کی اپنی کتاب ترجیح مذہب شافعی میں یوں تعریف کی ہے کہ وہ بلند پایہ علامہ تھے اور کان علی مذهب ابی حنیفہ کے اور تھے بھی امام اعظم ابو حنیفہ کے۔ مذہب پر اس زمخشری نے اقرار فرمایا ہے کہ ممتوعہ عورت بھی زوجہ ہے اور قرطبی اور بیضاوی نے اقرار فرمایا ہے کہ متعہ بھی نکاح اور ان علماء کے ارشادات دہلوی صاحب کو جھٹلانے کیلئے کافی ہیں۔

محدثین نے بھی ممتوعہ کو زوجہ تسلیم کیا ہے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۲
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم جلد ۱ ص ۴۵۳ النکاح
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص ۱۹۱ ج ۹
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری ص ۳۶۲ ج ۹

بخاری کی عبارت: ثم رخص لنا ان ننکح المرأة بالثوب ثم قرأ علینا یا ایها الذین ۔ ۔ ۔ لا تحرموا طیبات۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعود روایت کرتا ہے کہ ہم نے نبی کریمؐ سے اپنے آپ کو خصی کرنے کی اجازت طلب کی۔ حضور پاکؐ نے اس چیز سے تو ہم کو منع کیا مگر ہمیں اجازت دی کہ کپڑے کے عوض ہم عورت سے نکاح کریں۔ پھر عبداللہ بن مسعود نے اس آیت کی تلاوت کی کہ اے ایمان والو تم حرام نہ کرو ان اچھی چیزوں کو جن کو اللہ نے تمہارے لئے حلال فرمایا ہے۔

نوٹ: اس روایت کو مسلم نے بھی اپنی صحیح کتاب النکاح میں لکھا ہے اور باب قائم فرمایا ہے کہ باب نکاح المتعہ

فتح الباری کی عبارت: قوله ان ننکح المرأة بالثوب ای الی اجل فی نکاح المتعة

عمدۃ القاری کی عبارت: قوله ثم رخص لنا ان ننکح المرأة بالثوب هذا نکاح المتعة

ترجمہ: دونوں شارح فرماتے ہیں کہ حدیث شریف میں ننکح سے مراد۔ نکاح متعہ ہے۔

اہل اسلام کو دیانت کا واسطہ دے کر ہم دعوت انصاف دیتے ہیں

ارباب انصاف جب ابتدائے اسلام میں متعہ حلال تھا۔ اس وقت ممتوعہ عورت حلال تھیں ہمارا سوال ہے اس وقت وہ کیا تھی اگر زوجہ نہ تھی تو حلال کیوں تھی اور اگر زوجہ تھی تو معلوم ہوا کہ ممتوعہ بھی شریعت میں زوجہ ہے اور اس کو زوجیت سے خارج کرنا دوسرے معنوں میں اصحاب کو زانی ثابت کرنا ہے کیونکہ وہ متعہ کرتے تھے۔ خلاصہ اہلسنت کے بلند پایہ علماء نے ممتوعہ کو زوجہ اور متعہ کو نکاح تسلیم کیا اور جو لوگ اس بات سے انکار فرماتے ہیں ان کی نادانی اور کم علمی ہے۔

رسالہ حرمت متعہ والے ملاں کی ڈگڈگی بھی سنئے

حسن الدین سہروردی نے اپنے رسالہ حرمت متعہ صفحہ ۳۶ میں یہ رونا بھی رویا ہے کہ زوجہ کا لفظ قرآن پاک میں جہاں بھی آیا ہے اس سے مراد نکاح دائمی والی عورت ہے مثلاً جناب آدم کے قصہ میں ہے وزوجک الجنۃ ۔ اور چونکہ ممتوعہ سے نکاح دائمی نہیں ہے اس لئے وہ زوجہ نہیں ہے۔

جواب: اثبات الشی نفی ماعداہ نہیں ہے!

ارباب انصاف اگر قرآن میں لفظ زوجہ زیادہ تر اس عورت کے بارے استعمال ہوا ہے جو منکوحہ بنکاح دائمی ہے تو اس سے اس منکوحہ کا صرف زوجہ ہونا ثابت ہوتا ہے اور یہ اثبات ممتوعہ کے زوجہ ہونے کی نفی نہیں کرتا کیونکہ علم منطق میں ثابت ہے کہ اثبات الشی نفی ماعداہ نہیں کرتا۔

ملاں سہروردی کی ایک اور شرلی ملاحظہ ہو

اہلسنت کی صحاح ستہ میں بے شک لفظ زوجہ اور لفظ نکاح یعنی متعہ اور ممتوعہ میں استعمال ہوتے ہیں مگر یہ استعمال مجازی ہے اور معنی مجازی پر معنی حقیقی کے احکام جاری نہیں ہوتے مثلاً شاگرد مجازی بیٹا ہے اس پر حقیقی بیٹے کے احکام جاری نہیں ہوتے۔

جواب ۱: اگر ممتوعہ زوجہ نہیں ہے، تو کیا صحابہ کرام زنا کار تھے

آغاز اسلام میں اہلسنت کی صحاح ستہ گواہ ہے کہ صحابہ کرام متعہ فرماتے تھے اور اگر ممتوعہ عورت زوجہ نہیں ہے اور عقد متعہ نکاح نہیں ہے تو کیا ابتدائے اسلام میں صحابہ کرام متعہ کی صورت میں زنا کرتے تھے اور قرآن پاک میں آیا ہے وازواجہ امھاتکم کہ نبی کریمؐ کی بیویاں تمہاری مائیں ہیں لفظ ام معنی مجازی میں استعمال ہوا ہے اور معنی حقیقی کے بعض احکام اس معنی مجازی کے لئے ثابت ہیں نبی کریمؐ کی ازواج امت کی اس طرح مائیں نہیں ہیں کہ تمام امت ان کے پیٹ سے پیدا ہوئی ہے اور امت سے ان ازواج کو پردہ نہیں ہے البتہ جس طرح حقیقی ماں سے نکاح نہیں ہو سکتا اسی طرح ازواج نبیؐ سے نکاح نہیں ہو سکتا۔

سنی ملاں کی ایک اور شرلی ملاحظہ ہو

حدیث کتب شیعہ میں ہے کہ

ملعون من نکح بھیمۃ

اور جس طرح یہاں نکاح بمعنی بدکاری ہے اسی طرح متعہ میں نکاح بمعنی بدکاری ہے۔

جواب: آغاز اسلام میں جب صحابہ نکاح متعہ کرتے تھے ملاحظہ قرآن کا نکاح متعہ کیا معاذ اللہ بدکاری تھا۔

مولوی محمد علی جانباز کی شرلی اور خرافات

موصوف اپنی کتاب حرمت متعہ ص۱۷۱ میں لکھتے ہیں کہ متوعہ زوجہ اور بیوی اس لئے نہیں ہے کہ زوجیت کے لئے جتنے احکام ہیں ان میں سے کسی کا بھی اس متوعہ پر اطلاق نہیں ہوتا

جواب: علامہ نے ثلثہ کی خاطر تمام باڈر جھوٹ بولنے کے توڑ دیئے

ارباب انصاف متعف اور افسوس ہے اس جانباز پر کہ جتنے ثلاثہ کی خاطر جھوٹ بولنے کی تمام حدیں توڑ دی ہیں۔

شیعہ مذہب کی فقہ کی تمام کتابیں حاضر اور موجود ہیں۔ اور ان میں مثلاً شرح لمعہ وغیرہ سب میں لکھا ہے کہ متوعہ عورت پر عدت واجب ہے اور عدت زوجہ پر ہی واجب ہوتی ہے۔ پس متوعہ زوجہ ہے۔

اعتراض ملاحظہ (پس ایک حکم ثابت ہونے سے متوعہ عورت کس طرح زوجہ بن گئی۔

جواب ملاحظہ (ازواج نبی کریمؐ صرف ایک حکم ثابت ہونے سے مائیں کس طرح تمام امت کی بن گئیں۔

ارباب انصاف:۔ نبی کریمؐ کی بیویاں بے شک امت کی مائیں ہیں مگر صرف ایک حکم میں کہ ان سے نکاح نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح متوعہ عورت کا زوجہ ہونا بھی سمجھ لیں۔

شاہ عبدالعزیز کی تحفہ مسروقہ میں ایک اور ڈگڈگی ملاحظہ ہو!

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص۳۰۳ باب ۱۰ مطاعن عمر طعن ۱۱ میں صاحب تحفہ فرماتے ہیں کہ اسلام نے صرف چار ازواج کی اجازت دی ہے اور متعہ تو چار سے زیادہ عورتوں سے کیا جا سکتا ہے۔ پس متوعہ عورت زوجہ نہیں ہے اگر زوجہ ہوتی تو پھر چار سے زیادہ عورتوں سے متعہ صحیح نہ ہوتا۔ اور کافی شریف میں لکھا ہے کہ شیعوں کے امام نے فرمایا ہے متوعہ عورت نہ چار سے ہے اور نہ ۷ سے خلاصہ۔ صاحب تحفہ کا مقصد یہ ہے کہ جو عورت چار ازواج کے علاوہ کسی کے پاس ہوگی وہ اس کی زوجہ نہیں ہوگی پس اس سے جماع کرنا زنا شمار ہوگا اور مرد زناکار اور عورت زانیہ ہوگی۔

جواب: چار کے عدد میں ازواج کو منحصر کرنے والا گستاخ نبیؐ اور کافر ہے نبی کریمؐ کی ازواج وقت وفات ۹ تھیں

ارباب انصاف عالم اسلام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ہمارے نبی کریمؐ نے جب وفات پائی تھی تو آنجنابؐ کی اس وقت ۹ بیویاں تھیں ۱۔ رملہ ام حبیبہ ۲۔ ام سلمہ ۳۔ سودہ بنت زمعہ ۴۔ زینب بنت جحش ۵۔ جویریہ بنت حارث ۶۔ صفیہ بنت حی۔

۷ میمونہ بنت حارث ۸ عائشہ بنت ابوبکر ۹ حفصہ بنت عمر

ارباب انصاف ۔ ہمارا نادان ملاں سے سوال ہے کہ اگر چار
سے زیادہ جو عورت کسی کے نکاح میں ہوگی وہ زوجہ نہیں ہے۔ تو
نبی کریم ؐ کی ۹ عدد ازواج کس طرح ہوگی اور جناب عائشہ اور
حفصہ کا تو آٹھواں اور نواں درجہ ہے پھر عائشہ اور حفصہ کو
زوجہ رسول اللہ کس طرح کہا جاتا ہے پس چار کے علاوہ جو
عورتیں نبی کریم ؐ کے گھر تھیں بقول ملاں وہ ازواج نہ تھیں تو
کیا تھیں اور آنجناب ؐ نے ان کو گھر میں بطور بیوی کے کس
طرح رکھا ہوا تھا۔ جو عورت چار میں شمار نہیں ہے اور وہ
زوجہ نہیں ہے اور اس کا شوہر زانی اور وہ خود زانیہ ہے
تو ایسا عقیدہ رکھنے والا گستاخ نبی ہے کافر ہے۔ کیونکہ اس
نے عائشہ اور حفصہ کو زوجہ ہونے کے شرف سے نکال دیا ہے۔

اعتراض ملاحظہ

چار عورتوں سے زیادہ ازواج رکھنا امت کے لئے منع
ہے اور نبی پاک ؐ کے لئے جائز ہے

جواب ملاحظہ

ہمارا مقصد حاصل ہو گیا کہ چار سے تعداد اگر بڑھ
جائے تو پانچویں کو بھی زوجہ کہا جاتا ہے اس کو زانیہ نہیں کہا
جاتا ورنہ نبی پاک ؐ کے حق میں گستاخی لازم آئے گی۔

خلاصہ ۔ بی بی عائشہ کا ۹ ویں زوجہ ہونا ہمارے لئے
شاہ عبدالعزیز کو جھوٹا کرنے کے لئے کافی ہے۔

امت کیلئے بھی بعض سنی ملاں چار سے زیادہ بیویاں رکھنے کی اجازت دیتے ہیں اور صاحب تحفہ کی تکذیب کرتے ہیں

اہلسنت کی معتبر کتاب تبیان الحقائق شرح کنز الدقائق منقول
از تشئید المطاعن صفحہ ۱۰۹۹ در جواب باب تحفہ اثنا عشریہ

وقال القاسم بن ابراہیم یجوز التزویج بالتسع لان اللہ تعالی
اباح نکاح ثنتین بقولہ مثنی ثم عطف علیہ
بثلث و رباع بالواو وھی للجمع فیکون المجموع
تسعا ومثلہ عن النخعی وابن ابی لیلی۔

ترجمہ: امام اہلسنت قاسم بن ابراہیم فرماتے ہیں کہ
۹ عدد عورتوں سے بھی شادی کرنا جائز ہے۔ کیونکہ
اللہ تعالیٰ نے دو عورتوں سے شادی کرنے کو اپنے فرمان
مثنی سے مباح کیا ہے پھر مثنی ۲ پہ ثلث ۳ اور رباع ۴ کا
واو سے عطف کیا ہے اور لفظ واو جمع کے لئے آتی ہے
۲-۳-۴ کی جمع ۹ بنتی ہے پس معلوم ہوا کہ ۹ عدد ازواج
کو ایک وقت میں گھر میں رکھنا امت کے لئے جائز ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف اس حوالہ کو غور سے پڑھنے کے بعد آپ
اس طرف توجہ بھی فرما دیں کہ اگر متعہ میں چار سے زیادہ ازواج
رکھنا گناہ ہے اور بے حیائی ہے تو آغاز اسلام میں یہ بے حیائی
اصحاب کے لئے خدا اور رسول ؐ نے حلال کیوں فرمائی تھی۔

اہلسنت کی طرف سے متعہ کے حرام ہونے کی چوتھی دلیل کہ ممتوعہ عورت کیلئے لوازم زوجیت ثابت نہیں ہیں

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثناء عشریہ باب ۹ مسائل متعہ ص۲۵۶ اور باب ۱۰ مطاعن عمر طعن ۱۰ ص۳۱۳ میں شاہ عبدالعزیز بچارے نے یہ رونا بھی رویا ہے کہ اذا ثبت الشئی ثبت بلوازمہ کہ جب شئی ثابت ہوتی ہے تو اس کے لوازم بھی ثابت ہوتے ہیں پس جس عورت سے متعہ کیا جاتا ہے اگر بحکم شریعت وہ زوجہ ہے تو زوجہ کے لوازمات کا اس کے لئے ثبوت ضروری ہے مگر وہ لوازمات ثابت نہیں ہیں۔ اس لئے ممتوعہ زوجہ نہیں ہے اور ان لوازمات میں میراث سرفہرست ہے۔ زوجہ کا وارث ہونا ضروری ہے اور ممتوعہ کو وراثت نہیں ملتی اس لئے وہ زوجہ نہیں ہے

نوٹ: ارباب انصاف۔ محدث دہلوی اور اس کی مکار برادری کا مقصد اس دلیل سے یہ ہے کہ ممتوعہ چونکہ وراثت سے محروم ہے اس لئے وہ زوجہ نہیں ہے بلکہ وہ زانیہ اور کنجری ہے اور اب ہم اولاد حلالہ کی اس دلیل کی اس طرح چیر پھاڑ کرتے ہیں کہ بچارے شیخین بھی قبروں سے اٹھ کر آجائیں تو وہ بھی ٹانکے نہیں لگا سکتے۔

جواب: صاحب تحفہ نے عرض لازم فرض کر کے خیانت علمی کا ارتکاب کیا ہے

مشہور سنی عالم محب اللہ بہاری اپنی مشہور کتاب مسلم الثبوت میں لکھتا ہے ان اللزوم حقیقۃ امتناع الانفکاک فی جمیع الاوقات فالعرض الذی یمکن انفکاکہ عن المعروض فی بعض الاوقات لا یقال علیہ اللازم

کہ عرض لازم وہ ہے جس کا اپنے معروض سے تمام اوقات میں جدا ہونا محال ہے اور جس عرض کا اپنے معروض سے بعض اوقات میں جدا ہونا ممکن ہو۔ اس کو عرض لازم نہیں کہا جاتا وہ عرض مفارق ہے۔

ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں۔ میراث۔ زوجہ کے لئے عرض لازم نہیں ہے بلکہ یہ عرض مفارق ہے اور اس عرض مفارق کو عرض لازم فرض کر کے اس پر عرض لازم کے احکام کو مرتب کرنا خیانت علمی ہے اور اس خیانت کا سہرا صاحب تحفہ کے سر ہے اور ان کے بعد تمام ملاں مکھی پر مکھی مارتے رہتے ہیں۔

میراث زوجہ کیلئے عرض مفارق ہے تو اس کا ثبوت کیا ہے

جواب: عائشہ نبی کریم کی زوجہ تھی اور میراث اس کو نہیں ملی

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص۱۳۹ ج ۵ باب غزوہ خیبر

فقال ابوبکر ان رسول اللہ قال لا نورث

کہ جناب ابو بکر نے نبی کریمؐ سے روایت فرمائی ہے کہ آنجناب نے فرمایا ہے کہ ہم نبیوں کا کوئی وارث نہیں ہے۔

ارباب انصاف۔ اہلسنت دوستوں کو ہم دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر دعوت فکر دیتے ہیں کہ بقول ان کے ابو بکر صدیق ہے اور وہ راوی ہیں کہ انبیا کا کوئی وارث نہیں ہوتا تو پھر وہ یہ بات تسلیم کریں کہ عائشہ (معاذ اللہ) زوجہ نبی پاکؐ نہیں ہے اور یہ کہنا کفر ہے اور اگر عائشہ زوجہ نبی پاکؐ ہے تو پھر ابو بکر کی روایت کی روشنی میں کہ انبیاء کا کوئی وارث نہیں ہوتا نتیجہ یہ نکلا کہ عائشہ کو زوجہ نبی پاکؐ ہوتے ہوئے میراث نبی پاکؐ نہیں ملی۔۔ اور اس بات سے یہ معلوم ہوا کہ ایسا ہو سکتا ہے کہ کوئی عورت زوجہ بھی ہو اور اس کو شوہر کی میراث نہ ملے جس طرح کہ بی بی عائشہ اور ممتوعہ عورت دونوں کو زوجہ ہونے کا شرف حاصل ہے اور میراث سے دونوں محروم ہیں اور صاحب تحفہ مناظرا عظم اہلسنت کو جھوٹا کرنے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ عائشہ زوجہ ہے اور میراث اس کو نہیں ملی پس معلوم ہوا کہ زوجہ کیلئے میراث عرض مفارق ہے نہ کہ عرض لازم ہے اور صاحب تحفہ نے میراث کو عرض لازم فرض کر کے اس پر عرض لازم کے احکام کو مرتب کیا ہے اور چونکہ متوعہ کو میراث نہیں ملتی اس لئے بقول اہلسنت کے وہ زانیہ ہے اور کنجری ہے۔ تو میراث جناب عائشہ کو بھی نہیں ملی لہٰذا ان کے بارے میں ذریت مروان نے اگر یہ فیصلہ سنایا تو کافر ہو کر مریں گے

جواب: میراث زوجہ کیلئے عرض مفارق ہے عرض لازم نہیں ہے

ارباب انصاف زوجہ کی تعریف چند سطریں پہلے گزر چکی ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ میراث زوجہ کے لئے عرض مفارق ہے کیونکہ اگر زوجہ کنیز ہو یا اپنے شوہر کی قاتلہ ہو یا اسلام سے مرتد ہو گئی ہو تو اس کو میراث نہیں ملتی۔ معلوم ہوا کہ میراث عرض مفارق ہے اور سنی ملاں صاحبان کو جھوٹا کرنے کے لئے اتنا کافی ہے

جواب: سنیوں کے عقیدہ میں نبی کی بیٹی کو میراث نہیں ملتی

اہلسنت دوستوں نے حکم قرآن کے خلاف ابو بکر سے ایک روایت نقل کی ہے کہ انبیاء کا کوئی وارث نہیں ہوتا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ نبیوں کے بیٹے اور بیٹیاں ان کے وارث نہیں ہوتے۔ سنی دوستوں کی مذکورہ قرارداد سے یہ ثابت ہوا کہ میراث عرض مفارق ہے زوجہ اور اولاد دونوں سے یہ جدا ہو سکتی ہے پس معلوم ہوا کہ جس عورت کو میراث نہ ملے وہ بجائے کنجری ہونے کے زوجہ ہو سکتی ہے جس طرح کہ تمام ازواج نبیؐ کو میراث نہیں ملی مگر وہ ازواج ہیں اور اگر سنی علماء میراث زوجہ کو عرض لازم قرار دینے کے بضد ہیں۔ تو ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ زوجہ کی دو قسمیں ہیں

(۱) زوجہ بنکاح دائمی (۲) زوجہ بنکاح متعہ

اور میراث کا حکم زوجہ بنکاح دائمی کے لئے ہے۔

جواب: نکاح متعہ میں شرط تو ارث سے میراث ثابت ہے

ارباب انصاف بعض مسائل میں بقول سنی علماء کے اجتہاد کی وجہ سے اختلاف ہوتا ہے جس طرح کہ اہلسنت کی چار فقہ میں بھانت بھانت کے فتوے ہیں۔

ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ

کتاب اہل تشیع شرح لمعہ صفحہ ۹۸ ج ۲ کتاب النکاح ذکر متعہ میں لکھا ہے کہ عن الصادق علیہ السلام ان اشترطا المیراث فہما علی شرطہما = اگر مرد عورت نکاح متعہ کے وقت یہ شرط کریں گے کہ ہم ایک دوسرے کے وارث ہوں گے تو اس کی رعایت ضروری ہے خلاصۃ الکلام کہ نکاح متعہ میں زوجین کا توارث مسئلہ اجتہادیہ ہے اور بعض فقہائے شیعہ کا یہ فتوی ہے وہ وارث بنتے ہیں اور بعض کے نزدیک توارث ان میں ثابت نہیں ہے اور آخر میں سنی دوستوں کو ہم اس طرف متوجہ کرتے ہیں کہ آغاز اسلام میں متعہ حلال تھا اور کسی پڑھے لکھے سنی عالم کو اس میں اختلاف نہیں ہے پس آغاز اسلام میں ممتوعہ عورت بغیر میراث کے کس طرح صحابہ کرام کے لئے حلال ہو گی۔ اگر ممتوعہ کنجری ہوتی ہے تو کیا صحابہ کرام کنجری کے پاس جاتے تھے یا زانیہ کے پاس تشریف لے جاتے تھے (معاذ اللہ)

سنی ملاں کی پٹاری کا ایک اعتراض یہ ہے کہ ممتوعہ عورت پر عدت نہیں ہے پس اس کو گھر میں رکھنا زنا سے کم نہیں ہے

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۵۶ باب ۹ صفحہ ۳۰۳ باب ۱۰ میں مناظر اہلسنت نے تمام دنیا کے جھوٹوں پر ٹانگ پھیر دی ہے۔ اور بانچھیں ٹھہریں کر کے یہ دعوی کیا ہے کہ ممتوعہ عورت پہ عدت نہیں ہے اور اگر وہ زوجہ ہوتی تو اس پہ عدت ہوتی۔

جواب: مخالف کا ممتوعہ سے عدت کی نفی کرنا سفید جھوٹ ہے

کتاب اہل تشیع شرح لمعہ صفحہ ۹۰ ج ۲ کتاب النکاح فصل ۴ میں لکھا ہے کہ جب مدت متعہ گزر جائے تو شوہر اس کو مدت بخش دے تو ممتوعہ عورت دو حیض یا ۴۵ دن عدت رکھے اور اگر اس کا شوہر وفات پا جائے تو ممتوعہ پہ عدت وفات بھی ہے اور اگر وہ حاملہ ہے تو ابعد الاجلین اس کی عدت مزید تفصیلات کے لئے کتاب شرح لمعہ کی طرف رجوع کیا جائے۔

اعتراض: صاحب تحفہ نے ایک رونا یہ بھی رویا ہے کہ ممتوعہ کو طلاق اور ظہار، ایلاء، اور لعان بھی نہیں ہوتا۔

جواب: یہ مسائل اجتہادیہ ہیں ان میں اختلاف کا کوئی حرج نہیں ہے،

ارباب انصاف۔ دیانتداری سے ہم نے اہلسنت دوستوں کی

کتابوں کو پڑھا ہے اور معلوم ہوا ہے کہ ان کا اسلام بھانت بھانت کے اقوال کی کھچڑی ہے ایک ہی مسئلہ میں امام اعظم نعمان اپنی الگ ڈگڈگی بجاتا ہے اور میاں شافعی اسی مسئلہ میں اپنی پٹاری سے دوسرا حکم نکالتا ہے اور حضرت مالک اسی مسئلہ میں اپنی الگ شرلی چھوڑتا ہے اور احمد صاحب اپنا طنبورہ الگ بجاتے ہیں۔ اور اہل حدیث سنی کے نزدیک یہ چاروں امام اہل بدعت ہیں اور کھوٹے سکے ہیں اور اگر سنی بھائی اپنے علماء کی اس طرح صفائی دیں کہ مسائل اجتہادیہ میں اختلاف ہوتا ہے۔ اس لئے اہل حدیث اور چار امام مسائل میں اختلاف رکھتے ہیں تو ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں مسائل اجتہادیہ میں ہمارے علماء کا بھی اختلاف ہوتا ہے اور جس عورت سے متعہ کیا جائے شیعہ فقہاء کے نزدیک اس کو ظہار واقع ہوتا ہے۔ اور بعض فقہاء کے نزدیک متوعہ عورت کے لئے لعان اور ایلاء بھی ثابت ہے۔ اور ممتوعہ کے لئے طلاق اس لئے نہیں ہے کہ شوہر کا اس کو مدت بخش دینا یا مدت مقررہ کا گذر جانا ان دو امروں کو شریعت نے قائم مقام طلاق کے قرار دیا ہے تفصیلات کے لئے شیعوں کی کتاب شرح لمعہ یا دیگر کتب فقہیہ کی طرف رجوع کیا جائے اور ابتدائے اسلام میں اصحاب کا متعہ کرنا اور صحابیات کا متعہ کرنا سنی علماء کو جھٹلانے میں کافی ہے۔

مسئلہ متعہ میں سنی مناظر کا بہت بڑا جھوٹ ملاحظہ ہو

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص۲۵۹ باب ۹ مسائل متعہ میں لکھا ہے کہ شیعہ فقہائے خود تسلیم کرتے ہیں کہ مرد اور عورت میں متعہ کے باعث زوجیت ثابت نہیں ہے کیونکہ کتاب اعتقادات ابن بابویہ میں لکھا ہے کہ مرد کے لئے عورت کی حلیت چار اسباب ہیں نکاح۔ اور ملک یمین، متعہ اور تحلیل

جواب: اگر متعہ حرام ہے تو ابوبکر کی بیٹی نے متعہ کیوں کیا تھا

سنی مناظر نے ممتوعہ سے زوجہ ہونے کی نفی کی فقہاء شیعہ کی طرف نسبت دے کر سفید جھوٹ بولا ہے۔ آج تک کسی شیعہ فقیہ نے ممتوعہ سے زوجہ ہونے کی نفی نہیں فرمائی ہے اور ابن بابویہ کی عبارت میں نکاح کے بعد متعہ کو ذکر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ ذکر الخاص بعد العام ہے کما فی قولہ تعالیٰ حافظوا علی الصلوٰۃ والصلوٰۃ الوسطیٰ میں ذکر عام کے بعد ذکر خاص ہے۔ نکاح میں متعہ داخل ہے اور دونوں سبب حلیت زن ہیں اور چونکہ بعض سنی ملاں متعہ کو حرام جانتے ہیں ان کی تکذیب کے لئے ابن بابویہ نے نکاح کے بعد متعہ کو ذکر الخاص بعد العام کے عنوان سے بیان فرمایا ہے اور یہ تاکید کی خاطر ہے۔

جواب ۲ لفظ نکاح معنی جنس اور اس کی ایک نوع میں مشترک ہے۔

قانون ابو علی سینا کے شارح قرشی نے باب حمیات قانون میں لکھا ہے کہ لفظ دق معنی جنس اور اس کی ایک نوع میں مشترک ہے اور لفظ جو ہر معنی جنس اور اس کی ایک نوع میں مشترک ہے اسی طرح لفظ نکاح معنی جنس اور اس کی ایک نوع نکاح دائم میں مشترک ہے اور عبارت ابن بابویہ میں نکاح سے مراد دائمی ہے کیونکہ اس کے مقابلہ میں متعہ کا ذکر ہے اور خاص کی نفی سے عام کی نفی لازم نہیں آتی اگر متعوعہ نکاح دائم کی زوجہ نہیں ہے تو اس کی زوجیت کی مطلق نفی لازم نہیں آتی۔

نوٹ

اسباب الانصاف:۔ تفصیلات کے لئے تشیید المطاعن مؤلفہ السید محمد قلیؒ اور نزھۃ اثناء عشریہ ص۳۹ ج۹ مؤلفہ علامہ مرزا محمد کامل شہید ثالث کو پڑھیں۔ ان دونوں شیعہ علماء نے مذکورہ دونوں کتابیں تحفہ اثناء عشریہ کے جواب میں لکھ کر ناصبیت اور سنیت کے تابوت میں آخری میخ ٹھوک دی ہے اور امت تثلیث ایڑی چوٹی کا زور لگالے تو بھی ان کتابوں کا جواب نہیں لکھ سکتے۔ اور اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ اگر متعہ زنا ہے تو اسلام نے اس کو صحابہ کے لئے حلال کیوں فرمایا تھا۔

اہلسنت کی طرف سے حرمت متعہ کی پانچویں دلیل کہ ممتوعہ عورت میں بالبداہت احصان نہیں ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص۳۰۳ باب ۱۰ مطاعن عمر طعن ۱۱ میں بچارے مناظر اہلسنت نے یہ رونا رویا ہے کہ قرآن کریم میں جہاں بھی عورتوں سے تحلیل استمتاع کا ذکر آیا ہے وہ مقید ہے احصان کے ساتھ اور بالبداہت زن متعہ میں احصان نہیں ہے اور شیعہ خود متعہ کو سبب احصان شمار نہیں کرتے اور حد رجم اس پر جاری نہیں کرتے۔ سنی مناظر کا مطلب یہ ہے کہ چونکہ متعہ میں احصان نہیں ہے لہٰذا متعہ حلال نہیں ہے اور اب اس دلیل کی ہم اس طرح چیر پھاڑ کرتے ہیں کہ تثلیث کے میڈیکل کالج کے تمام سرجن اس کی مرمت سے عاجز نظر آئیں۔

جواب ۱ صاحب تحفہ کا اپنا اقرار کہ متعہ بغیر احصان کے بھی حلال ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثناء عشریہ ص۳۰۳ باب ۲ کید ۹ میں لکھا ہے کہ اہلسنت اباحت متعہ را در ابتداء اسلام انکار نمی کنند لکن بقاء اباحت را انکار می کنند

اہلسنت ابتدائے اسلام میں متعہ کے حلال ہونے کا انکار نہیں کرتے لیکن وہ بقاء اباحت کا انکار کرتے ہیں۔

نوٹ:۔ صاحب تحفہ کی تکذیب کے لئے مذکورہ عبارت ہی کافی ہے

اگر متعہ بغیر احصان کے حلال نہیں بلکہ زنا ہے تو پھر یہ زنا ابتدائے اسلام میں بنت ابی بکر اور صحابہ کرام کیلئے کس طرح حلال ہوا

ارباب انصاف۔ آپ نے دیکھا کہ اس نام کے محدث کو خدا نے ذلیل کس طرح کیا ہے اور اس کے اپنے قلم سے لکھوایا ہے کہ متعہ حلال ہے اور اب ہم اپنے سنی دوستوں کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ متعہ حرام ہے تو پھر بقول صاحب تحفہ کے ابتداء اسلام میں سنی لوگ کس طرح متعہ کو حلال جانتے تھے۔ اور اگر ہمارے سنی دوست بضد ہیں اس عقیدہ پر کہ ممتوعہ میں احصان نہیں ہے اور متعہ زنا ہے تو پھر ان کو اسی طرح ہم دعوت فکر دیتے ہیں کہ متعہ کو ابو بکر کی بیٹی اسماء نے بھی کیا ہے اور امام اہلسنت ابن جریج نے ۷۰ عورتوں سے متعہ کیا ہے بلکہ

امیر معاویہ نے بھی متعہ کیا ہے۔ بلکہ تابعین اور صحابہ کرام میں سے کئی محترم لوگوں نے متعہ فرمایا ہے اور بقول سنی دوستوں کے متعہ میں احصان نہیں لہذا متعہ حلال نہیں ہے بلکہ زنا ہے تو کوئی سنی اس بات کی صفائی پیش کرے کہ یہ متعہ والا زنا صحابہ کرام کے لئے ابتداء اسلام میں کس طرح نبی کریم نے حلال فرمایا تھا۔ گویا متعہ اگر صحابہ کریں تو حلال۔ اگر دوسرا کرے تو زنا۔

جواب ۲ متعہ نکاح ہے اور ممتوحہ میں احصان ہے اور یہ سنی علماء کا فیصلہ ہے اور صاحب تحفہ کے دہن میں خاک ہے

ثبوت ملاحظہ کتاب اہلسنت تفسیر قرطبی ص ۱۳۲ جز ۵ النساء

لم يختلف العلماء من السلف والخلف ان المتعة نكاح الى اجل لا ميراث فيه والفرقة تقع عند انقضاء الاجل

ترجمہ۔ اگلے پچھلے علماء اس مسئلہ میں کوئی اختلاف نہیں رکھتے کہ متعہ بھی مدت معین تک نکاح ہے اور اس نکاح میں میراث نہیں ہے اور عورت اور مرد میں مدت گذر جانے کے بعد بغیر طلاق کے جدائی واقع ہو جاتی ہے۔

نوٹ :۔ امام اہلسنت علامہ قرطبی بھی سنیوں کا بلند پایہ امام ہے اور اس نے یہ رپورٹ دی ہے کہ تمام سنی متعہ کو نکاح مانتے ہیں۔ اور ہم شیعہ خیر البریہ سنی دوستوں کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ جب تمہارے علماء نے متعہ کو بھی نکاح مان لیا ہے تو پھر متعہ میں احصان ماننے سے انکو کیا رکاوٹ ہے۔ ایک صفحہ پہلے میں نے ثبوت دیا ہے کہ اہلسنت ابتدائے اسلام میں متعہ کو حلال مانتے ہیں اور اب حوالہ دیا ہے کہ سنی علماء متعہ کو نکاح بھی مانتے ہیں اور جب نکاح بھی مان لیا اور حلال بھی مان لیا تو پھر احصان کا بہانہ اور متعہ کو حرام کہنا اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ اپنے آپ کو جھٹلاتے ہیں اور ان کو شرم نہیں آتی۔

اگر سنی علما بحث برائے بحث کا شوق رکھتے ہیں تو ان کا یہ شوق بھی ہم پورا کرتے ہیں احصان کئی معنوں میں مشترک ہے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن صہ ۱۳ ج ۵ النساء
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نووی شرح صحیح مسلم
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تاج المصادر
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صراح

غرائب القرآن کی عبارت — و قد ورد الاحصان فی القرآن بمعان احدها الحریہ و ثانیہا العفۃ و ثالثہا الاسلام و رابعہا کونہا ذات زوج

ترجمہ:۔ قرآن پاک میں احصان کئی معنوں میں آیا ہے۔
۱۔ آزادی ۲۔ پاکدامنی ۳۔ اسلام ۴۔ عورت کا شادی شدہ ہونا محصنین غیر مسافحین کا ایسا معنی کیا جائے کہ جیسے صحابہ کرام کا زنا کار ہونا لازم نہ آئے۔ اور وہ معنی ہے کہ تم پاکدامنی کے ارادہ سے عورتوں کو طلب کرو۔ اور نکاح متعہ میں یہ معنی حاصل ہے اور اگر احصان کا ایسا معنی کیا جائے جو نکاح متعہ میں جائز نہیں ہے اور اسی وجہ سے متعہ کو زنا قرار دیا جائے تو ابتداء اسلام میں جب صحابہ کرام متعہ کرتے تھے تو کیا وہ معاذ اللہ زنا کرتے تھے وہ تو کب بات ہے اگر متعہ زنا کاری ہے رنڈی بازی ہے بے شرمی و بے حیائی اور بے غیرتی ہے تو اس کا شرف سب سے پہلے صحابہ کرام کو حاصل ہوا ہے۔

سنی علما کا فیصلہ کہ آیت متعہ میں احصان کا معنی ہے پاکدامنی ۔ اور یہ شیعوں کی فتح ہے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر مدارک صہ ۳۰۶ ج ۱ از نسفی
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر بیضاوی صہ ۹۶ ج ۲ النساء
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی صہ ۱۲۷ ج ۵ آیت متعہ
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب احکام القرآن جصاص صہ ۱۳۲ ج ۲
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر حقانی صہ ۲ ج ۲
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر وسیط صہ از واحدی
۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر الکواشی صہ از احمد کواشی

بیضاوی کی عبارت — والاحصان العفۃ فانہا تحصین للنفس عن اللوم والعقاب

قرطبی کی عبارت — محصنین نصب علی الحال و معناہ متعففین عن الزنا غیر زانین

آیت متعہ میں محصنین حالیت پر منصوب ہے اور معنی یہ ہے کہ تم عورتوں کو طلب کرو اس حال میں کہ زنا سے تم پاکدامنی کا ارادہ کرو۔

تفسیر حقانی کی عبارت — محصنین تم مال کے (مہر) کے معاوضہ پاکدامنی کیلئے نہ کہ شہوت رانی کیلئے ان کو نکاح میں رکھو۔

احکام القرآن کی عبارت — تکونون بہ محصنین عفائف غیر مسافحین زناۃ ۔ اور متعہ سے رجم کی نفی یہ حکم خاص ہے یعنی رجم نکاح دائم میں ہے نکاح متعہ میں نہیں ہے۔

اہلسنت کی طرف سے حرمت متعہ کی چھٹی دلیل کہ نکاح اور ملک یمین کی اجازت کے ساتھ قرآن میں متعہ کی اجازت نہیں ملی

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص ۲۵۵ باب ۹

مسائل متعہ میں ہمارے سنی مناظر نے یہ رونا بھی رویا ہے کہ قرآن پاک میں خدا فرماتا ہے کہ جو لوگ آزاد عورتوں سے نکاح نہیں کر سکتے تو وہ کنیز رکھیں اور یہ بھی فرمایا ہے کہ اگر ایک سے زیادہ آزاد عورتوں میں تم عدل نہیں کر سکتے تو ایک آزاد کو نکاح میں رکھو یا کنیز رکھ لو۔ خلاصہ نکاح اور ملک یمین کی اجازت کا ذکر نہیں فرمایا۔ معلوم ہوا کہ متعہ کرنا حرام اور فعل زنا ہے۔

جواب: صاحب تحفہ پاگل ہے اپنے آپ کو جھٹلاتا ہے

دلیل پنجم کے بیان میں ذکر ہو چکا ہے کہ تحفہ اثنا عشریہ ص ۲۳۶ باب ۲ کید ۹ میں لکھا ہے کہ اہل سنت ابتداء اسلام میں متعہ کے حلال ہونے کا انکار نہیں کرتے۔ سنی دوستوں کو دعوت فکر ہے کہ تم نے ابتداء اسلام میں متعہ کو حلال کس طرح مان لیا۔ اور تمہارے صحابہ کرام بھی عجیب لوگ تھے۔ جب نکاح اور ملک یمین کے ساتھ متعہ کی اجازت ہی نہیں ہے تو گویا اصحاب متعہ نہیں کرتے تھے بلکہ وہ زنا کرتے تھے۔

اگر متعہ بالکل ہی حرام ہے تو سنیوں کے امام بخاری اور امام مسلم نے متعہ کے حلال ہونے کی حدیثیں کیوں لکھی ہیں

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ج۳ کتاب النکاح باب ما یکرہ من التبتل والخصاء ج۳ ص۱۲ باب نہی عن نکاح المتعہ اخراً

۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص۴۵۱ ج۱ باب نکاح المتعہ

بخاری کی عبارت ۱: ابن مسعود عبداللہ کہتا ہے کہ نبی پاکؐ نے ہم کو نکاح متعہ کی اجازت دی۔ اور عبداللہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حلال کردہ چیزوں کو حرام مت کہو

بخاری کی دوسری عبارت ۲: جابر بن عبداللہ اور سلمہ بن اکوع فرماتے ہیں کہ رسول پاکؐ کا قاصد ہمارے پاس آیا اور کہا کہ قد اذن لکم ان تستمتعوا فاستمتعوا کہ تم کو متعہ کی اجازت ہے۔

مسلم کی عبارت ۱: جابر بن عبداللہ صحابی بیان کرتا ہے کہ ہم لوگ نبی کریمؐ اور ابو بکر کے زمانہ میں کنا نستمتع متعہ کرتے تھے حتیٰ کہ عمر نے منع کیا۔ اور جابر اور سلمہ بن اکوع سے وہی بخاری والی روایت مسلم میں ان الفاظ کے ساتھ ہے کہ قد اذن لکم ان تستمتعوا یعنی متعہ النساء کہ تم کو عورتوں سے متعہ کی اجازت ہے۔

نوٹ: بقول سنیوں کے پوپ پال صاحب تحفہ کے متعہ کی نکاح اور ملک یمین کے ساتھ قرآن میں اجازت نہیں آئی۔ اس لئے متعہ حرام ہے ہم شیعہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اگر متعہ حرام ہے تو نبی پاکؐ نے اس کی صحابہ کو اجازت کیوں دی۔ کیا حضور نے صحابہ کو حرام فعل کی اجازت دی تھی۔

۲۱ عدد مفسرین کی گواہی ہے کہ متعہ ابتدائے اسلام میں حلال تھا صاحب تحفہ کا جھوٹا ہونا روز روشن کی طرح ثابت ہو جاتا ہے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص۱۹۵ ج۳
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ص۳ ج۵
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص۱۳۲ ج۵
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر ص۴۷۴ ج۱
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر مراغی ص۳ ج۵
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر وحیدی ص۱۰۲
۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر ترجمان القرآن ص۶۲۴ ج۱ پ۵
۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر بیضاوی ص۷۹ ج۲
۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر ص۴۱۴ ج۱
۱۰۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر ضیاء القرآن ص۳۳۴ ج۱
۱۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر حقانی ص۸ ج۲
۱۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر قاسمی

تفسیر کبیر کی عبارت انا لا ننکر ان المتعۃ کانت مباحۃ
ابتدائے اسلام میں متعہ کے مباح ہونے سے ہم انکار نہیں کرتے

ابن کثیر کی عبارت لا شک ان المتعۃ کانت مشروعا فی ابتداء الاسلام
اس میں شک نہیں ہے کہ متعہ کی ابتداء اسلام میں اجازت تھی

مراغی کی عبارت کان المتعۃ مرخصا فی ابتداء الاسلام
متعہ ابتداء اسلام میں جائز تھا۔

غرائب القرآن کی عبارت واتفقوا علی انہا کانت مباحۃ فی اول الاسلام
علماء کا اتفاق ہے کہ ابتداء اسلام میں متعہ مباح تھا

فتح القدیر کی عبارت المتعۃ التی کان فی صدر الاسلام
بڑے علماء فرماتے ہیں کہ متعہ صدر اسلام میں مباح تھا

تفسیر قاسمی کی عبارت المتعۃ کان مشروعا فی ابتداء الاسلام
ابتداء اسلام میں شریعت کی متعہ کے بارے اجازت تھی

تفسیر قرطبی کی عبارت وقال الجمہور المتعۃ التی کان فی صدر الاسلام
بقول بڑے علماء کے متعہ صدر اسلام میں مباح تھا۔

تفسیر وحیدی کی عبارت فما استمتعتم بہ منھن اکثر علماء نے لکھا ہے کہ متعہ شروع اسلام میں جائز تھا۔

ضیاء القرآن کی عبارت پیر کرم شاہ لکھتے ہیں کہ متعہ کو حجۃ الوداع کے موقع پر نبی پاک نے حرام کر دیا تھا۔

نوٹ:۔ گویا متعہ ۱۰ ہجری تک حلال رہا پھر حرام ہوا ہے بقول انکے

اگر تسلی نہیں ہوئی تو اور سنیں دعوت فکر ہے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری ص۱۴۳ ج۹
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نووی شرح صحیح مسلم ص۴۵۱ ج۱
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا ص۳۰۴ ج۹
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب المحلی ص۵۱۹ ج۹ از ابن حزم
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب معالم السنن مع مختصر سنن ابی داؤد ص۱۸ ج۳
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص۱۵۳ ج۶

۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح زرقانی علی موطا صفحہ ۱۵۴ ج ۳ ذکر متعہ

۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مرقات شرح مشکوات صفحہ ۲۳ ج ۲

۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد صفحہ ۲۰۵ ج ۲

فتح الباری کی عبارت } جاء عن الاوائل الرخصة فيها اى المتعة
پہلے والے علماء سے متعہ کے بارے اجازت منقول ہے

نووی شرح مسلم کی عبارت } ثبت ان نکاح المتعة کان جائزاً فی اول الاسلام
ابتداء اسلام میں نکاح متعہ کی اجازت ثابت ہے

المحلی کی عبارت } نکاح المتعة۔ کان حلالاً علی عهد رسول الله
نبی کریم کے زمانہ میں نکاح متعہ حلال تھا۔

معالم السنن کی عبارت } نکاح المتعة۔ کان مباحاً فی صدر الاسلام
ابتداء اسلام میں متعہ مباح تھا۔

سنی ملاں زہر کا پیالہ پی سکتا ہے مگر ان ۲۱ حوالہ جات کی صفائی نہیں دے سکتا۔

ارباب انصاف ۲۱ عدد علماء کا بیان پیش کیا ہے کہ متعہ حلال تھا اور صاحب تحفہ اور چند عدد اس کے چیلے فرماتے ہیں کہ متعہ بالکل حرام ہے ہم سنی دوستوں کو ہی منصف قرار دیتے ہیں کہ یا تو وہ ۲۱ عدد سنی علماء جھوٹوں کا ٹولہ ہے اور یا صاحب تحفہ جھوٹوں کا کپتان ہے۔ اور صحابہ کا متعہ کرنا تواتر سے ثابت ہے اگر متعہ شریفوں کا کام نہیں بلکہ یہ فعل کمینے لوگوں کا کام ہے تو جن صحابہ نے متعہ کیا ہے وہ کس گروہ میں شامل ہے اور بنت ابی بکر کا متعہ کرنا تمام تنازع کو حل کر دیتا ہے۔

صاحب تحفہ کا ایک اور جھوٹ ملاحظہ ہو کہ حرمت متعہ پر قرآن کی دلالت ہے

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۳۰۳ میں لکھا ہے کہ

آیات قرآنی صریح دلالت بر حرمت متعہ میکنند کہ آیات قرآنی متعہ کے حرام ہونے پر صاف دلالت کرتی ہیں۔

نوٹ:۔ اب ہم اس دلیل کی اس طرح چیر پھاڑ کرتے ہیں کہ عثمانی میڈیکل کالج کے تمام سرجن اس کی سرجری سے عاجزی کا اقرار کریں

جواب: خود سنی علماء نے صاحب تحفہ کو اس دعویٰ میں جھٹلایا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری صفحہ ۳۱۰ ج ۸ غزوہ خیبر

فهل يحد من وطئ فی نکاح متعة لا اکثر اصحاب مالک قالوا لا یحد لانه لیس من تحریم القرآن

ترجمہ:۔ جو نکاح متعہ سے جماع کرتا ہے کیا اس پہ حد جاری کی جائے گی امام مالک کے اصحاب میں سے زیادہ کا فرمان ہے کہ اس پہ حد جاری نہ کی جائے گی کیونکہ متعہ قرآن کی رو سے حرام نہیں ہے۔

نوٹ:۔ ارباب انصاف صاحب تحفہ کو ان ۲۱ عدد علماء نے بھی جھٹلایا ہے جنہوں نے ابتداء اسلام میں متعہ کے حلال ہونے کی رپورٹ دی ہے اور خود صاحب تحفہ نے اپنے ان تمام علماء کو اور اپنے تمام تابعین اور اصحاب کو جھٹلایا ہے جو کہ متعہ کرتے تھے۔

کیا اصحاب متعہ کر کے قرآن کے خلاف بغاوت کرتے تھے؟! اصحاب متعہ کر کے گویا زنا کرتے تھے معاذ اللہ۔

جامعہ امیر معاویہ کے تمام محققین کو چیلنج کہ اگر وہ حرمت متعہ قرآن سے دکھادیں تو دس ہزار نقد انعام ہے

ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے اور خیانت علمی کرنے والے کو سوائے لعنت کے اور کچھ بھی نصیب نہ ہوگا۔ ہم دعویٰ سے کہتے ہیں کہ ان اولاد حلالہ کا علم منطق پڑھتے پڑھتے لعنت زدہ سر گنجا ہو جاتا ہے مگر یہ زبدۃ الطہار تمام عمر عقل سے عاری ہی رہتے ہیں بلکہ عقل کے یہ لوگ بدترین دشمن ہیں

جامعہ صدیقیہ و فاروقیہ و عثمانیہ کے نام نہاد محققین سے ایک سوال

گز بھر کی زبان نکال کر جو گنجے سر سے لے کر شہتڑے پاؤں تک زور لگا کر کہتے ہیں کہ متعہ حرام۔ متعہ زنا۔ ہمارا ان سے یہ ایک سوال ہے کہ قرآن پاک سے وہ ایک ایسی آیت ہم کو دکھائیں جو متعہ کے حرام ہونے پر صراحت کے ساتھ دلالت کرتی ہو یعنی اس کی حرمت متعہ پہ دلالت مطابقی ہو۔ اور ہمارا دعویٰ ہے کہ اگر اصحاب ثلاثہ قبروں سے اٹھ کر آجائیں تو وہ بھی ایسی آیت نہیں دکھا سکتے۔ لہٰذا قوم معاویہ حرمت متعہ از روئے قرآن کا ڈرامہ چھوڑ دیں اگر متعہ قرآن کی نص سے حرام ہے تو کیا اصحاب بعد از نبیؐ متعہ کے رنگ میں زنا کرتے تھے۔ اگر متعہ رنڈی بازی ہے تو معاذ اللہ کیا اصحاب رنڈی بازی کرتے تھے

مسئلہ متعہ میں شیعوں کے خلاف سپاہ صحابہ کی توپ کا ساتواں گولہ کہ متعہ روز خیبر نبی پاکؐ نے حرام فرمایا تھا۔

کتاب اہلسنت حرمت متعہ بجواب جواز متعہ ص۳۰
از قلم شیخ الحدیث محمد علی جانباز مہتمم جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ میں لکھا ہے کہ کتاب شیعہ تہذیب الاحکام ص۱۸۹ ج ۲ میں لکھا ہے عن علی علیہ السلام قال حرم رسول اللہ یوم خیبر نکاح المتعہ کہ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ خیبر کے دن رسول اللہ نے متعہ کو حرام فرمایا ہے۔

نوٹ:۔ اس دلیل کو سنی ملاں خوب رنگ روغن لگا کر پیش کرتے ہیں اور اب ہم بھی اس کی وہ چیر پھاڑ کرتے ہیں کہ عمر فاروق میڈیکل کالج کا کوئی بھی سرجن اس کو ٹانکے لگا کر مرمت نہ کر سکے گا۔

جواب:۔ جس حدیث کی صحت کی کوئی محدث گواہی نہ دے وہ قبول نہیں ہے

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ ص۲۶۷ باب ۹ مطاعن ابو بکر طعن ۳ میں لکھا ہے کہ اہل سنت کے نزدیک حدیث وہ معتبر ہے جو محدثین کی مستند کتابوں میں ہو مع الحاکم بالصحۃ اور اس پر محدث کی طرف سے صحیح ہونے کا حکم بھی لگایا گیا ہو۔

نوٹ:۔ ہم شیعہ مذکورہ حدیث کے جواب میں صاحب تحفہ کی اس تحقیق کو پیش کرتے ہیں کہ مذکورہ حدیث کسی شیعہ محدث کی طرف سے محکوم بالصحت نہیں ہے

جواب ۲ اس حدیث کو مصنف نے تردید کرنے کی خاطر تحریر کیا ہے

اہل تشیع کی کتاب تہذیب الاحکام صفحہ ۱۸۶ جز ۷ مسائل متعہ میں مذکورہ حدیث کو رد کرنے کی خاطر مصنف نے اس کو لکھا ہے اور یوں اس کی تردید فرمائی ہے فان هذه الرواية وردت مورد التقية وعلى ما يذهب اليه مخالفوا الشيعة والعلم حاصل لكل من سمع الاخبار ان من دين ائمتنا عليهم السلام اباحة المتعة فلا يحتاج الى الاطناب

ترجمہ: مذکورہ روایت تقیہ کی وجہ سے آئی ہے اور مخالفین شیعہ کے عقیدہ پر آئی ہے اور اخبار کا علم رکھنے والوں کو معلوم ہے کہ ہمارے اماموں کے دین میں متعہ مباح ہے۔

سنی ملاں کی عاجزی اور بے بسی ملاحظہ ہو

ارباب انصاف سنی ملاں ہمارے مقابلہ میں کچھ اس طرح اپنا ذہنی توازن خراب کر بیٹھا ہے کہ جس حدیث کو شیعہ عالم غلط ثابت کرنے کے لئے اور اس کا جواب دینے کے لئے لکھ رہا ہے اس روایت کو اور اس کھوٹے سکے کو بچارا سنی عالم ہمارے خلاف پیش کر کے اپنی کم علمی کا بھانڈا پھوڑ رہا ہے اور ہم اس قماش کے ملاں کو ان الفاظ میں داد دیتے ہیں کہ اذا كان الغراب دليل قوم کہ جب کسی قوم کا راہنما کوا ہو گا تو وہ قوم تباہ ہو گی۔ مذکورہ روایت آیت متعہ قرآن پاک کے خلاف ہے لہٰذا مردود ہے۔

جواب ۳ اس روایت کے بعض راوی ضعیف ہیں لہٰذا یہ معتبر نہیں ہے

اس روایت کا ایک راوی محمد بن احمد بن یحیی ہے کہ جس کے بارے علامہ نے خلاصہ میں لکھا کہ یہ صاحب ضعفاء سے روایت کرتا تھا اور اس کا ایک راوی حسین بن علوان ہے جس کے بارے رجال کبیر میں اور رجال نجاشی میں لکھا ہے کہ عامی کوفی کہ یہ سنی ہے لہٰذا ہم پر یہ روایت حجت نہیں ہے نیز یہ روایت قرآن کی آیت متعہ کے خلاف ہے اور حضرت علیؑ کے عمل کے خلاف ہے نیز ہمارے تمام فرامین آئمہ کے خلاف ہے اسی لئے اس کو مورد تقیہ پر حمل کیا جاتا ہے۔

تقیہ سنی مذہب کی جان ہے اور تاقیامت جائز ہے

کتاب اہلسنت صحیح بخاری صفحہ ۱۹ جز ۹ کتاب الاکراہ میں لکھا ہے قال الحسن التقية الى يوم القيامة حسن بصری کہتا ہے کہ تقیہ قیامت تک جائز ہے اور قرآن پاک میں اس آیت کی تفسیر میں الا ان تتقوا منهم تقاة۔ قاری یعقوب نے تقاۃ کو تقیہ بھی پڑھا ہے۔ امام رازی نے اسی آیت کی تفسیر میں لکھا ہے التقية جائزة لصون النفس کہ جان بچانے کے لئے تقیہ جائز ہے اور اسی آیت کی تفسیر میں ولبثت فينا من عمرك قاضی بیضاوی لکھتا ہے کہ موسیٰ کان یداریهم بالتقية جناب موسیٰ نے بھی تقیہ سے گزارا کیا ہے اور اسی رسالہ میں حوالہ موجود ہے کہ سنی کتب گواہ ہیں کہ مقام تقیہ میں انبیاء کے لئے کفر بھی جائز ہے لہٰذا سنی ملاں کو لفظ تقیہ سن کر دل کا دورہ کیوں پڑتا ہے۔

جواب ۴۔ اہلسنت اور شیعہ کا اتفاق کہ امام علیؑ کے نزدیک متعہ حلال ہے

اہل تشیع کی کتاب تہذیب الاحکام صفحہ ۱۸۶ ج ۲ مسائل متعہ
اہلسنت کی کتاب تفسیر درمنثور صفحہ ۱۴۰ ج ۲ آیت متعہ

درمنثور کی عبارت: قال علی علیہ السلام لولا ان عمر نہی عن المتعۃ ما زنی الا شقی

ترجمہ: مولا علیؑ فرماتے ہیں کہ اگر عمر صاحب نے متعہ والے نکاح سے منع نہ کیا ہوتا تو بغیر کسی شقی اور بدبخت کے کوئی بھی زنا نہ کرتا۔

نوٹ: حضرت علیؑ نے تو متعہ کے منع کرنے کی بابت جناب عمر کی مذمت فرمائی ہے اور قیامت تک ہونے والے زنا کی ذمہ داری جناب فاروق کے کھاتے میں ڈالی ہے لہٰذا جناب امیر کی طرف حرمت متعہ کی روایت کو منسوب کرنا صاف جھوٹ ہے۔

جواب ۵۔ حضرت علی کا جناب عمر کی بہن سے خود متعہ کرنا!

کتاب اہل تشیع شرح لمعہ صفحہ ۸۷ ج ۲ کتاب النکاح فصل ۴

جناب قدیم کے حاشیے میں لکھا ہے کہ ایک رات حضرت عمر نے حضرت علیؑ کو اپنے گھر سلا لیا اور صبح حضرت علیؑ سے کہا کہ آپ تو فرماتے تھے کہ آدمی کو شہر میں بغیر عورت کے رات اکیلے نہیں گزارنی چاہیے پس آج رات تو آپ اکیلے سوئے ہیں جناب امیر نے فرمایا کہ تو اپنی بہن سے پوچھ آج رات میں نے اس سے متعہ کیا ہے جناب عمر نے اس بات کو دل میں رکھ لیا اور جب موقع ملا تو

متعہ کو حرام کر دیا

نوٹ:۔ ارباب انصاف۔ متعہ تو حضرت علیؑ نے جناب عمر کی بہن سے خود فرمایا ہے لہٰذا تحریم متعہ کی روایات کا جناب امیر کی طرف نسبت دینا سفید جھوٹ ہے۔

حضرت عمر کی بہن عفرا کا متعہ کرنا اور بچہ جننا عمر کا منع کرنا

کتاب شرح لمعہ صفحہ ۸۶ ج ۲ فصل ۴

میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ جناب عمر اپنی بہن عفراء کے گھر آئے اور ایک دودھ پینے والا بچہ دیکھا۔ غضبناک ہو کر سوال کیا کہ بغیر شوہر کے تو نے یہ بچہ کیسے جنا ہے اس نے کہا متعہ سے۔ عمر نے تبھی متعہ حرام کر دیا۔

نوٹ ارباب انصاف: حضرت ابوبکر کی بیٹی اسماء نے متعہ کیا ہے اور جناب عمر کی بہن عفراء نے متعہ کیا ہے۔ اور بندہ پر دریا صادق میں انکشاف ہوا ہے کہ حضرت عثمان کی بیٹی عائشہ نے بھی متعہ فرمایا ہے۔

الحاصل: تحریم متعہ کی نسبت حضرت علیؑ کی طرف کتب شیعہ کے وسیلہ سے دینا اتنا کمزور ہے کہ صاحب تحفہ کو بھی یہ جرأت نہیں ہوتی ہے کیونکہ ان کو معلوم تھا کہ یہ گھٹیا پن ہے اور علم مناظرہ کا جنازہ نکالنا ہے بیچارے صاحب تحفہ نے تحریم متعہ کی نسبت حضرت علیؑ کی طرف اپنی کتابوں کی روایات سے دی ہے۔

جناب صاحب تحفہ نے اپنی کتابوں سے مذکورہ تحریم متعہ والی روایت کو شیعوں کے خلاف پیش کرکے سنی مناظرین کی ناک کاٹی ہے بغیر چھری کے

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۳۰۲ مطاعن عمر طعن نمبر ۱۱ میں لکھا ہے کہ نبی کریمؐ کا متعہ کو حرام کرنا اور علی مرتضیٰ کا اس کو روایت کرنا اتنا مشہور اور متواتر ہے کہ امام حسن اور محمد حنفیہ کی تمام اولاد نے اس کو روایت کیا ہے اور موطا مالک اور صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں وہ روایات متعدد طرق سے ثابت ہیں۔

نوٹ:۔ مولوی محمد علی جانباز نے اپنے رسالہ حرمت متعہ صفحہ ۱۹ میں اور مولوی فیض احمد اویسی نے اپنے رسالہ متعہ یا زنا صفحہ ۱۳ میں مکھی پر مکھی ماری ہے اور اب ہم ان تینوں کی تحقیق کا اس طرح بخیہ ادھیڑتے ہیں کہ نواصب کے جگر پھٹ جائیں گے اور عظمت سنیت کے پرخچے اڑ جائیں گے۔

جواب ۱: اپنے مذہب کی کتاب سے مخالف کو الزام نہیں دیا جاتا

از باب انصاف، صاحب تحفہ نے اپنی بخاری وغیرہ سے تحریم متعہ کی روایت جو حضرت علیؑ سے مروی ہے شیعوں کے خلاف پیش کرکے قواعد مناظرہ کے خلاف کھلی ہوئی بغاوت کی ہے اگر شیعوں نے سنی کتب کو حجت تسلیم کرنا ہے تو پھر جھگڑا کیا ہے صاحب تحفہ کی مذکورہ حرکت اس کی بیچارگی و بے بسی کا روشن ثبوت ہے۔

جواب ۲: مذکورہ حدیث کو متواتر کہنا صاحب تحفہ کا صاف جھوٹ ہے

صاحب کا یہ کہنا کہ مسلم اور بخاری میں حدیث حرمت متعہ جناب امیر سے متواتر ہے یہ دعویٰ سفید جھوٹ ہے۔ کیونکہ مذکورہ حدیث صرف زہری سے مروی ہے اور خبر واحد ہے اور ایسی خبر کو متواتر کہنا بالکل جھوٹ ہے۔

جواب ۳: مذکورہ حدیث کو تمام اولاد امام حسن کی طرف نسبت دینا بھی دعویٰ بلا دلیل و صاف جھوٹ ہے اگر کسی سنی میں جرأت ہے تو دلیل پیش کرے

مذکورہ حدیث کو تمام اولادِ محمد حنفیہ کی طرف نسبت دینا بھی جھوٹ ہے۔

کتاب عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب میں لکھا ہے کہ جناب محمد حنفیہ کے ۱۴ بیٹے تھے اور مذکورہ حدیث صرف دو سے مروی ہے اور دو کے فعل کو باقی بارہ کی طرف نسبت دینا بالکل جھوٹ ہے اور صاحب تحفہ کی مکاری و عیاری ہے۔

جواب ۴: زہری دشمن علی ہے اسکی روایت سے شیعوں کو الزام نہیں دیا جا سکتا

اس تحریم متعہ والی روایت کا راوی زہری ابن شہاب ہے۔ اور نہج البلاغہ صفحہ ۹۲ جلد ۴ میں ابن ابی الحدید نے لکھا ہے کان زہری من المنحرفین عن علی بن ابی طالب کہ زہری ابن شہاب ان لوگوں میں سے تھا جن کے دل جناب امیر کی دشمنی سے بھرے ہوئے

تھے اور خود صاحب تحفہ نے تحفہ ص۹۵ کید ۲۷ باب م۲ میں لکھا ہے
کہ نزد اہلسنت تقبض اہلبیت و امیرالمومنین از قواوح صحت روایات
میں زہری کی روایت کو شیعوں کے خلاف پیش کرنا مخالف کی نادانی ہے
جواب ۵: اس روایت کے دو راوی حسن اور عبداللہ پسران محمد حنفیہ
ہیں اور ان کے بارے کتاب اہلسنت تہذیب التہذیب ص
حرف العین میں ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے کہ دونوں ضعیف ہیں کیونکہ
ان میں ایک مرجی اور ایک شیعہ ہے

جواب ۶: بخاری اور مسلم کو اس حدیث بابت خود سنی علماء نے جھٹلایا ہے اور اقرار کیا ہے کہ متعہ کا روز خیبر منع ہونا غلط اور جھوٹ ہے!

اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری ص۳۱۱ ج۸
اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ص۲۰۴ ج۲ غزوہ فتح
اہلسنت کی معتبر کتاب روض الانف ص از سہیلی
اہلسنت کی معتبر کتاب ارشاد الساری ص خیبر
اہلسنت کی معتبر کتاب قرۃ العینین ص
اہلسنت کی معتبر کتاب سیف المسلول ص از ثناء اللہ
اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص۱۶۸ ج۹
اہلسنت کی معتبر کتاب
اہلسنت کی معتبر کتاب

عمدۃ القاری کی عبارت قال ابن عبد البر ذکر النھی عن المتعۃ یوم خیبر غلط۔

علامہ ابن عبد البر فرماتے ہیں کہ خیبر کے دن متعہ سے منع غلط ہے۔

زاد المعاد کی عبارت والصحیح ان المتعۃ انما حرمت عام الفتح
فتح مکہ کے وقت تحریم متعہ والا قول صحیح ہے

ارشاد الساری کی عبارت قال السہیلی النھی عن نکاح المتعۃ یوم خیبر شئ لا یعرفہ اھل السیر و کا رواۃ اھل الاثر

ترجمہ: قسطلانی نے لکھا ہے کہ علامہ سہیلی فرماتے ہیں کہ خیبر کے دن متعہ کا منع ہونا وہ شئ ہے جس کو راویان اخبار نے ذکر نہیں کیا۔

محمد علی جانباز کو دیانت اور انصاف کی دعوت فکر

علماء شیعہ اور سنی علماء کہ روز خیبر متعہ کے حرام ہونے کا انکار فرما رہے ہیں اور سنی علماء بغیر کسی مجبوری کے مسئلہ متعہ میں امام بخاری اور امام مسلم کو جھٹلا رہے ہیں اور جناب نے بغیر کسی تحقیق کے مکھی پر مکھی ماری ہے اور صاحب تحفہ ط۳۰۲ میں یہ صاف لکھا ہے کہ حرمت متعہ کی تاریخ غزوہ خیبر کو قرار دینے والا حضرت علیؑ کے استدلال میں غلط دعویٰ کرتا ہے اور یہ دعویٰ اس کی جہالت اور حماقت کا گواہ ہے اور بخاری نے نھی عن المتعۃ زمن خیبر کے الفاظ لکھے اور زمن خیبر نہی کے لئے ظرف زمان ہے گویا امام بخاری حرمت متعہ روز خیبر کا قائل ہے اور صاحب تحفہ کی تحقیق مطابق (امام بخاری) احمق اور جاہل ہے۔ کیا بات ہے! کیا بات ہے! کیا بات ہے واللہ۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا آٹھواں گولہ کہ امام پاک نے ابن عمیر کے سوال کے بعد منہ پھیر لیا!

کتاب اہلسنت جواز متعہ ص۲۳۴ کتاب شیعہ تہذیب الاحکام کے حوالہ سے لکھا ہے کہ عبداللہ بن عمیر امام باقرؑ کی خدمت میں آیا اور متعہ کے بارے سوال کیا امام پاک نے فرمایا ھی حلال الی یوم القیامۃ کہ نکاح متعہ قیامت تک حلال ہے۔

...... ابن عمیر نے کہا ایسرک ان نساءک وبناتک یفعلن قال فاعرض عنہ حین ذکر نسائہ سائل نے کہا کہ کیا آپ کو یہ بات پسند ہے کہ آپ کی عورتیں اور لڑکیاں یہ فعل کریں امام نے یہ بات سن کر اس کی طرف سے منہ پھیر لیا انتھی

اس روایت کو لکھنے کے بعد مولوی محمد علی نے تبصرہ فرمایا ہے کہ اگر متعہ حلال تھا تو اپنی عورتوں کا سوال آجانے پر امام نے منہ کیوں پھیر لیا۔

محمد علی جانباز کو اپنی اس دلیل پر بہت ہی ناز ہے اور اب ہم بھی اس دلیل پر عقل کی روشنی میں تبصرہ کر کے ارباب انصاف کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ وہ اس ماں کے جانباز کی کتاب سے اس کی دلیل کو پڑھیں اور اندازہ لگائیں کہ خاندان نبوت کے خلاف یہ کس طرح تنقید کرتا ہے اور بغل میں چھری کا اور نام عزیز ہے اس والی کہاوت اس مولانا پر فٹ آتی ہے اور نہ اس کے باطن میں کس طرح نفاق اور بغض آل نبیؐ بھرا ہوا ہے۔

جواب۱: اس روایت میں حرمت متعہ کا کوئی ثبوت نہیں ہے

ارباب انصاف: اس روایت میں ھی حلال الی یوم القیامۃ کے الفاظ موجود ہیں کہ قیامت تک متعہ حلال ہے لہذا اس کو حرمت کی دلیل سمجھنا غلط ہے رہا یہ سوال کہ امام نے ابن عمیر کے سوال کے بعد منہ کیوں پھیر لیا اس کی وضاحت پیش کر کے انصاف پسندوں کو ہم دعوت فکر دیتے ہیں۔

جواب۲: امام نے ابن عمیر کی گستاخی کے باعث منہ پھیر لیا تھا

ارباب انصاف، ایک مثال ملاحظہ ہو اگر کسی سنی شیخ الحدیث کی اٹھارہ سال کی باکرہ جوان لڑکی ہو اور ایک بوڑھا غریب بیڑیں صاف کرنے والا مسلمان اس علامہ اہلسنت کے پاس آکر مسئلہ پوچھے کہ کیا کسی غریب بوڑھے مسلمان کا اٹھارہ سال کی باکرہ نوجوان عورت سے نکاح ہو سکتا ہے اور وہ سنی علامہ فرمائے کہ ہاں نکاح صحیح ہے ہو سکتا ہے اور پھر وہ غریب بوڑھا فوراً کہہ دے کہ اچھا آپ اپنی جوان باکرہ لڑکی کا میرے ساتھ نکاح کر دیں تو کیا وہ علامہ اہلسنت کا فوراً چھوارے منگوا لے گا، اور نکاح کر کے دے گا یا اس بوڑھے جاہل کی بات سن کر منہ پھیرے گا اگر علامہ منہ پھیرے گا تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بوڑھے غریب کا کسی علامہ کی جوان لڑکی سے نکاح صحیح نہیں ہے عالمہ عورت اور جاہل بوڑھے کا نکاح صحیح ہے شریعت نے اجازت دی ہے،

جواب: ہر وہ کام جس کی شریعت اجازت دے ہر آدمی کے لئے اس کا کرنا ضروری نہیں ہے۔

ارباب انصاف۔ اگر کسی عالم کی ماں بیوہ اور بوڑھی ہو اور کوئی مسلمان نوجوان ۲۵ سال کا اس عالم سے مسئلہ پوچھے کہ کیا بوڑھی بیوہ سے نوجوان کا نکاح ہو سکتا ہے اور وہ عالم فرما دے کہ ہاں نکاح ہو سکتا ہے اور پھر وہ نوجوان عرض کرے کہ مولانا تم اپنی بیوہ ماں کا نکاح میرے ساتھ کر دو اور وہ مولانا منہ پھیر لے تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ نکاح حرام ہے سنی مذہب میں حلالہ جائز ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ تمام علماء اہلسنت اپنی بیویوں اور لڑکیوں کے حلالے نکلوائیں سنی مذہب میں لڑکیوں کے ختنے جائز ہیں مگر جواز کا مطلب یہ نہیں ہے کہ تمام سنی علماء اپنی بیویوں اور لڑکیوں کے ختنے کروائیں۔ طلاق جائز ہے مگر جواز کا مطلب یہ نہیں ہے کہ تمام سنی علماء اپنی ازواج کو طلاق دے دیں۔ جواز کا مطلب یہ ہے کہ اگر ضرورت پڑ گئی ہے اور کسی نے حلالہ نکلوایا ہے یا ختنہ کروایا ہے یا طلاق دی ہے تو اس نے گناہ نہیں کیا ہے اسی طرح متعہ حلال اور جائز ہے اور جواز کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی نے متعہ وقت ضرورت کیا ہے تو اس نے زنا نہیں کیا بلکہ حلال کام کیا ہے ابن عمیر بد تمیز اور گستاخ انسان تھا اور وہ دریدہ دہنی پر اتر آیا تھا اس لئے امامؑ نے اس گستاخ سے منہ پھیر لیا تھا۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا نواں گولہ کہ متعہ بے حیا لوگوں کا کام ہے اس بے حیائی سے بچنا ضروری ہے

کتاب اہلسنت حرمت متعہ ص۲۳ از مولوی محمد علی جانباز میں لکھا ہے کہ کتاب شیعہ فروع کافی کتاب النکاح میں لکھا ہے کہ امامؑ نے متعہ کے بارے فرمایا دعوھا اما یستحی احدکم ان یری فی موضع العورۃ فیحمل علی صالح اخوانہ و اصحابہ متعہ چھوڑ دو کیا تمہیں شرم نہیں آتی کہ کوئی شخص عورت کی شرمگاہ کی طرف دیکھے اور اس کا ذکر اپنے ساتھیوں سے کرے اس روایت میں نہ صرف متعہ حرام کیا گیا ہے بلکہ متعہ کا نقشہ کھینچا گیا ہے اور اس سے ثابت ہوا کہ متعہ بے حیاؤں کا فعل ہے۔

جواب: جس چیز کی خدا اور رسولؐ نے اجازت دی ہو اس کو کسی ملاں کا بے حیائی کہنا یہ خدا اور رسولؐ کی توہین ہے

ارباب انصاف۔ اسی رسالہ میں ثبوت کے حساب سے حوالہ جات موجود ہیں کہ صدر اسلام میں خدا اور رسولؐ نے متعہ کی اجازت دی تھی اور یہ ملاں متعہ کو بے حیائی کہتا ہے معلوم ہوا کہ اس ملاں کی نگاہ میں خدا اور رسولؐ نے بے حیائی اور بے غیرتی کی اجازت دی تھی شیعوں سے بغض کی وجہ سے یہ ملاں خدا اور رسولؐ اللہ کی توہین کرتا ہے۔

متعہ کو بے حیائی کہنے والے اپنے مذہب کے ان بے شرموں کی فہرست ملاحظہ کریں جو متعہ کو حلال جانتے تھے

1. علامہ قرطبی عثمانی نے اپنی تفسیر ج۵ ص۱۳۰ میں متعہ کو حلال لکھا ہے۔
2. علامہ ابن کثیر شامی نے اپنی تفسیر ج۱ ص۴۷۴ میں متعہ کو حلال لکھا ہے
3. علامہ ابن عمر بیضاوی نے اپنی تفسیر میں ج۲ ص۹ میں متعہ کو حلال لکھا ہے
4. علامہ فخر رازی نے اپنی تفسیر ج۳ ص۱۹۵ میں متعہ کو حلال لکھا ہے۔
5. علامہ خازن نے اپنی تفسیر ج۱ ص۳۲۵ میں متعہ کو حلال لکھا ہے۔
6. محدث بخاری نے اپنی صحیح بخاری ج۲ ص۷۴ میں متعہ کو حلال لکھا ہے
7. محدث مسلم نے اپنی صحیح مسلم ج۱ ص۴۳۵ میں متعہ کو حلال لکھا ہے۔
8. ابن حجر شارح بخاری نے اپنی فتح الباری ج۹ ص۱۴۳ میں متعہ کو حلال لکھا ہے
9. اور قاضی بدر نے اپنی شرح بخاری عمدۃ القاری ج۸ ص۳۱۰ میں متعہ کو حلال لکھا

اور کتب اہلسنت گواہ ہیں کہ درج ذیل صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین بنت ابی بکر کی طرح متعہ کو حلال جانتے تھے۔

1. عمران بن حصین 2. جابر انصاری 3. عبداللہ بن مسعود۔
4. عبداللہ بن عباس 5. ابو سعید خدری 6. معاویہ بن ابو سفیان
7. زبیر بن عوام 8. اسماء بنت ابوبکر 9. سعید بن جبیر 10. مجاہد۔
11. عطا بن رباح 12. طاؤس 13. ابن جریج۔ اگر متعہ سنایا اس کو جائز کہنا بے حیائی بے غیرتی اور بے شرمی ہے تو ان مذکورہ بزرگان دین کے بارے فیصلہ کرنا سنی بھائیوں کے اپنے ہاتھوں میں ہے

جواب ۲: بقول سنی علماء روایت وہ معتبر ہے جس کی محدث گواہی دے

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ ص۲۶۶ باب ۹ مطاعن ابوبکر طعن ۳، میں لکھا ہے کہ حدیث وہ معتبر ہے جس پر محدثین کی طرف سے صحیح ہونے کا حکم لگایا گیا ہو۔

ارباب انصاف جس حدیث کو متعہ کی حرمت میں پیش کیا گیا ہے اس کے بارے شیعوں کی کتاب شرح کافی مرآۃ العقول ج۲۰ ص۲۸۳ میں لکھا ہے الرابع ضعیف کہ یہ نمبر ۴ حدیث ضعیف ہے۔ نیز یہ حدیث ضعیف روایات صحیحہ جو جواز متعہ پر دلالت کرتی ہیں ان کی مخالف اور متعارض ہے نیز یہ حدیث ضعیف قرآن پاک کی مخالف ہے۔ قرآن پاک میں جس چیز کو اللہ حلال فرما دے اس کو حدیث کس طرح حرام کر سکتی ہے اور محمد علی جانباز نے اس روایت کا ترجمہ غلط کر کے خیانت علمی کا ارتکاب کیا ہے۔ موضع العورۃ کا ترجمہ۔ شرمگاہ کرنا خیانت علمی ہے۔ اس حدیث میں دعوھا صیغہ اسم فعل ہے اور معنی اس کا امر ہے۔ اور یہ ارشاد کے لئے ہے اور اس حدیث سے مراد یہ ہے کہ تم کو ایسے مقام میں دیکھا جائے جہاں تمہارے بھائیوں کے لئے خطرات ہیں اس سے پرہیز کریں غرض یہ ہے کہ سنی احباب متعہ کے برخلاف ہیں لہذا اگر کوئی شیعہ متعہ کرتا ہے تو اس سے اس کو یا اس کے بھائیوں کو اہل سنت اذیت دیں گے پس اذیت سے بچنے کے لئے اگر متعہ نہ کیا جائے تو کیا حرج ہے۔

شیعوں کے خلاف سنیوں کی توپ کا دسواں گولہ کہ متعہ پر اصرار سے اور متعہ زیادہ کرنے سے منع ہے

اہلسنت کی کتاب حرمت متعہ ص۲۳۹ از محمد علی جانباز میں لکھا ہے کہ کتاب شیعہ فروع کافی کتاب النکاح میں حدیث ہے
لا تلحوا علی المتعۃ انما علیکم اقامۃ السنۃ
ترجمہ: متعہ پر اصرار مت کرو صرف سنت بجا لاؤ۔ اور اس میں زیادہ مشغول مت ہو جاؤ۔ تاکہ تم اپنی عورتوں سے ہٹ جاؤ۔ اور وہ پھر متعہ کو جائز کرنے والوں کو لعنت کریں طعن۔ روایت کو ترجمے کے ساتھ لکھنے کے بعد موصوف نے اس طرح جس تحقیق میں گل ریزی فرمائی ہے ص۲۳۹ کہ جو لوگ متعہ کرتے ہیں وہ ملعون ہیں۔ لہذا شیعہ مذہب والے سب ملعون ہیں۔ پھر علامہ حامد جانباز نے تحریر میں آخر ص۲۴۱ میں چیلنج کیا ہے کہ ہمارا دعویٰ ہے کہ ان روایات کا قیامت تک کوئی شیعہ جواب نہیں دے سکتا۔

نوٹ: اب ہم اس اعتراض کی اس طرح دھجیاں بکھیر کرتے ہیں کہ عثمان میڈیکل کالج کے تمام سرجن اس کو ٹانکے لگانے سے عاجزی کا اعتراف کریں

جواب ۱: اگر متعہ کرنے والے لعنتی ہیں تو اس لعنت کا طوق نبی پاکؐ کے زمانہ میں سب سے پہلے ان لوگوں نے گلے میں ڈالا جن کے لئے صدر اسلام میں بقول سنی علماء کے متعہ حلال ہوا۔ اور صحابہ جو تھے وہ بڑے خوش قسمت تھے

اہلسنت کے وہ بزرگ جو متعہ کرنے میں سر فہرست ہیں
۱ جابر انصاری ۲ زبیر اور اسماءؓ ۳ ابن جریج اور معاویہ

حوالہ جات اسی رسالہ میں موجود ہیں کہ صحیح مسلم کتاب النکاح میں جابر صحابی سے مروی ہے کہ ہم نے زمانہ ابوبکر اور زمانہ رسالت میں متعہ کیا ہے۔ سنن الکبریٰ میں امام نسائی نے لکھا ہے کہ اسماء بنت ابی بکر نے برملا اعلان فرمایا کہ زمانہ رسالت میں ہم نے خود متعہ کیا ہے اور معاویہ کا معاشرہ پالیسی سے متعہ کرنا بھی ثابت ہے۔ اور امام اہلسنت ابن جریج کا متعہ کرنا بھی ہے پس اگر متعہ کرنا لعنتی لوگوں کا کام ہے۔ تو مذکورہ لوگوں کا متعہ کرنا ہم نے ثابت کیا۔ اور لعنت کے پھول ان پر برسانے کے بارے میں صحیح فیصلہ کرنا اہلسنت لوگوں کا کام ہے۔ یہ کس طرح کا انصاف ہے کہ متعہ اگر اصحاب کریں تو وہ رضی اللہ عنہ ہیں اور اگر یہ متعہ کوئی دوسرا کرے تو وہ لعنتی ہے اور ایک چھت اور دو ہوائیں کس طرح ہو سکتی ہیں۔

جواب ۲: کتاب اہلسنت حرمت متعہ ص۲۲ میں حسن سہروردی نے اس مذکورہ روایت کو لکھنے کے بعد یہ تسلیم کیا ہے۔ کہ اس روایت میں گو مخالفت کلی نہیں ہے۔ مگر متعہ کے اصرار سے منع ہے۔

ارباب انصاف۔ اس عبارت سے صاف معلوم ہوا کہ متعہ حلال ہے

البتہ اس کو زیادہ کرنے سے منع کیا گیا ہے اور اسی طرح تو جب جماع مضر صحت ہو تو وہ اپنی بیوی سے بھی کرنا منع ہے بلکہ جس نماز پڑھنے سے جان کو خطرہ ہے اس نماز سے بھی منع ہے۔ خلاصہ متعہ حلال ہے البتہ اگر کوئی شخص متعہ کے باعث اپنی بیوی کی حق تلفی کرتا ہے تو یہ درست نہیں ہے۔ جس طرح اگر ایک شخص کی ایک زوجہ ہے اور وہ اس کی حق تلفی کرتا ہے اور پھر دوسری زوجہ کرتا ہے اور اس زوجہ سے جماع کرتا ہے۔ تو یہ جماع زنا نہیں ہے اور اس کا نکاح صحیح ہے اسی طرح ایک بیوی کے ہوتے ہوئے متعہ کرنا یہ زنا نہیں ہے اگر کسی کو کہا جائے کہ گوشت زیادہ نہ کھائیں آم زیادہ نہ کھائیں چینی زیادہ استعمال نہ کریں تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ چیز ہر شخص کے لئے اور ہر حالت میں منع ہیں۔ لاتفعلو صیغہ نہی ہے اور ہمارے فاضل مخاطب اگر ہر نہی کو معنی حرمت پر حمل کرنے کے عادی ہیں تو جناب ابو بکر کے لئے بھی لا تحزن صیغہ نہی کا آیا ہے اس کو بھی حرمت پر حمل کریں۔

جواب ۲۔ فروع کافی کی شرح مراۃ العقول ص۴۸۲ ج۲۰ میں اس حدیث کی بابت لکھا ہے کہ اثالث ضعیف نمبر ۳ حدیث ضعیف ہے ارباب انصاف، جب حدیث کے الفاظ کی دلالت حرمت متعہ پر نہیں ہے اور جس حدیث کو محدث نے ضعیف لکھا ہے۔ اس کو حرمت متعہ کی دلیل بنانا فضلاء اہلسنت کی نادانی ہے یا تجاہل عارفانہ ہے۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا گیارہواں گولہ کہ متعہ عقد فاسد ہے اور کئی برائیوں اور خرابیوں کی بنیاد ہے۔

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ ص۴۲۵ باب ۹ مسائل متعہ میں لکھا ہے بلکہ اگر عاقل اصل متعہ میں غور کرے تو اس کو معلوم ہو جائے کہ اس عقد فاسد میں کس قدر مفاسد ہیں۔ جو سب کے سب شرع کے منافی اور حکم الٰہی کے مخالف اور متضاد ہیں منجملہ ان کی اولاد ہر شہر اور گاؤں میں منتشر ہوگی اور ان کی تربیت اور تدبیر کے لئے اس شخص کا ان کے پاس جانا ممکن نہ ہوگا۔ تو وہ اولاد زنا کی طرح بے تربیت اٹھیں گے۔ اور اگر بالغرض وہ اولاد اناث کی قسم سے ہو تو زیادہ تر رسوائی ہوگی۔ کیونکہ ان کا نکاح ان کے ہمسروں سے کرنا ہرگز ممکن نہیں۔ اور منجملہ ان کی ایک خرابی یہ ہوگی کہ متعہ یا نکاح سے باپ کی وطی کردہ عورت سے وطی کرنے کا اتفاق ہوگا۔ بلکہ بیٹی اور نواسی۔ پوتی، بھتیجی بہن اور بھانجی وغیرہ محارم سے وطی کا موقع ملے گا۔ اور بعض صورتوں میں خصوصاً جبکہ متعہ سفر میں واقع ہوا۔ اور سفر بھی دراز ہو اور ہر ایک منزل میں نئے متعہ کا اتفاق پڑے اور متعہ میں بچہ کا نطفہ قائم ہو جائے اور بعض نطفوں سے لڑکیاں پیدا ہوں، اور یہی شخص پندرہ سال کے بعد اس سفر مراجعت کرے یا اس کا بیٹا اور اس کا بھائی ان منزلوں سے گذرے اور لڑکیوں سے متعہ کرے یا نکاح کرے۔ انتہیٰ۔ ان خرافات کے اب جوابات آپ ملاحظہ فرمادیں

جواب ۱ صحیح بخاری اور مسلم گواہ ہیں کہ متعہ ابتدا اسلام میں حلال ہوا ہے اور تحفہ کے خرافات ان کے خلاف ہیں۔

ارباب انصاف۔ آپ کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر ہم دعوت فکر دیتے ہیں کہ جابر کی روایت مسلم میں اور عبد اللہ بن مسعود کی روایت بخاری میں موجود ہے اور اسی رسالہ میں حوالے ان کے اور الفاظ موجود ہیں کہ متعہ صدر اسلام میں جائز ہوا ہے اور ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ بخاری اور مسلم کی گواہی مطابق رسول اللہ ص کے زمانہ میں متعہ حلال تھا اور صاحب تحفہ کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ متعہ وہ برائی ہے جس کو ایک لحظہ بھر کے لئے حلال نہ سمجھا جائے۔ اب یا تو صاحب تحفہ سچے ہیں اور امام بخاری اور مسلم و دیگر تمام علماء اہلسنت جو ابتداء اسلام میں متعہ کو حلال جانتے تھے یہ سب کذاب اور جھوٹے ہیں اور یا یہ علماء سچے ہیں اور صاحب تحفہ جھوٹا ہے۔ اس بارے صحیح فیصلہ کرنا خود اہلسنت دوستوں کے اپنے ہاتھوں میں صاحب تحفہ کا بالکل متعہ کی حلیت سے انکار کرنا یہ بہت بڑی ان کی دلیری بلکہ بے حیائی ہے۔ کیونکہ امام بخاری اور امام مسلم تو حلیت متعہ کی چند دن کے لئے حدیثیں نقل کرتے ہیں۔ اور صاحب تحفہ ان کو جھٹلاتا ہے۔ یہ بے شرمی نہیں تو اور کیا ہے۔ افسوس ہے

جواب ۲ متعہ میں اختلاف صرف نسخ کا ہے اور صاحب تحفہ کا اس کو عقدِ فاسد کہنا اسلام کے خلاف ان کی بغاوت ہے

ارباب انصاف۔ ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے اور دیانت و انصاف کی رو سے ہم ہر مسلمان کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ اصل متعہ کے ثبوت میں امت کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے اس بات پر اجماع ہے کہ متعہ صدر اسلام میں اور نبی کریم ص کے زمانہ میں حلال اور مباح تھا۔ صاحب تحفہ کا اس کو ص ۲۵۶ میں ان الفاظ کے ساتھ۔ متعہ۔ در یں عقد فاسد چہ مفسد ہا است کہ متعہ عقد فاسد ہے اور اس میں بہت برائیاں ہیں۔ لکھنا ... خدا اور رسول ص پر تنقید ہے۔ قرآن پاک کے خلاف کھلی ہوئی بغاوت ہے۔ اور شریعت پاک کی توہین ہے۔ اور اس تحریر کے بعد صاحب تحفہ کا ایمان مشکوک ہے۔

جواب ۳ اہلسنت اور شیعوں میں صرف متعہ کے نسخ میں اختلاف ہے

اہلسنت فرماتے ہیں کہ متعہ صدر اسلام میں جائز تھا اور بعد میں حرام کر دیا گیا۔ اور منسوخ ہو گیا اور اہل تشیع فرماتے ہیں کہ متعہ حرام نہیں کیا گیا۔ جس طرح رسول اللہ ص کے زمانہ میں متعہ حلال تھا اور ابو بکر کی بیٹی اسماء اور دیگر صحابیات اور اصحاب متعہ کرتے رہے ہیں اسی طرح حلال محمد ص حلال الی یوم القیامۃ کہ یہ قیامت تک حلال ہے اور حرام نہیں ہوا۔

متعہ قیامت تک حلال ہے اور منسوخ نہیں ہوا

اس باب میں چند دلائل ذکر کر کے عالم اسلام کو ہم دعوت فکر دیتے ہیں!

نوٹ: عدم نسخ متعہ کی بحث اسی رسالہ میں حسب ضرورت کچھ مقدار ہو چکی ہے اور مزید تسلی و تشفی کے لئے یہاں بھی ہم کچھ بحث کرتے ہیں اور دوستوں کو ماں کے دودھ کا واسطہ دے کر دعوت فکر دیتے ہیں

دلیل اول: کتاب اہل تشیع نزہتہ اثنا عشریہ در جواب تحفہ۔ ملاحظہ ہو اثنا عشریہ ص ۳۹ ج ۹ مسائل متعہ مؤلفہ مرزا محمد کامل شہید رابع۔ علامہ موصوف نے کتاب نزہۃ ۱۲ جلدوں میں تحفہ کے جواب میں لکھ کر سنیت کے تابوت میں آخری میخ ٹھوک دی ہے۔ علامہ موصوف فرماتے ہیں کہ متعہ منسوخ نہیں ہوا ہے کیونکہ اگر یہ منسوخ ہے تو اس کے ناسخ کا ثبوت تواتر سے معلوم ہو گا یا طریق احاد سے اگر ناسخ کا ثبوت تواتر سے ہوتا تو لازم آتا ہے کہ حضرت علیؑ اور آنجنابؑ کی اولاد اور صحابہ کرام سے عبداللہ بن عباس عمران بن حصین جابر بن عبداللہ اور سلمہ بن اکوع مغیرہ بن شعبہ، معاویہ بن ابی سفیان، ابن جریج، سعید بن جبیر، مجاہد، عطا اور دوسرے صحابہ جو حضرت علیؑ کے اس مسئلہ میں پیروکار تھے لازم آتا کہ وہ ماثبت بالتواتر من دین محمد کے منکر ہوں اور اس انکار سے بزرگان کی اس جماعت کا کفر لازم آتا ہے اور قضیہ شرطیہ کی یہ تالی باطل ہے پس مقدم بھی یعنی متعہ کے ناسخ کا تواتر سے

ثابت ہونا باطل ہے اور اگر ناسخ کا ثبوت بطریق احاد معلوم ہے تو یہ بھی باطل ہے کیونکہ متعہ کا حلال ہونا اجماع تواتر اور یقین سے ثابت ہے لہٰذا اس کا ناسخ بھی یقین سے ثابت ہو۔ اگر ناسخ کو ہم طریق احاد اور گمان سے ثابت کریں تو لازم آئے گا کہ ہم نے گمان کی وجہ سے یقین کو چھوڑا ہے اور یہ درست نہیں ہے۔

نوٹ: امام اہلسنت فخر رازی نے اسی دلیل کو اپنی تفسیر کبیر ج ۳ ص ۱۹۵ آیت متعہ میں ذکر فرمایا ہے اور اس کے جواب دینے سے بعد میں آئیں بائیں شائیں کر کے اپنی عاجزی کا اظہار فرمایا ہے۔

دلیل دوم متعہ کے منسوخ نہ ہونے کی

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ج ۳ کتاب النکاح باب ما یکرہ من التبتل والخصاء: قال عبداللہ کنا نغزو مع رسول اللہ ولیس لنا شئی فقلنا الا نستخصی فنہانا عن ذلک ثم رخص لنا ان ننکح المرأۃ بالثوب ثم قرأ علینا یا ایھا الذین امنوا لا تحرموا طیبات ما احل اللہ لکم ولا تعتدوا ان اللہ لا یحب المعتدین

ترجمہ: عبداللہ بن مسعود کہتا ہے کہ ہم رسول اللہؐ کے ہمراہ جہاد کرتے تھے اور ہمارے ساتھ عورتیں نہ تھیں پس ہم نے عرض کی کہ کیا ہم خصی نہ ہو جائیں پس حضرت نے ہم کو اس فعل سے نہی فرمائی پھر ہم کو متعہ کرنے کی اجازت عطا فرمائی پس ہم میں سے ایک شخص کپڑے کے عوض مدت مقررہ تک نکاح کرتا تھا پھر عبداللہ بن مسعود نے آیہ یا ایھا الذین

.... تلکم تلاوت کیا۔ یعنی اے ایمان والو! جو طیب اور پاکیزہ چیزیں اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے حلال کی ہیں ان کو حرام مت کرو۔

نوٹ: عبداللہ بن مسعود کا نبی پاکؐ کی وفات کے بعد اس طرح متعہ کے حلال ہونے کو بیان کرنا، اس بات کا ثبوت ہے کہ متعہ منسوخ نہیں ہوا اگر متعہ منسوخ ہوتا تو ابن مسعود اس کو بیان کرتا۔ ناسخ کا ہونا اور صحابی کا اس کو بیان نہ کرنا یہ صحابی کی دیانت کے خلاف ہے اور صاحب تحفہ نے اس متعہ کو جس کے منسوخ ہونے میں صرف اختلاف ہے اس کو عقد فاسد اور بالکل حرام لکھ کر خدا اور رسولؐ کے فرمان کی توہین کی ہے۔

دلیل سوم متعہ کے منسوخ نہ ہونے کی یہ ہے کہ وفات رسول اللہؐ کے بعد اصحاب کی ایک جماعت متعہ کو حلال جانتی تھی،

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری ص۱۴۳ ج۹ النکاح میں لکھا ہے کہ بقول ابن حزم وفات رسول اللہؐ کے بعد صحابہ کی یہ جماعت متعہ کو حلال جانتی تھی۔ عبداللہ بن مسعود۔ معاویہ۔ ابوسعید۔ ابن عباس سلمہ۔ معبد۔ عمرو بن حریث اور جابر بن عبداللہ اور فتح الاوطار میں جناب اسماء بنت ابی بکر کا نام بھی مجوزین متعہ میں شامل ہے اور ابن عباس کے بارے فتح الباری ص۱۴۳ ج۹۔ النکاح میں لکھا ہے کہ اس نے زندگی بھر جواز متعہ سے رجوع نہیں کیا ہے۔

بقول اہلسنت اصحاب مثل ستاروں کے ہیں اور جس کی پیروی کریں ہدایت ہے، اور اختلاف امت رحمۃ ہے

ارباب انصاف۔ رسول اللہؐ کی رحلت کے بعد صحابہ کرام کا متعہ کو حلال جانتا اور ابن عباس جیسے جلیل القدر کا اس جواز سے زندگی بھر رجوع نہ کرنا اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ متعہ حلال ہے منسوخ نہیں ہوا اگر منسوخ ہوتا تو یہ صحابہ اس کو نسخ کے بعد حلال نہ جانتے خصوصاً ابن عباس جن کے ابن زبیر سے حلیت کے بارے مناظرے ہوئے اور جب اختلاف امت رحمۃ ہے تو سنی علماء اختلاف در مسئلہ متعہ کو بھی رحمت تصور کریں، خلاصۃ الکلام صاحب تحفہ کا حلیت سے بالکل انکار کرنا اور اس کو عقد فاسد کہنا بہت بڑی ہٹ دھرمی اور بے انصافی ہے نیز اسی رسالہ میں حوالہ جات ص پہ موجود ہیں کہ فقہاء مکہ اور اصحاب ابن عباس و اہل یمن سب متعہ کو حلال جانتے تھے اور اہلسنت کے امام مالک متعہ کو حلال مانتے تھے اور اہلسنت کے امام ابن جریج نے ۷۰ عورتوں سے خود متعہ کیا ہے اور یہ موثق راویوں سے ہیں۔ لیکن یہ سب باتیں اس امر کا ٹھوس ثبوت ہیں کہ متعہ منسوخ نہیں ہے ورنہ لازم آئے گا کہ ابن جریج جیسوں کے امام نے ۷۰ عورتوں سے زنا کیا ہے۔ اور اس قماش کا زانی معتبر راوی کس طرح ہو سکتا ہے۔

حرمت متعہ ثابت کرنے کیلئے صاحب تحفہ کی من گھڑت خرابیاں طلاق کو حرام کرنے کیلئے بھی جاری ہو سکتی ہیں ۔

ارباب انصاف ۔ صاحب تحفہ نے حکم اسلام کے خلاف بغاوت کا علم اٹھایا ہے اور پھر اس بغاوت پر پردہ ڈالنے کے لئے ان خرافات کو سہارا بنایا ہے کہ جن کو ہندو کفار طلاق کی مذمت میں پیش کرتے ہیں اگر شاہ صاحب کے خرافات سے حرمت متعہ ثابت ہوتی ہے تو انہی خرافات سے حرمت طلاق بھی ثابت ہوتی ہے ۔ صاحب تحفہ کے تمام خرافات کے محل کا سہارا ہے ، عورت اور مرد کی جدائی پر ہے کیونکہ نکاح متعہ میں عورت عدت متعہ گذارنے کے بعد عورت مرد سے جدا ہو جاتی ہے اور جس طرح صاحب تحفہ نے شیخ چلی کی طرح فرضیات کی گردان بنائی ہے ، اسی طرح کہا جا سکتا ہے کہ ایک آدمی سفر پر گیا ہے اور بیوی ساتھ نہیں ہے اور اس پر شہوت کا غلبہ ہوا ہے ، تو اس پر نکاح واجب یا سنت ہو گیا اس نے ایک عورت سے نکاح کیا اور چند راتیں وہ اس منکوحہ کے ہمراہ گذار کر پھر اس کو طلاق دے کر چلا گیا ۔ اسی طرح اس نے سال میں بارہ عورتوں سے نکاح کیا اور ان کو طلاق دی لیں طلاق دینا عورت کو حرام ہے کیونکہ اگر طلاق جائز ہو تو لازم آتا ہے ، کہ ان خواتین کی اولاد ۔ مثل اولاد زنا

بے تربیت رہے گی اور نیز اس طلاق سے میراث تقسیم کرنے میں مشکلات پیدا ہوں گی ۔ اور نیز ان خواتین کی طلاق سے یہ خرابی بھی پیدا ہو گی کہ اگر یہ شخص ۱۵ - ۱۷ سال کے بعد اگر اسی راہ سے دوبارہ گزرے اور اسی کو نکاح کی حاجت ہو تو عین ممکن ہے کہ وہ اپنی ہی لڑکی سے نکاح کر بیٹھے ۔ یا اس کا بیٹا یا بھائی وہ اپنی بہن یا بھتیجی سے نکاح کریں اور یہ تمام مصیبت طلاق کے جائز ہونے سے آئی ہے پس ! جس طرح مذکورہ برائیوں کے باعث بقول صاحب تحفہ متعہ حرام ہے ۔ اسی طرح ان برائیوں کے باعث طلاق کو بھی حرام ہونا چاہیئے ۔ اور بقول صاحب تحفہ حرمت متعہ کے لئے رسالہ فوائد القلوب ، ایک محقق سنی کی تصنیف کو ملاحظہ کیا جائے ، اسی طرح تفصیل مذمت طلاق کے لئے ایک رسالہ " ہندو شاعنب " کی تصنیف سے ملاحظہ کیا جائے ، اور صاحب تحفہ کی روحانی اولاد جو صفائی طلاق کے حلال ہونے کی دیں گے ہماری طرف سے حلیت متعہ کے لئے وہ اسی صفائی کو کافی سمجھیں ۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا بارھواں گولہ کہ آیت فما استمتعتم کا متعہ کے بارے نازل ہونا جھوٹ ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۵۹ باب ۹
مسائل متعہ میں حافظ اہلسنت فرماتے ہیں کہ آیت مذکورہ کا متعہ کے بارے نازل ہونا غلط ہے اور اس بابت عبداللہ بن مسعود اور دیگر صحابہ سے روایت کرنا صاف جھوٹ اگرچہ تفاسیر غیر معتبر اہلسنت میں موجود ہیں۔

جواب صاحب تحفہ نے خود جھوٹ بولا ہے اور قرآن پاک میں آیت متعہ کے بارے صحابہ کی گواہی ملاحظہ ہو

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن جلد ۵ صفحہ ۱۶ آیت متعہ۔
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر لفخر رازی صفحہ ۱۹۵ جلد ۳ ب ۵۔
اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری صفحہ ۲۴۸ جلد ۲ تفسیر سورہ بقرہ۔
غرائب القرآن کی عبارت: نزلت آیۃ المتعۃ فی کتاب ولم ینزل بعدھا آیۃ تنسخھا وامرنا بھا رسول اللہ وتمتعنا معہ ومات ولم ینھنا عنھا ثم قال رجل برأیہ ما شاء یرید ان عمر نھی عنھا
ترجمہ: عمران بن حصین صحابی کہتا ہے کہ آیت متعہ قرآن میں نازل ہوئی ہے اور بعد میں کوئی ایسی آیت نہیں اتری جو آیت متعہ کو منسوخ کرے اور نبی پاکؐ نے اسی آیت متعہ پر عمل کرنے کے لئے

ہمیں حکم دیا اور ہم نے ان کے اس حکم کے ساتھ متعہ کیا ہے اور نبی کریمؐ نے متعہ سے منع نہیں کیا حتیٰ کہ آنجناب کی وفات ہوگئی اور پھر عمر نے اپنی رائے سے فرمایا جو کچھ فرمایا۔
تفسیر کبیر کی عبارت: ھذا ھو الحجۃ الحق الشیخ بھا عمران بن حصین حیث قال ان اللہ انزل فی المتعۃ آیۃ ما نسخھا بآیۃ اخری۔
امام رازی فرماتے ہیں کہ عدم منسوخیت متعہ کی وہ دلیل ہے جس کے ساتھ دلیل لایا ہے۔ عمران بن حصین اس نے فرمایا ہے کہ اللہ نے متعہ میں آیت نازل فرمائی ہے اور پھر کوئی ایسی آیت نازل نہیں فرمائی ہے کہ جس کے ساتھ آیت متعہ کو منسوخ فرمایا ہو۔
صحیح بخاری کی عبارت: عن عمران بن حصین قال انزلت آیۃ المتعۃ فی کتاب اللہ ففعلنا ھا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم ینزل قرآن یحرمہ ولم ینہ عنھا حتی مات قال رجل برأیہ ما شاء
ترجمہ: عمران صحابی کہتا ہے کہ آیت متعہ قرآن میں نازل کی گئی ہے اور ہم نے نبی کریمؐ کی اجازت کے ساتھ متعہ کیا ہے اور قرآن میں متعہ کو حرام کرنے والی آیت نہیں آئی حتیٰ کہ نبی کریمؐ نے وفات پائی۔
نوٹ: اہل انصاف مذکورہ تین کتابیں اہلسنت کی معتبر کتابیں ہیں اور عمران بن حصین شیعہ نہیں ہے صحابی ہے اور مثل ستاروں کے ہادی ہے اور گواہی دی ہے کہ آیت متعہ قرآن میں آئی ہے اور اس کی ناسخ آیت نہیں آئی ہے اور یہ امور دلیل کہ صاحب تحفہ کے جھوٹے ہونے کا روشن ثبوت ہیں۔

قاضی بدر کا اعلان کہ حرمت متعہ کی قرآن میں کوئی آیت نہیں ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری ج ۱۳ ص ۸۲ باب غزوہ خیبر
فاکثرھا اصحاب مالک قالوا لا یحد لشبهة العقد وللخلاف المتقدم فیه وانه لیس من تحریم القرآن

ترجمہ: اگر کوئی متعہ کرے تو کیا اس کو سزا دی جائے گی، امام مالک کے زیادہ اصحاب فرماتے ہیں کہ اس کو سزا نہ دی جائے گی کیونکہ اس پر عقد کا شبہ ہے اور نیز جواز متعہ میں اختلاف ہے اور خلاصہ عمدۃ القاری۔ کئی علماء نے متعہ کے جواز پر اجماع کا دعویٰ کیا ہے اور متعہ کا حرام ہونا قرآن سے ثابت نہیں ہے۔

نوٹ: معلوم ہوا کہ حلیت متعہ آیت قرآن سے منسوخ نہیں ہے۔

ابن قیم کا اعلان کہ حرمت متعہ حدیث سے بھی ثابت نہیں ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد جلد ۲ ص ۲۰۶ ذکر فتح مکہ۔

عربی عبارت اسی رسالہ کے ص ۔۔۔ میں گزری ہے کہ اہلسنت کا ایک گروہ یہ کہتا ہے کہ متعہ عمر نے منع کیا ہے اور حرمت متعہ والی احادیث صحیح نہیں ہیں اور اگر وہ فسخ متعہ اور حرمت متعہ والی احادیث صحیح ہوتی تو امام بخاری اپنی صحیح میں ان کو لکھتا اور وہ ابن مسعود پر پوشیدہ نہ ہوتیں اور متعہ زمانہ ابوبکر میں نہ کیا جاتا اور عمر حرمت کی اپنی طرف نسبت نہ دیتا۔

نوٹ: حلیت متعہ قرآن سے ثابت ہے اسی پر اجماع ہے اور حرمت متعہ نہ قرآن سے اور نہ ہی حدیث سے ثابت ہے اور صاحب تحفہ کی تکذیب کے لئے اتنا ہی کافی ہے۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا تیرہواں گولہ کہ آیت مذکورہ کو متعہ پر حمل کرنا نظم قرآن کے خلاف ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص ۲۵ باب ۹ مسائل متعہ
آیت فما استمتعتم کو حلیت متعہ پر حمل کرنا خلاف نظم قرآنی ہے، اور جو تفسیر اس طرح ہو گی اس کی روایت صحابی کرے قبول نہیں ہے

جواب: صاحب تحفہ جناب عمر کا فرمان جھٹلاتا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ج ۳ ص ۱۹۴ آیت فما استمتعتم ان عمر قال علی المنبر متعتان کانتا مشروعتین فی عهد رسول الله وانا انهی عنهما متعة النکاح ومتعة الحج

ترجمہ: حضرت عمر نے کہا کہ منبر پر کہ نبی کریم ص کے زمانہ میں دو متعہ حلال اور شرع میں جائز تھے ایک متعہ نکاح اور دوسرا متعہ حج اور میں ان سے منع کرتا ہوں۔

نوٹ: ۱۷ عدد کتب اہلسنت سے حوالہ جات مذکور ہیں کہ متعہ حلال ہے اور آیت مذکورہ سے مراد متعہ نکاح ہے اور صاحب تحفہ کو یہ ۱۷ سنی علماء اور حضرت عمر اور دیگر صحابہ جھٹلا رہے ہیں۔ نظم قرآن کو صحابہ زیادہ جانتے تھے اور اگر صحابہ کی تفسیر کو نہ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ صحابہ زیادہ جھوٹے تھے اور مثل ستاروں کے نہ تھے عمران صحابی نظم قرآن کو جانتے ہوئے آیت کو متعہ پر حمل کرتا ہے۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا چودھواں گولہ کہ آیت متعہ میں الی اجل مسمی قرأت شاذہ اور منسوخہ ہے۔

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۷۵ باب ۹
سنی مناظر لکھتا ہے کہ آیت فما استمتعتم بہ منہن الی اجل مسمی
میں لفظ الی اجل مسمی قرأت منسوخہ اور شاذہ بغیر احکام قرأت منسوخہ معتبر
نہیں ہے اور آیات قرآنی اس قرأۃ شاذہ کی مخالف ہیں۔

امام ابو حنیفہ امام اعظم کے نزدیک قرأت شاذہ احکام میں معتبر ہے اور صاحب تحفہ کو جھوٹا کرنے کیلئے اتنا ہی کافی ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان جلد ۱ صفحہ ۱۰۳ نوع ۲۲ - ۲۷
اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری کا صفحہ از تشیید المطاعن صفحہ ۱۱۹۶
جواب تحفہ باب المطاعن باب ۹ از مفتی محمد قلی رح
اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری کا صفحہ — منقول از ترجمہ
اثنا عشریہ در جواب تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۳۸۸ ج ۲ از شہید رابع رح
اتقان کی عربی عبارت اسی رسالہ کے صفحہ — میں مذکور ہے اب دوبارہ
عبارت] صرف ترجمہ ملاحظہ۔ قرأت شاذہ پر عمل کرنے میں اختلاف ہے
قاضی ابو طیب اور دیگر علماء نے اس پر عمل کو جائز قرار دیا ہے۔ اور
امام ابو حنیفہ کا بھی یہی مذہب ہے۔ انہوں نے کفارہ یمین کے روزوں
میں وجوب تتابع کا فتویٰ دیا ہے۔ قرأت متتابعات کے باعث

فتح الباری اور عمدۃ القاری } عربی اسی رسالہ کے صفحہ — میں مذکور ہے
کی عبارت ملاحظہ ہو } دوبارہ صرف ترجمہ ملاحظہ ہو۔
جو چیز خبر واحد سے نقل کی جائے اور اسی باب سے ہے قرأت
شاذہ ... جیسے کہ ابن مسعود کا مصحف ان میں اصحاب اصول کا اختلاف
ہے کہ آیا یہ حجت ہیں یا نہیں امام اعظم فرماتے ہیں کہ حجت ہے اور اسی
قرأت شاذہ کی حجیت پر بنا رکھتے ہوئے امام صاحب نے کفارہ
یمین کے روزوں پر وجوب تتابع کا فتویٰ دیا ہے کیونکہ مصحف
ابن مسعود میں ثلثۃ ایام متتابعات منقول ہے۔

امام ابو حنیفہ کے مقابلہ میں صاحب تحفہ کی ایک ٹکا بھی حیثیت نہیں ہے

ارباب انصاف شیعان علی کی یہ فتح مبین ہے کہ صاحب تحفہ ہمارے
مقابلہ میں کچھ اس طرح بد حواس ہوا ہے کہ بچارا اپنے امام اعظم کو
جھٹلاتا ہے۔ امام صاحب فرماتے ہیں کہ قرأت شاذہ حجت ہے
اور آیت متعہ میں الی اجل مسمی کے الفاظ ابن عباس کی روایت
سے ثابت ہیں اور روایت مع ثبوت اسی رسالہ کے صفحہ — میں دیکھی جائے
اور جب یہ الفاظ صحیح روایت سے مروی ہیں اور اگر یہ الفاظ
قرأت شاذہ ہیں تو یہ قرأت امام اعظم کے نزدیک اثبات احکام
میں معتبر ہے کیونکہ امام نے خود اس شاذہ قرأت سے حکم ثابت
کیا ہے۔ پس صحیح روایت کو جھٹلانا اور قرآن پاک کی مخالفت
کرتے ہوئے متعہ کو حرام قرار دینا یہ صاحب تحفہ کی ہٹ
دھرمی اور بے انصافی ہے۔

اگر تسلی نہیں ہوئی تو اور سنیں ابی بن کعب بھی الی اجل مسمی پڑھ کر منکرین متعہ کے دلوں پر چھری مارتا تھا۔

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص۱۹۴ ج۳ ش آیت ا

وروی ان ابی بن کعب کان یقرأ الی اجل مسمی وھذا ایضا ھو قرأۃ ابن عباس والامۃ ما انکروا علیہما فی ھذہ القرأۃ فکان ذالک اجماعا من الامۃ علی صحۃ ھذہ القرأۃ۔

روایت میں ہے کہ صحابی ابی بن کعب آیت متعہ الی اجل مسمی پڑھتا تھا اور یہی قرأت ابن عباس کی تھی اور اس قرأت کے بارے اصحاب نبیؐ نے ان پر کوئی اعتراض نہیں فرمایا پس یہ خاموشی اس قرأت کے صحیح ہونے پر امت مسلمہ کا اجماع ہے۔

نوٹ:۔ اس مذکورہ عبارت کے بعد فوراً امام رازی یہ بھی لکھتے ہیں کہ یہ دلیل اسی طرح ہے کہ جس طرح منکرین متعہ فرماتے ہیں کہ جب عمر نے متعہ منع کیا تو اصحاب خاموش کیوں رہے اصحاب کی خاموشی سے ثابت ہوا کہ متعہ منع ہے۔ پس مجوزین متعہ یہ کہتے ہیں کہ اگر صحابہ کی خاموشی سے حرمت پر اجماع ثابت ہوتا تو صحابہ کی خاموشی متعہ کے حلال ہونے پر بھی اجماع ثابت ہوتا ہے

نوٹ:۔ ارباب انصاف آیت متعہ میں الی اجل مسمی کے الفاظ چونکہ ثابت ہیں اس لئے یہ اسی طرح قرآن ہی ہیں جس طرح باقی قرأت شاذہ کے الفاظ قرآن ہیں اگر یہ قرآن نہ ہوتے تو امام اعظم ان پر بنا رکھتے ہوئے حکم شرعی ثابت نہ کرتے اور صاحب تحفہ کا ان کے قرآن ہونے سے انکار کرنا گویا اپنے امام کے فرمان سے انکار کرنا ہے۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا پندرہواں گولہ کہ الی اجل کا تعلق استمتاع سے ہے نہ کہ عقد سے

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص۲۵۷ باب ۹ مناظرہ اہلسنت فرماتے ہیں کہ آیت متعہ میں الی اجل مسمی استمتاع سے متعلق ہے، عقد سے مربوط نہیں ہے اور معنی یہ ہے کہ آیت کا اگر تم نے اپنی منکوحہ سے لذت حاصل کی ہے ایک مدت تک تو اس کو تمام مہر ادا کرو۔

جواب۱۔ صاحب تحفہ کی اس تحقیق سے ان تمام صحابہ کرام کا جھوٹا ہونا ثابت ہوگیا جو اس آیت متعہ سے نکاح متعہ کو حلال جانتے تھے اور ان میں سرفہرست عمران بن حصین اور ابن عباس ہیں

جواب۲۔ صاحب تحفہ کی اس تحقیق سے ان تمام علمائے اہلسنت کا جھوٹا ہونا ثابت ہوگیا جو اس آیت سے متعہ کو حلال جانتے تھے اور تفاسیر لکھی ہیں۔

جواب۳۔ صاحب تحفہ کی اس تحقیق سے ثابت ہوا کہ تمام صحابہ کرام اور تمام اہلسنت علماء اور عوام جنہوں نے متعہ کیا ہے وہ زناکار ہیں اور ابن جریج جس نے ۷۰ عورتوں سے متعہ کیا ہے وہ تو بہت بڑا زناکار بھی ہوا اور ان کا امام بھی ہوا۔

